★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | بدھ 25 رمضان المبارک 1446ھ، 26 مارچ 2025ء، 12 چیت 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 148

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

گندم اگاؤ انعامی سکیم کے تحت کاشتکاروں کیلئے مفت ٹریکٹرز کی فراہمی

ڈیجیٹل قرعہ اندازی

مریم نواز کی "پنجاب وِیٹ این سینٹیو" پروگرام کے تحت کاشتکاروں کیلئے ایک ہزار مفت ٹریکٹر سکیم کی قرعہ اندازی، بٹن دبا کر "گندم اگاؤ" مفت ٹریکٹر انعامی سکیم کی ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی

پہلا ٹریکٹر بہاولنگر کی خاتون کاشتکار کوثر پروین کا نکلا، وزیراعلیٰ نے جھنگ کے محمد اقبال، منڈی بہاؤالدین کے سلمان احمد کو خود فون کر کے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کے تحت مفت ٹریکٹر نکلنے پر مبارکباد دی

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف "گندم اگاؤ" مہم کے تحت ٹریکٹرز کے لیے قرعہ اندازی کر رہی ہیں

لاہور (خبرنگار) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے "وزیراعلیٰ پنجاب ویٹ این سینٹیو پروگرام" کے تحت گندم کے کاشتکاروں کے لئے ایک ہزار مفت ٹریکٹر سکیم کی قرعہ اندازی کرکے باقاعدہ آغاز کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کاشتکاروں کے لئے مفت ٹریکٹر پروگرام کا بٹن دبا کر "گندم اگاؤ" انعامی سکیم کے لئے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی۔ گندم اگاؤ مہم میں سب سے پہلا ٹریکٹر بہاولنگر کی خاتون کاشتکار کوثر پروین کا نکلا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف خود فون کر کے کامیاب (بقیہ نمبر 12)

وزیراعظم کی مصروفیات کے باعث وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی

وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ملکی سیاسی و معاشی صورتحال سمیت 12 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا جانا تھا

اسلام آباد (خبرنگار) آج ہونے والا وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کا اجلاس وزیر اعظم شہباز شریف کی مصروفیات کے باعث ملتوی کیا (بقیہ نمبر 13)

صارفین کے لیے فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمت میں کمی کا امکان

سی پی پی اے کی جانب سے فروری کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر نیپرا اتھارٹی میں (آج) سماعت

لاہور (این این آئی) صارفین کے لیے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی 30 پیسے فی یونٹ سستی ہونے کا امکان ہے۔ سی پی پی اے کی جانب سے فروری کی ماہانہ (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری کو وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ادارے کی رپورٹ پیش کر رہے ہیں

سائلین نظام انصاف کے بنیادی شراکت دار ہیں، ان سے عزت سے پیش آنا چاہیے

چیف جسٹس

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے مختلف شعبہ جات کے سربراہان کے ساتھ ایک مشاورتی اجلاس میں سپریم کورٹ کے رجسٹرار، ڈی جی فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی، سیکرٹری قانون و انصاف کمیشن کی شرکت

اجلاس میں چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے جاری عدالتی اصلاحات کا جائزہ لیا، چیف جسٹس نے عدالتی طریقہ کار کی ڈیجیٹلائزیشن، احتساب، شفافیت کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ اصلاحات کا مقصد سائلین کو بروقت اور مؤثر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کا مختلف شعبہ جات کے سربراہان کے ساتھ ایک مشاورتی اجلاس ہوا، اجلاس میں سپریم کورٹ کے رجسٹرار، ڈی جی فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی، سیکرٹری قانون و انصاف کمیشن نے شرکت کی۔ اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے جاری عدالتی اصلاحات کا جائزہ لیا، چیف جسٹس نے عدالتی طریقہ کار کی ڈیجیٹلائزیشن، احتساب، شفافیت کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ (بقیہ نمبر 19)

مزدور ملکی ترقی کی ریڑھ کی ہڈی، ان کے بغیر صنعت و زراعت کا پہیہ نہیں چل سکتا، ملک احمد خان

پنجاب میں خصوصی لیبر کورٹس کے قیام کی قانون سازی جلد پنجاب اسمبلی سے جلد از جلد منظور کروایا جائے گا

قائم مقام گورنر کا پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین میں ویلفیئر گرانٹس اور عیدی تقسیم تقریب سے خطاب

لاہور (خبرنگار) پنجاب اسمبلی کی تاریخ میں ایک منفرد نظارہ اس وقت دیکھنے میں آیا جب اس ایوان میں، جہاں ملک کے بڑے بڑے سیاستدان اور اعلیٰ حکومتی شخصیات بیٹھتی ہیں، وہاں عام مزدوروں کو عزت و احترام کے ساتھ مدعو کیا گیا۔ قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین میں ویلفیئر گرانٹس اور عیدی تقسیم کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے کہا کہ مزدور ملکی ترقی کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، اور ان کے بغیر صنعت و زراعت کا پہیہ نہیں چل سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں (بقیہ نمبر 39)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستانی ہمارے معاشرے کا اہم حصہ، داخلے پر پابندی کا تاحال فیصلہ نہیں ہوا، امریکا

صدارتی حکم نامہ کے تحت ویزا پروگرام پر ازسرنو نظر ثانی کی جائیگی، فیصلے کا مقصد امریکا کو غیر ملکی دہشتگردوں سے محفوظ رکھنا ہے

واشنگٹن (خبرنگار) امریکی وزارت خارجہ کی اردو کی ترجمان مارگریٹ میکلاوڈ نے کہا کہ پاکستانیوں پر امریکا میں داخلے پر پابندی سے متعلق ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ امریکی وزارت خارجہ کی اردو کی ترجمان مارگریٹ میکلاوڈ نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے 20 جنوری کو صدارتی حکم نامہ جاری کیا، صدارتی حکم نامہ کے تحت ویزا پروگرام پر ازسرنو نظر ثانی کی جائیگی، فیصلے کا مقصد امریکا کو غیر ملکی دہشتگردوں سے محفوظ رکھنا ہے۔ مارگریٹ میکلاوڈ کا کہنا تھا کہ ویزا پابندیوں سے متعلق ابھی معلومات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے، صدر ٹرمپ نے سٹیٹ یونین سے خطاب میں (بقیہ نمبر 20)

ستھرا پنجاب مہم کامیابی سے جاری ہے' ذیشان رفیق

وزیر بلدیات سے صدر آئل مارکیٹ ایسوسی ایشن محمد عارف کی ملاقات

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ستھرا پنجاب مہم کامیابی سے جاری ہے، عوام بھی اس مہم کی کامیابی کے لئے اپنا کردار ادا کریں، بادامی باغ ایک بڑی مارکیٹ ہے اس کی صفائی کے لئے تاجروں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئل مارکیٹ ایسوسی ایشن کے صدر محمد عارف (بقیہ نمبر 45)

ہماری کئی بار درخواست کے باوجود پی ٹی آئی اجلاس میں نہیں آئی

عظمیٰ بخاری

ملک کو پانی کی کمی کا سامنا ہے مل بیٹھ کر اس کا حل نکالنا ہے، سندھ کا پانی پنجاب کبھی کھا سکتا ہے نہ پی سکتا ہے، لاہور میں میڈیا سے گفتگو

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری اور ترکیہ کے قونصل جنرل تصویری نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور: (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ہماری کئی بار درخواست کے باوجود پی ٹی آئی اجلاس میں نہیں آئی،، بلاول بھٹو اجلاس پی ٹی آئی کو کان سے پکڑ کر لاسکتے ہیں تو لے آئیں۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ ملک کو پانی کی کمی کا سامنا ہے مل بیٹھ کر اس کا حل نکالنا ہے، سندھ کا پانی پنجاب کبھی کھا سکتا ہے نہ پی سکتا ہے۔ انہوں نے کہا مریم نواز عوام کی فلاح و بہبود کیلئے دن رات کام کر رہی ہیں، انہوں نے 30 (بقیہ نمبر 21)

وزیرستان میں ایک اور کنویں سے تیل و گیس کی پیداوار شروع

تیل و گیس کی پیداوار سوئی ناردرن کے سسٹم سے منسلک کر دیا گیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخواہ کے علاقے وزیرستان میں ایک اور کنویں سے تیل و گیس کی پیداوار شروع ہوگئی۔ ماڑی انرجیز کمپنی نے بذریعہ خط پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ شیوا نامی کنویں سے یومیہ 26 ملین میٹرا سٹینڈرڈ کیوبک (بقیہ نمبر 46)

سندھ کی 30 جامعات کے 30 ہزار طلبہ کو سکالرشپ دینے کا اعلان

سکالرشپس ہمارے نوجوانوں کے روشن مستقبل میں سرمایہ کاری ہے، وزیراعلیٰ سندھ

ڈیجیٹل مہارتوں سے سندھ کی سماجی و اقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا

کراچی (خبرنگار) وزیراعلیٰ سندھ نے 30 جامعات کے 30 ہزار طلبہ کو سکالرشپ دینے کا اعلان کر دیا۔ مراد علی شاہ نے 30 ہزار گوگل کیریئر سرٹیفکیٹ سکالرشپس کا افتتاح کیا، وزیراعلیٰ سندھ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ڈیجیٹل تعلیم اور ہنر مندی میں انقلابی اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ کا مزید کہنا تھا کہ سکالرشپس ہمارے نوجوانوں (بقیہ نمبر 41)

جموں و کشمیر متنازعہ علاقہ، بھارت کا اٹوٹ انگ نہیں

پاکستانی مندوب

اقوام متحدہ نے علاقے میں بھارت کی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کو ریکارڈ کیا ہے، سلامتی کونسل میں جواب

اقوام متحدہ کے ہر سرکاری نقشے میں جموں و کشمیر کو متنازعہ علاقہ دکھایا گیا ہے: اجلاس میں اظہار خیال

اقوام متحدہ (خبرنگار) پاکستان نے جموں و کشمیر کے اپنا اٹوٹ انگ ہونے کے بھارتی دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت کو اقوام متحدہ اور عالمی برادری نے تسلیم کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ میں پاکستانی مشن میں قونصلر گل قیصر سروانی نے گزشتہ روز اقوام متحدہ کے امن آپریشنز پر سلامتی کونسل کے اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران بتایا کہ اقوام متحدہ کے ہر سرکاری نقشے میں جموں و کشمیر متنازعہ علاقہ دکھایا گیا ہے۔ پاکستانی مندوب گل قیصر سروانی بھارتی سفیر پروا تھنی ہریش کے اس دعوے پر ردعمل دے رہے (بقیہ نمبر 38)



قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین میں ویلفیئر گرانٹس اور عیدی تقسیم کر رہے ہیں

کشمیری عوام کو حق دلانا سلامتی کونسل کی ذمہ داری ہے، پاکستان

کشمیری عوام سے استصواب رائے کے ذریعے حق خودارادیت کے حصول کا وعدہ کیا گیا' طارق فاطمی کا خطاب

مسئلہ جموں و کشمیر بدستور سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود ہے، بین الاقوامی امن اور سلامتی کی بحالی اس میں کارگر ثابت ہوگی

نیویارک (خبرنگار) پاکستان نے یو این میں کشمیر کے بارے میں قراردادوں پر عملدرآمد پر زور دیا ہے۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی نے سلامتی کونسل میں منعقدہ کھلی بحث میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام سے استصواب رائے کے ذریعے حق خودارادیت کے حصول کا وعدہ کیا گیا۔ طارق فاطمی کا کہنا تھا کہ سلامتی کونسل کی ذمے داری ہے کہ وہ کشمیری عوام کے اس حق کو یقینی بنائے، مسئلہ جموں و کشمیر بدستور سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود ہے، بین الاقوامی امن اور سلامتی کی بحالی اس میں کارگر ثابت ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سلامتی کونسل کی ذمے (بقیہ نمبر 37)

محکمہ خزانہ نے 5 ہسپتالوں کو تنخواہوں، آپریشنل اخراجات کیلئے بجٹ جاری کر دیا

میو ہسپتال کو 1 ارب 80 کروڑ روپے، لیڈی ولنگڈن ہسپتال کو 22 کروڑ 50 لاکھ روپے کا بجٹ فراہم کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ پنجاب نے 5 اہم ہسپتالوں کو تنخواہوں اور آپریشنل اخراجات کے لیے بجٹ جاری کر دیا۔ لیڈی ایچی سن ہسپتال کو 15 کروڑ 30 لاکھ روپے، لیڈی ولنگڈن ہسپتال کو 22 کروڑ 50 لاکھ روپے کا بجٹ فراہم کیا گیا۔ میو ہسپتال کو 1 ارب 80 کروڑ روپے، میاں منشی ہسپتال کو 14 کروڑ 60 لاکھ روپے اور چائلڈ ہیلتھ یونیورسٹی کو 9 کروڑ روپے جاری کر دیے گئے

وفاقی وزیر سید عمران شاہ سے چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام روبینہ خالد ملاقات کر رہی ہیں

بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کا وزیراعلیٰ مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر سروسز ہسپتال کے کالج کا خصوصی دورہ

لاہور (خبرنگار) چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر سروسز ہسپتال کے کالج کا خصوصی دورہ کیا۔ پرنسپل سروسز کالج پروفیسر زہرہ خانم نے ان کا استقبال کیا اور ہسپتال کے بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ بابر علاؤالدین نے صحت بارے خصوصی توجہ دینے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

افطاری اور سحری سے نہیں کام کرنے سے مسائل حل ہوتے ہیں، میئر کراچی

کراچی میں بلا امتیاز و تفریق ترقیاتی کام کرائے جا رہے ہیں، مرتضیٰ وہاب

کامران بھائی اپنے وعدے کے مطابق 100 ارب روپے سندھ حکومت کو دلوائیں، مرتضیٰ وہاب

کراچی (خبرنگار) میئر کراچی مرتضیٰ نے کہا کہ افطاری اور سحری کرنے سے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ ان کے حل کے لئے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میئر کراچی نے کہا کہ پروپیگنڈا کرنے والوں کو کام کے ذریعے جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پیپلز پارٹی بلا تفریق عوام کے مسائل حل کرنے کی کوشش کر رہی (بقیہ نمبر 42)

بی این پی نے گرفتاریوں کیخلاف احتجاجی تحریک کا شیڈول جاری کر دیا

پشاور (خبرنگار) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) نے گرفتاریوں کیخلاف (بقیہ نمبر 28)

نایاب نسل کا ہرن مسافر وین سے ٹکرا کر زخمی، محکمہ وائلڈ لائف نے تحویل میں لے لیا

نارووال (خبرنگار) نایاب نسل کا ہرن سڑک کراس کرتے ہوئے مسافر وین سے ٹکرا کر زخمی ہو گیا جسے محکمہ وائلڈ لائف نے اپنی تحویل میں لے لیا۔

ڈی جی ایف آئی اے کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن ایک روز بعد ہی واپس

عبدالخالق شیخ صرف ڈی جی نیشنل پولیس بیورو ہی رہیں گے، نوٹیفکیشن کی واپسی کا آفس آرڈر جاری

اسلام آباد (خبرنگار) وزارت داخلہ نے عبدالخالق شیخ کی ڈی جی ایف آئی اے تعیناتی کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا۔ وزارت داخلہ نے نوٹیفکیشن کی واپسی کا آفس (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

منشیات کیس میں ملزم ساحر حسن کے خلاف حتمی چالان پیش کرنے کی ہدایت

منشیات کیس میں گرفتار ملزم ساحر کو سینٹرل جیل میں جوڈیشل مجسٹریٹ کے روبرو پیش کیا گیا

کراچی (خبرنگار) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی/سینٹرل جیل میں اداکار ساجد حسن کے بیٹے کے بیٹے ساحر حسین کے خلاف منشیات برآمدگی کیس میں جیل حکام نے ملزم ساحر کو عدالت میں پیش کر دیا جہاں تفتیشی افسر کو پراسیکیوشن کیا اعتراض دور کر کے حتمی چالان پیش کرنیکی ہدایت کر دی۔ کراچی میں جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی سینٹرل جیل میں معروف اداکار کے (بقیہ نمبر 43)

عید کے دنوں میں اشتہاریوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ

ڈکیتی، قتل، دہشتگردی اور سیاسی مقدمات کے اشتہاریوں کی فہرست مرتب کرلی گئی

پولیس، انویسٹی گیشن ونگ اور سی آئی اے کی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں

لاہور (این این آئی) عید الفطر کے دنوں میں پولیس نے اشتہاری ملزمان کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا۔ ڈکیتی، قتل، دہشتگردی اور سیاسی مقدمات کے اشتہاریوں کی فہرست مرتب کرلی گئی ہے اور ان کی گرفتاری کے لیے پولیس نے سخت اقدامات شروع کر دیئے ہیں۔ حکام کے مطابق پولیس، انویسٹی گیشن ونگ اور سی آئی اے کی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں تاکہ

صارفین کے لیے بجلی کی قیمت میں کمی کا امکان

سی پی پی اے نے فروری کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی درخواست دائر کر دی

فروری میں 6 ارب 49 کروڑ 50 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی

اسلام آباد (خبرنگار) صارفین کے لیے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی 30 پیسے فی یونٹ سستی ہونے کا امکان ہے۔ سی پی پی اے نے فروری کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی درخواست دائر کر دی۔ نیپرا اتھارٹی آج بدھ کو درخواست پر سماعت کرے گی۔ درخواست کے مطابق فروری میں 6 ارب 49 کروڑ 50 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی جبکہ بجلی کمپنیوں کو 6 ارب 66 کروڑ 60 لاکھ

فارم 47 کی وزیراعلیٰ مریم نواز رمضان میں بھی فسطائیت سے باز نہیں آ رہیں، بیرسٹر سیف

جعلی راجکماری نے سعودی عرب سے پی ٹی آئی کارکنوں کی گرفتاری کے احکامات دیئے، مشیر اطلاعات

پشاور (خبرنگار) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ جعلی راجکماری سعودی عرب سے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے کارکنوں کی گرفتاری کے احکامات دے رہی تھیں۔ مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے بیان میں کہا کہ پنجاب میں یوم پاکستان منانے پر پی ٹی آئی کارکنوں کی پکڑ دھکڑ قابل مذمت ہے۔ گزشتہ رات مساجد (بقیہ نمبر 44)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کے بہترین علاج معالجے کیلئے پرعزم

رواں سال پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کو علاج کے لئے 04 کروڑ روپے سے زائد فنڈز جاری کر دیئے گئے

لاہور (خبرنگار) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کے بہترین علاج معالجے کیلئے پرعزم ہیں، رواں سال لاہور سمیت مختلف اضلاع میں تعینات پولیس ملازمین کے سپیشل بچوں کو علاج کے لئے 04 کروڑ روپے سے زائد فنڈز جاری کر دیئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق رواں سال 08 بچوں کی کوکلیئر امپلانٹ سرجریز کے لئے 01 کروڑ

مضبوط معیشت اور بہتر خارجہ تعلقات کے بغیر ترقی ممکن نہیں، رانا ثناء اللہ

پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان مضبوط تعلقات باہمی ترقی کے لیے نہایت اہم ہیں اور دونوں ممالک کو تعلیم، تجارت اور سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو بڑھانا چاہیے

سیاسی استحکام اور ترقی لازم و ملزوم ہیں، رانا ثناء اللہ، پاکستانی ادارے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، آسٹریلوی ہائی کمشنر کی ملاقات

اسلام آباد (خبرنگار) وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ سیاسی استحکام اور ترقی لازم و ملزوم ہیں۔ پاکستانی ادارے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ سے آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف قربانیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے امن کے قیام کے لیے بے مثال جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آسٹریلیا پاکستان کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دے گا۔ وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان (بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ مصدق ملک میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

مصطفیٰ عامر قتل کیس: ملزم ارمغان کو 3 مقدمات میں جیل کسٹڈی کر دیا گیا

کراچی (خبرنگار) مصطفیٰ عامر قتل کیس میں کراچی کی انسداد دہشتگردی عدالت نے ملزم ارمغان کو اے وی سی سی کے 3 مقدمات میں جیل کسٹڈی کر دیا۔ عدالت نے تینوں (بقیہ نمبر 35)

حیدرآباد: مریضہ کی خواہش پر بیٹی کا نکاح اسپتال میں ہی کر دیا گیا

حیدرآباد (خبرنگار) سول اسپتال حیدرآباد میں جگر کے مرض میں مبتلا خاتون نسیم کی خواہش پر ان کی بیٹی کا نکاح اسپتال میں کر دیا گیا۔ نکاح کی سادہ تقریب گیسٹرولوجی وارڈ کے (بقیہ نمبر 34)

الیکشن کمیشن کا جمشید دستی کیخلاف اسپیکر ریفرنس پر کارروائی چلانے کا فیصلہ

پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی کی نااہلی سے متعلق کیس کی الیکشن کمیشن میں سماعت ہوئی

جمشید دستی کے خلاف اثاثہ جات میں غلط بیانی پر نااہلی کی درخواستیں دائر کی گئی ہیں

اسلام آباد (خبرنگار) الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کے خلاف اسپیکر ریفرنس پر کارروائی چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کی نااہلی سے متعلق الیکشن کمیشن میں کیس کی سماعت ہوئی۔ ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 4 رکنی کمیشن نے کیس کی سماعت کی۔ جمشید دستی اور درخواست گزار کے وکلا الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ جمشید دستی کے خلاف اثاثہ جات میں غلط بیانی پر نااہلی کی درخواستیں دائر کی گئی ہیں۔ جمشید دستی کی ڈگری بھی جعلی ہے۔ (بقیہ نمبر 33)

وفاقی وزارت داخلہ نے کے پی حکومت سے افغان طلبہ کا ریکارڈ طلب کر لیا

وزارت داخلہ نے تمام افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو 31 مارچ تک پاکستان سے نکلنے کی ہدایت کر رکھی ہے

فارن نیشنل سکیورٹی سیل غیر ملکیوں سے متعلق ڈیش بورڈ کو اپ ڈیٹ کر رہا ہے،

پشاور (خبرنگار) وفاقی وزارت داخلہ نے خیبر پختونخوا حکومت سے افغان طلبہ کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ وفاقی وزارت داخلہ کے فارن نیشنل سکیورٹی سیل نے سیکرٹری داخلہ خیبر پختونخوا کو خط لکھ کر صوبے میں افغان طلبہ کا ریکارڈ طلب کر لیا ہے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ فارن نیشنل سکیورٹی سیل غیر ملکیوں سے متعلق ڈیش بورڈ کو اپ (بقیہ نمبر 32)

ڈی آئی جی کو ایک ہفتے میرے حوالے کریں، ڈمپر حادثہ ہوا تو استعفیٰ دے دوں گا، گورنر سندھ

پی ٹی آئی کو مشورہ دیا کہ وہ ایم کیو ایم میں مکمل طور پر ضم ہو جائے تاکہ سندھ کی سیاست میں مزید استحکام آ سکے، کامران ٹیسوری

عوام کو ٹرک کی بتی کے پیچھے لگایا گیا ہے، جو ہمارے ہی بچوں کو کچل رہا ہے۔ اگر میئر کراچی کو ان کے زیر نگرانی دے دیا جائے تو شہر کی پرانی سڑکیں فوری طور پر بحال کر دی جائیں گی۔

ہم نے حیدرآباد آ کر آئی ٹی کے ٹیسٹ لیے تھے، لیکن پانچ ماہ گزرنے کے باوجود کورسز کی تکمیل میں تاخیر ہو رہی ہے

حیدرآباد (خبرنگار) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کراچی میں ڈمپر مافیا کے خلاف سخت موقف اپناتے ہوئے کہا کہ ڈی آئی جی کراچی کو ایک ہفتے کے لئے میرے حوالے کریں، اگر ایک بھی ڈمپر کا حادثہ ہوا تو گورنر شپ سے استعفیٰ دے دوں گا۔ حیدرآباد میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے مختلف اہم مسائل پر اپنی رائے دی اور شہر کی ترقی کے لئے اقدامات کا اعلان کیا۔ کامران ٹیسوری نے مزید کہا کہ عوام کو ٹرک کی بتی کے پیچھے لگایا گیا ہے، جو ہمارے ہی بچوں کو کچل رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر میئر کراچی کو ان کے زیر نگرانی دے دیا جائے تو شہر کی پرانی سڑکیں فوری طور پر بحال کر دی جائیں گی۔ گورنر سندھ نے پی ٹی آئی کو مشورہ دیا کہ وہ ایم کیو ایم میں مکمل طور پر (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ سے آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز



صوبائی دارالحکومت میں ڈاکوؤں اور چوروں کی عید مہم تیز ہوگئی

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ڈاکوؤں اور چوروں کی عید مہم تیز ہوگئی سرعام وارداتوں پر وارداتیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 330 وارداتیں رپورٹ، پولیس زرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 13 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 14 افراد سے لاکھوں روپے، 2 شہریوں سے موٹرسائیکلیں اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 17 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہوگئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 35 موٹرسائیکلیں، 4 کاریں، 3 دیگر وہیکل، 4 مویشی چوری ہوگئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری 238 وارداتیں رپورٹ ہوئیں،

قیدیوں کی عیدالفطر پر عزیز واقارب سے ملاقات کیلئے ہدایت نامہ جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) قیدیوں کی عیدالفطر پر عزیز واقارب سے ملاقات کیلئے ہدایت نامہ جاری، قیدیوں سے عزیز و اقارب کی ملاقات اور کال کیلئے انتظامات کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ جاری مراسلہ میں کہا گیا کہ عید کے دنوں میں ملاقاتوں کیلئے سپیشل ڈیوٹیاں لگائی جائیں تاکہ اسیر ان کے عزیز واقارب کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اس کے علاوہ کسی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کیلئے سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے جائیں اس حوالے سے انتظامات اور سٹاف ڈیوٹیوں بارے تفصیلات واٹس ایپ گروپ میں شیئر کرنے کا حکم دیا گیا۔ مراسلے می یہ بھی لکھا گیا ہے کہ دوران ملاقات کسی قسم کی بدعنوانی کے امکانات کو مکمل طور پر ختم کیا جائے، سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ و دیگر ڈیوٹی افسر موقع پر شکایات کا ازالہ کریں۔ مزید یہ کہ عید کے ایام میں صبح 8 سے شام 5 بجے تک پی سی او ٹیلیفون کی سہولت میسر ہوگی، مراسلے میں ہوم ڈیپارٹمنٹ، انسپکٹوریٹ ریجنل آفس سے افسران کو انتظامات خود چیک کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے

پنجاب پولیس کیلئے وائرلیس سسٹم کو موثر اور محفوظ بنا دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس کیلئے وائرلیس سسٹم کو موثر اور محفوظ بنا دیا گیا۔ وائرلیس سسٹم پنجاب ایمرجنسی آئی انٹیگریٹڈ ٹیکنالوجی سے منسلک × تمام اضلاع کی پولیس کو جدید ایل ٹی ای ایڈوانس ہینڈ سیٹس فراہم کر دیئے گئے۔ پولیس زرائع کے مطابق لاہور میں 127 سمیت پنجاب بھر میں 1 ہزار 130 جدید ہینڈ سیٹس دیئے گئے جس سے پولیس افسران واہلکار ایک ہی نیٹ ورک پر بغیر کسی رکاوٹ رابطہ کرسکیں گے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 کی کالز اب براہ راست ایس ایچ او کو موصول ہوسکیں گی اس میں پبلک نیٹ ورک پر بھی کال کرنے کی سہولت موجود ہے، یہ ایڈوانس ہینڈ سیٹ آر پی اوز، سی پی اوز، ڈی پی اوز کو ٹیبلٹس، ایل ٹی ای ایڈوانس دیئے گئے ہیں پولیس حکام کا کہن اہے کہ پنجاب ایمرجنسی آئی سسٹم تمام پولیس کنٹرول رومز سے منسلک ہوگا، ایمرجنسی آئی سسٹم میں وائرلیس، ٹیلی فون کی سہولت بیک وقت دستیاب ہوگی۔ سنگین کرائم ہونے پر 4 طرح کے الرٹ ہونے سے ریسپانس ٹائم بھی محفوظ ہوگا، پولیس حکام کا مزید کہنا ہے کہ پنجاب ایمرجنسی آئی محفوظ ترین کیمونیکیشن سسٹم ہے، نیا سسٹم تمام پولیس ایپس، کرائم ڈیٹا اور کیس ہسٹری سے لیس ہے۔

چالان سے بچنے کے لیے ڈرائیورز کی چالاکیاں ایک بار پھر سامنے آئی ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) چالان سے بچنے کے لیے ڈرائیورز کی چالاکیاں ایک بار پھر سامنے آئی ہیں، جب رائیونڈ سے مزدا ڈرائیور کو جعلی پی ایس آئی ڈی استعمال کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مزدا ڈرائیور غلام عباس کو ٹریفک وارڈنز نے تیز رفتاری پر روکا۔ اور ڈرائیور سے لائسنس مانگا تو اس نے چالان کا پی ایس آئی ڈی دکھایا تاہم جب پی ایس آئی ڈی کی تصدیق کی گئی تو وہ جعلی نکلا۔ انچارج ٹریفک سیکٹر نے بتایا کہ ملزم کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست دے دی گئی ہے اور تحقیقات جاری ہیں۔

نصیرآباد پولیس نے گلاب دیوی اسپتال میں بچی سے مبینہ جنسی زیادتی کی کوشش کرنے والا گارڈ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نصیرآباد پولیس نے گلاب دیوی اسپتال میں بچی سے مبینہ جنسی زیادتی کی کوشش کرنے والا گارڈ گرفتار کرلیا بتایا گیا ہے کہ 10 سالہ بچی ہسپتال اوپی ڈی میں چیک اپ کے لیے آئی تھی، اسپتال OPD میں موجود گارڈ ولی خان نے ورغلا کر بچی کو کمرے میں بلایا اور بچی سے زیادتی کی کوشش کی اس دوران بچی کے شور کرنے پر ملزم موقع سے فرار ہوگیا جسے نصیرآباد پولیس نے آدھے گھنٹے میں گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا

شہر میں ٹریفک حادثے سمیت مختلف واقعات میں چار افراد جان کی بازی ہار گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں ٹریفک حادثے سمیت مختلف واقعات میں چار افراد جان کی بازی ہار گئے، ایدھی فاونڈیشن ترجمان کے مطابق شاہدرہ کے علاقے میں تیز رفتار موٹر سائیکل رکشہ نے نانی اور دو بچوں کو کچل دیا جس کے نتیجے میں چار سالہ بچی موقع پر دم توڑ گئی، چار سالہ بچی کی شناخت زینب کے نام سے ہوئی ہے جبکہ زخمیوں کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، دوسرے واقعہ میں نواکوٹ کے علاقہ جھگیاں ناگرہ میں دو روز قبل گرم دودھ سے جھلس کر زخمی ہونے والی دو سالہ بچی کو ہسپتال دم توڑ گئی، بچی شناخت زرناب کے نام سے شناخت ہوئی، ایک اور واقعہ میں ڈیفنس سی کے علاقے میں تیز رفتار ٹرک نے 78 سالہ سکیورٹی گارڈ اسلم کو روڈ کراس کرتے ہوئے کچل دیا۔

لاہور قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی کے پرانے ایوان میں پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین میں تقسیم ویلفیئر گرانٹ تقریب کی صدارت کر رہے ہیں

مزدوروں کے بغیر صنعت وزراعت کا پہیہ نہیں چل سکتا: قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان

پنجاب میں خصوصی لیبر کورٹس کے قیام کی قانون سازی جلد پنجاب اسمبلی سے جلد از جلد منظور کروایا جائے گا۔ قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان

قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان کا پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین میں ویلفیئر گرانٹس اور عیدی تقسیم تقریب سے خطاب



لاہور قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی میں ویلفیئر بورڈ ملازمین میں گرانٹ تقسیم کر رہے ہیں

لاہور (خبرنگار) پنجاب اسمبلی کی تاریخ میں ایک منفرد نظارہ اس وقت دیکھنے میں آیا جب اس ایوان میں، جہاں ملک کے بڑے بڑے سیاستدان اور اعلیٰ حکومتی شخصیات بیٹھتی ہیں، وہاں عام مزدوروں کو عزت و احترام کے ساتھ مدعو کیا گیا۔ قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین میں ویلفیئر گرانٹس اور عیدی تقسیم کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے کہا کہ مزدور ملکی ترقی کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، اور ان کے بغیر صنعت و زراعت کا پہیہ نہیں چل سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں مزدوروں کے مسائل کو نظرانداز کیا جاتا رہا، لیکن موجودہ حکومت ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس موقع پر پنجاب میں خصوصی لیبر کورٹس کے قیام عمل میں لایا جائے تاکہ مزدوروں کو فوری انصاف فراہم کیا جا سکے۔ قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ یہ قانون جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائے گا اور جلد از جلد منظور کروایا جائے گا۔ ملک محمد احمد خان نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی عوام دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت مزدوروں کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے ''ستھرا پنجاب'' منصوبے کو موجودہ حکومت کی بہترین کاوش قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ صوبے میں ترقی اور خوشحالی کی راہ ہموار کرے گا۔ اس موقع پر وزیر کھیل محنت و انسانی وسائل پنجاب فیصل ایوب کھوکھر نے بھی شرکت کی اور کہا کہ گزشتہ حکومت کی نااہلی کے باعث مزدوروں کے واجبات کی ادائیگی میں تاخیر ہوئی، مگر موجودہ حکومت نے 90 دن کے اندر تمام کیسز کلیئر کر دیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر مزدور کو 37 ہزار روپے کی امداد دی جا رہی ہے، اور 1200 سے زائد شکایات کا ازالہ کیا جا چکا ہے۔ تقریب کے دوران ممبر صوبائی اسمبلی امجد علی جاوید نے بھی حکومت کے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے مزدور طبقے کو مستحکم کرنا ضروری ہے۔ آخر میں مزدوروں میں چیکس تقسیم کیے گئے اور انہیں یقین دہانی کرائی گئی کہ حکومت ان کی فلاح وبہبود کے لیے مزید عملی اقدامات کرے گی۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت ٹاؤن شپ دفتر میں پودا لگایا

ایل ڈی اے پلانٹ فار پاکستان مہم میں 2 لاکھ 15 ہزار سے زائد پودے لگا رہا ہے، چند روز میں 40 ہزار سے زائد پودے لگائے، 25 ہزار جیوٹیگ کیے گئے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

لاہور (خبرنگار) وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد اور ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت ٹاؤن شپ دفتر میں پودا لگایا۔ اس موقع پر ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ ایل ڈی اے پلانٹ فار پاکستان مہم میں 2 لاکھ 15 ہزار سے زائد پودے لگا رہا ہے۔ ایل ڈی اے نے گزشتہ چند روز میں 40 ہزار سے زائد پودے لگائے، 25 ہزار جیوٹیگ کیے گئے۔ ایل ڈی اے نے چند روز میں شہریوں میں پندرہ ہزار سے زائد پودے تقسیم بھی کیے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ایل ڈی اے کی شجرکاری کی خصوصی مہم جاری رہے گی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ ایل ڈی اے پرائیویٹ سکیموں کے تعاون سے ڈیڑھ لاکھ سے زائد پودے لگائے گا۔ سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ ماڈل کے تحت واک ویز اور فٹ پاتھ بنائے جا رہے ہیں۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں ماحول دوست اقدامات کو فروغ دے رہے ہیں۔ بعدازاں وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد اور ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے شہریوں میں پودے بھی تقسیم کیے۔ شجرکاری کی خصوصی تقریب کا ایل ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ کی جانب سے کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈی جی ہیڈکوارٹر، ایڈیشنل ڈی جی یو پی، چیف انجینئر ایل ڈی اے، چیف میٹرو پولیٹن پلاننگ، ڈائریکٹر انفورسمنٹ ایل ڈی اے، ڈائریکٹر انوائرمنٹ، ڈائریکٹر ایجوکیشن، ڈائریکٹر کچی آبادیز، ڈائریکٹر ہاؤسنگ 6، ڈپٹی ڈائریکٹر انفورسمنٹ، دیگر افسران اور ایل ڈی اے ورکر یونین کے عہدیداران بھی موجود تھے۔

جنرل ہسپتال شعبہ امراض جلد کے زیر اہتمام فنگس کی بیماری سے متعلق آگاہی واک

حفظان صحت اور جسمانی صفائی فنگس انفیکشن سے محفوظ رکھتی ہے: ایم ایس پروفیسر فریاد حسین

لاہور (خبرنگار) لاہور جنرل ہسپتال شعبہ امراض جلد کے زیر اہتمام فنگس کی بیماری سے متعلق آگاہی، علامات، احتیاطی تدابیر، بچاؤ اور طریقہ علاج بارے عوامی شعور اجاگر کرنے کے لئے واک کا انعقاد کیا گیا جس میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر فریاد حسین، پروفیسر آف ڈرماٹالوجی ڈاکٹر عاطف شہزاد، ڈاکٹر وجیہہ سعید، ڈاکٹر سعدیہ صدیقی، ڈاکٹر ایماء شاہین، ڈاکٹر شائقہ علی اور ڈاکٹر ثمرین رفیع سمیت ہیلتھ پروفیشنلز نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ واک کے شرکاء نے فنگس کی بیماری سے بچاؤ بارے پمفلٹس اٹھا رکھے تھے۔ اس موقع پر پروفیسر عاطف شہزاد اور ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین نے بتایا کہ فنگل انفیکشن سے دنیا بھر میں ہر سال لاکھوں افراد متاثر ہوتے ہیں، یہ پیتھوجینز انسانی جلد، ناخن اور اندرونی اعضاء پر نمودار ہوتے ہیں جس سے تکلیف اور بعض اوقات صحت کے سنگین مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اچھی صحت کو برقرار رکھنے اور پیچیدگیوں کو روکنے کے لیے ان انفیکشنز کی شناخت اور موثر طریقے سے علاج معالجہ کرنا بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے اپنے ماحول کو صاف رکھنے کے ساتھ ساتھ جسم کی صفائی کا بھی خیال رکھا جائے کیونکہ بطور مسلمان دین اسلام میں صفائی کو نصف ایمان قرار دیا گیا ہے جو ہر لحاظ سے انسانی صحت کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ طبی ماہرین کا کہنا تھا کہ فنگل انفیکشن متعدی ہوسکتا ہے جو ایک شخص سے دوسرے شخص کو منتقل بھی ہوسکتا ہے جو جسم کے اندر شروع ہوتا ہے اور تیزی سے دیگر مقامات پر پھیل جاتا ہے۔ طبی ماہرین نے فنگل انفیکشن کی علامات پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ جلد پر خارش یا دانے، سرخ دھبے یا کھچاؤ، بخار یا سردرد، سانس میں مشکلات یا کھانسی، سر میں درد یا تھکاوٹ کی مرض کی اہم علامات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فنگس انفیکشن کا علاج عام طور پر اینٹی فنگل ادویات سے کیا جاتا ہے جو گولیاں یا کریمز کی شکل میں دستیاب ہوتی ہیں اور شدید انفیکشن کی صورت میں ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس بیماری کے بگڑنے کی بنیادی وجہ مستند سکن اسپیشلسٹ کے ڈاکٹر سے علاج کرانے کی بجائے دیسی ٹوٹکوں اور عطائیوں سے رجوع کرنا ہے جس سے معاملات پیچیدہ ہو جاتے ہیں۔ طبی ماہرین نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ جلد کی بیماری سے متعلق سکن سپیشلسٹ سے ہی رابطہ کریں اور غیر معیاری کریموں کے استعمال سے جس حد تک ممکن ہو اجتناب برتیں۔

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ
KNOW
National FUNGAL DISEASES Awareness Month
"WE SAY KNOW FUNGUS"

اوکاڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سجاد مبین نے بابا گرونانک یونیورسٹی میں وی سی کا اضافی عہدہ سنبھال لیا

لاہور (خبرنگار) اوکاڑہ یونیورسٹی میں بطور ریگولر وائس چانسلر تعیناتی کے محض چار ماہ کے بعد بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پہ پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین کو بابا گرونانک یونیورسٹی میں اضافی چارج کی بنیاد پہ چھ ماہ کے لیے وی سی تعینات کر دیا گیا۔ انہوں نے اپنے نئے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ اس موقع پر پروفیسر سجاد مبین نے نئی یونیورسٹی کے تمام حل طلب مسائل کو ترجیحی بنیادوں پہ حل کرنے اور اس ادارے کو خوشحال، منافع بخش اور مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ بابا گرونانک یونیورسٹی کے اساتذہ اور انتظامی عملے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے اپنی انتظامیہ کی جانب سے اوکاڑہ یونیورسٹی میں کیے جانے والے غیر روایتی اقدامات کا ذکر کیا اور بتایا کہ کس طرح ان اقدامات کے نتیجے میں اوکاڑہ یونیورسٹی میں ایک مثبت تبدیلی رونما ہوئی اور وہ تعلیمی و انتظامی بہتری کی راہ پہ گامزن ہوئی۔ انہوں نے بابا گرونانک یونیورسٹی کو بھی اسی طرز پہ چلانے کا عندیہ دیا۔ پروفیسر سجاد مبین نے فیکلٹی کے ایک اجلاس کی بھی صدارت کی اور وہاں پہ جلد از جلد ایم فل پروگرامز اور الائیڈ ہیلتھ کے متعدد شعبہ جات کو شروع کرنے کی ہدایت کی۔ کلاس رومز کے دورے کے دوران وی سی نے طلباء کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل پہ طلباء کو ٹرانسپورٹ کی فراہمی یقینی بنانے کا بھی اعلان کیا۔ وائس چانسلر نے نئے تعمیر ہونے والے واٹر فلٹریشن پلانٹ کا بھی دورہ کیا۔ پروفیسر سجاد مبین نے رجسٹرار مبشر طارق اور انجینئرنگ برانچ کے عملے کے ہمراہ یونیورسٹی کے زیر تعمیر کیمپس کا دورہ کیا اور وہاں پہ کام کی جلد اور موثر تکمیل کے لیے ہدایات جاری کیں۔ اوکاڑہ یونیورسٹی کے ترجمان کے مطابق پروفیسر سجاد مبین اپنی تعیناتی کے دن سے ہی اس ادارے کو معاشی طور پہ مضبوط اور خودکفیل بنانے اور اس کے تعلیمی نظام کو جدید دنیا کی ضروریات کے مطابق ڈھالنے کے لیے کوشاں ہیں۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے انہوں نے ویکنڈ پروگرامز، اسکلز ڈویلپمنٹ کورسز، نئے ڈگری پروگرامز اور انڈسٹری کے ساتھ روابط سمیت دیگر کئی اقدامات کیے ہیں۔ اب وہ بابا گرونانک یونیورسٹی کو بھی اس طرز پہ ترقی اور بہتری کی جانب گامزن کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

یو ایچ ایس کا 60 پوسٹ گریجویٹ کلینیکل پروگرامز کے نصاب میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ

تمام پروگرام مہارتوں پر مبنی بنائے جائیں گے، ریزیڈنسی پروگرامز کی آن لائن پورٹل کے ذریعے مانیٹرنگ ہوگی

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) نے پوسٹ گریجویٹ کلینیکل پروگرامز کے نصاب میں بڑے پیمانے پر تبدیلی کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے یو ایچ ایس کی سپیشلٹی ایڈوائزری کمیٹیوں کے سربراہ اجلاس میں منگل کے روز اہم فیصلے کیے گئے جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور نے کی۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ ایم ڈی، ایم ایس، اور ایم ڈی ایس کے ساتھ ساتھ تمام پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ پروگرامز کو کمپیٹنسی بیسڈ بنایا جائے گا تاکہ طلبہ کو جدید طبی مہارتوں سے لیس کیا جا سکے۔ ہر پروگرام میں طلبہ کے لیے لازمی مہارتیں پہلے سے نصاب میں شامل ہوں گی جس سے ان کی پیشہ ورانہ تربیت مزید موثر ہوگی۔ وائس چانسلر یو ایچ ایس نے ہدایت کی کہ 60 پوسٹ گریجویٹ پروگرامز کے نصاب کو جلد از جلد جدید خطوط پر استوار کیا جائے۔ ان پروگرامز میں 48 ماسٹر ڈگری اور 12 ڈپلومہ پروگرامز شامل ہیں۔ مزید برآں، ریزیڈنٹس کے لیے کلینیکل اسکلز ورکشاپس متعارف کرانے کا فیصلہ بھی کیا گیا تاکہ عملی تربیت کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ پوسٹ گریجویٹ ریزیڈنسی پروگرامز کی مانیٹرنگ یو ایچ ایس کے آن لائن پورٹل کے ذریعے ہوگی جبکہ سپروائزرز کو ادارے کے سربراہ کے ذریعے ہر سہ ماہی پراگریس رپورٹ جمع کرانے کا پابند بنایا جائے گا۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ یہ اقدامات طبی تعلیم کے معیار کو بلند کرنے اور مریضوں کی بہتر دیکھ بھال کے لیے سنگِ میل ثابت ہوں گے۔

صوبائی دارالحکومت کے تھانوں کے فرنٹ ڈیسکس پر 1 لاکھ 46 ہزار سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں

ایف آئی آر کا بروقت اندراج، میرٹ پر تفتیش اور مظلوم کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے تھانوں کے فرنٹ ڈیسکس پر 1 لاکھ 46 ہزار سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق موصول شدہ درخواستوں میں سے 1 لاکھ 6 ہزار سے زائد درخواستوں پر کارروائی مکمل کر لی گئی جس میں سے 39 ہزار 268 درخواستیں حسب ضابطہ کارروائی کرتے ہوئے داخل دفتر کر دی گئیں 1162 درخواستوں پر کارروائی جاری ہے اور نمٹائی جانے والی درخواستوں میں سے 63 ہزار سے زائد درخواستوں پر مقدمات درج کئے گئے اس کے علاوہ گمشدگی رپورٹ کی 1 4 ہزار سے زائد درخواستوں پر بروقت کارروائی کی گئی اس حوالے سے سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کا کہنا ہے کہ ایف آئی آر کا بروقت اندراج، میرٹ پر تفتیش اور مظلوم کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور شہریوں کی شکایات کو ایس او پیز کے مطابق مقررہ ٹائم لائن کے اندر حل کیا جائے جبکہ سپروائزری افسران کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم پر موصول عوامی شکایات کے موثر فالو اپ اور داد رسی کو یقینی بنائیں شہریوں کو ریلیف کی فراہمی لاہور پولیس کا اہم فریضہ ہے۔

عید کے دنوں میں پولیس نے اشتہاری ملزمان کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ

لاہور (کرائم رپورٹر): عید کے دنوں میں پولیس نے اشتہاری ملزمان کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے ڈکیتی، قتل، دہشتگردی اور سیاسی مقدمات کے اشتہاریوں کی فہرست مرتب کرلی گئی ہے اور ان کی گرفتاری کے لیے پولیس نے سخت اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ حکام کے مطابق پولیس، انویسٹی گیشن ونگ اور سی آئی اے کی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں تاکہ مطلوب اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے مو×ثر کارروائیاں کی جاسکیں۔ زرائع کا کہنا ہے کہ پولیس نے روپوش اشتہاریوں کے واپس لوٹنے کے امکانات پر آپریشن تیار کرلیا ہے، جس میں ہیومن انٹیلی جنس کے ذریعے کارروائیاں کی جائیں گی۔ پولیس کی مشترکہ ٹیمیں اشتہاریوں کی ممکنہ پناہ گاہوں اور رہائشوں کی ریکی کریں گی۔ اعلیٰ پولیس افسران کے مطابق ملزمان کے مقدمات کی تفصیل مشترکہ ٹیموں کو فراہم کردی گئی ہے تاکہ گرفتاری کے عمل کو تیز اور موثر بنایا جا سکے۔

یو ای ٹی لاہور میں ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

''مستقبل کی تعمیر کے تناظر میں آرکیٹیکچر انڈرسٹیم اور نینوٹیکنالوجی کا پائیدار فن تعمیر پر اثر'' کے موضوع پر تقریب میں اساتذہ اور طلباء کی شرکت

لاہور (خبرنگار) وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے کہا ہے کہ بین الشعبہ جاتی تحقیق وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آرکیٹیکچر میں نینوٹیکنالوجی ایک ابھرتا ہوا میدان ہے جس میں پائیدار تعمیرات کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کی زبردست صلاحیت موجود ہے۔ وہ فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام یو ای ٹی لاہور کے زیر اہتمام شعبہ آرکیٹیکچر اور کیمسٹری کے باہمی اشتراک سے ××مستقبل کی تعمیر کے تناظر میں آرکیٹیکچر انڈرسٹیم اور نینوٹیکنالوجی کا پائیدار فن تعمیر پر اثر×× کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے تھے۔ ڈاکٹر شاہد منیر کا کہنا تھا کہ مختلف شعبوں کے درمیان خلا کو پُر کرنا اور بین الشعبہ جاتی تحقیق کے ذریعے جدیدیت کی حدود کو آگے بڑھانا انتہائی اہم ہے۔ لہذا عمارات کی طرز تعمیر اور ان کی زیبائش میں ہمارا اسلامی کلچر ماند نہیں پڑنا چاہیے۔ عمارات کی تعمیر ہمارے روایتی اسلامی ثقافت کی طرز پر ہونی چاہیے تاکہ ان میں ہمارے ثقافتی ورثہ کی جھلک نظر آئے۔ انکا کہنا تھا کہ تعمیرات میں میٹریل کے اعتبار سے بھی اسلوب میں تبدیلی آئی ہے انٹیریئر ڈیزائن کے متبادل جدید ذرائع کو بھی زیر استعمال لانا چاہیے۔ ہمیں چاہیے کہ ترقی یافتہ ممالک میں رائج بلڈنگ کنسٹرکشن جن خطوط پر استوار ہے انکو اختیار کریں۔ ورکشاپ کا مقصد نینوٹیکنالوجی اور اس کے پائیدار فن تعمیر پر اثرات کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا، ورکشاپ کے تحت مستقبل کے معماروں اور انجینئرز کو نینوٹیکنالوجی کے فوائد اور اس کے جدید ترین استعمالات کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی گئیں۔ ورکشاپ میں ماہرین نے طلباء سے خطاب کیا اور اپنے تجربات بیان کئے جس کے بعد ایڈوانسڈ نینوٹیکنالوجی ریسرچ لیب شعبہ کیمسٹری اور DoT ریسرچ لیب شعبہ آرکیٹیکچر میں عملی تربیت دی گئی۔ اپنے اختتامی کلمات میں ڈاکٹر شاہد منیر نے پروفیسر ڈاکٹر انیلا انور، انچارج فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام، اور آرکیٹیکٹ قرات العین کو کامیاب ورکشاپ کے انعقاد پر مبارکباد دی۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء کو سرٹیفکیٹس دیے گئے۔

صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد کی ترک قونصل جنرل درمس بستگ سے اہم ملاقات

تعلیمی، تجارتی اور ثقافتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

لاہور (خبرنگار) صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد نے ترک قونصل جنرل درمس بستگ (Durmus Bastug) سے ترک سفارت خانہ لاہور میں اہم ملاقات کی اور دونوں ممالک کے درمیان تعلیم، اقتصادیات اور دیگر شعبوں میں تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد نے کہا کہ پاکستان اور ترکی کے برادرانہ تعلقات پہلے سے کہیں زیادہ مستحکم ہو چکے ہیں اور ہر گزرتے دن کے ساتھ یہ تعلقات مسلسل مضبوط ہو رہے ہیں۔ سابق وزیر نے کہا کہ تجارتی، تعلیمی اور ثقافتی تعاون کے فروغ کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ دونوں ممالک ان سے مستفید ہوسکیں۔ ابراہیم مراد نے مزید کہا کہ پاکستان اور ترکی کی سٹریٹجک شراکت داری کے استحکام کے لیے ہمیں مل کر کام کرنا ہوگا۔ ترک قونصل جنرل درمس بستگ (Durmus Bastug) نے یو ایم ٹی کے صدر ابراہیم حسن مراد کے وژن اور تعلیمی خدمات کی تعریف کرتے ہوئے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک مختلف شعبوں خاص طور پر آئی ٹی میں مشترکہ منصوبوں پر کام کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ بعدازاں ترک قونصل جنرل درمس بستگ نے صدر یو ایم ٹی ابراہیم مراد کو یادگاری سووینئر بھی پیش کیا۔

معاشی استحکام کے لیے بہترین کاروباری ماحول اور اصلاحات ضروری ہیں: لاہور چیمبر

ہمارا مقصد صرف مسائل کو اجاگر کرنا نہیں بلکہ ان کے حل میں عملی کردار ادا کرنا ہے: عہدیداران



لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی نے اپنے اہم اجلاس میں معاشی اصلاحات، کاروباری برادری کو درپیش مسائل اور ان کے عملی حل پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد کے زیر صدارت اجلاس میں ایگزیکٹو کمیٹی نے ایک سازگار کاروباری ماحول کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کاروبار دوست پالیسیوں کے نفاذ پر زور دیا تاکہ معیشت کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔ سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چوہدری اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین بھی اجلاس میں شریک تھے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد نے پیچیدہ ٹیکس نظام، زیادہ ٹیکس شرح اور اہلکاروں کے صوابدیدی اختیارات کو کاروباری ترقی میں بڑی رکاوٹیں قرار دیا۔ انہوں نے ٹیکس سسٹم کو سادہ بنانے، کاروباری شعبہ پر عائد غیر ضروری شرائط کم کرنے اور دستاویزی معیشت کو فروغ دینے کے لیے مراعات کی ضرورت پر زور دیا۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ کاروباری سرگرمیوں میں غیر ضروری حکومتی مداخلت اور ریگولیٹری رکاوٹیں کاروبار کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کاروباری ضوابط میں نرمی، منظوری کے عمل کو ڈیجیٹل کرنے اور غیر ضروری انسپکشنز کو کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کی جا سکے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد نے توانائی کے شعبہ کے لیے طویل المدت منصوبہ بندی، قابل تجدید توانائی میں سرمایہ کاری کرنے اور سستی توانائی کی فراہمی کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا تاکہ صنعتی پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔ اجلاس میں برآمدی صنعت کے فروغ کے لیے برآمد دوست پالیسیاں اپنانے، کلیدی صنعتی شعبوں کو سبسڈی دینے اور تجارتی معاہدوں کو مزید بہتر بنانے کی سفارش کی گئی تاکہ زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ کیا جا سکے۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ معاشی ترقی کے لیے امن و امان ناگزیر ہے اور کاروباری برادری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان مضبوط تعاون کی ضرورت ہے تاکہ تجارتی اور سرمایہ کاری کے ماحول کو محفوظ بنایا جا سکے۔ ایگزیکٹو کمیٹی نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلح افواج اور شہریوں کی قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ ہمارا مقصد صرف مسائل کو اجاگر کرنا نہیں بلکہ ان کے حل میں عملی کردار ادا کرنا ہے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)26مارچ2025ء

کمشنر گوجرانوالہ نے ڈرینج اور پی سی سی سکیم کی منظوری دیدی

ان منصوبوں پر از سر نو مجموعی طور پر 828.1135 ملین روپے اخراجات کا تخمینہ ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ضلع سیالکوٹ کی پبلک ہیلتھ کی سیوریج ،ڈرینج اور پی سی سی کی 2 اور منڈی بہاوالدین کی ایک سکیم کی منظوری دیدی گئی ، ان منصوبوں پر از سر نو مجموعی طور پر 828.1135 ملین روپے اخراجات کا تخمینہ ہے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد عبدالروف، پبلک ہیلتھ کے افسران نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین اور ڈپٹی کمشنر منڈی بہاوالدین ڈاکٹر فیصل سلیم بذریعہ ویڈیو لنک منسلک رہے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ جن سکیموں کی منظوری دی گئی ہے ان میں ضلع سیالکوٹ کی پبلک ہیلتھ کی 5 سکیموں پر 760 ملین روپے خرچ ہونگے، جبکہ منڈی بہاوالدین کی ایک سکیم پر 820.375 ملین روپے خرچ ہونگے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنر نارووال اور ترقیاتی محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی فلاحی منصوبہ جات کی بروقت تکمیل اور کوالٹی میٹریل کا استعمال یقینی بنایا جائے۔

گوجرانوالہ: مہنگائی کا طوفان: مرغی کا گوشت 800 روپے کلو تک پہنچ گیا

رمضان المبارک کے دوران اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) شہر میں مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا، اور عوام شدید مشکلات کا شکار ہو گئے ہیں۔ مرغی کے گوشت کی قیمت آسمان کو چھونے لگی ہے، جو 800 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، جبکہ سبزیاں اور پھل بھی مہنگے داموں فروخت ہو رہے ہیں۔ رمضان المبارک کے دوران اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ بازاروں میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں بھی غریب اور متوسط طبقے کے لیے ایک چیلنج بن چکی ہیں۔ ٹماٹر 250 روپے، آلو 120 روپے، پیاز 180 روپے، جبکہ سیب، کیلے اور دیگر پھل بھی دگنی قیمتوں پر فروخت ہو رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے مہنگائی کنٹرول کرنے کے تمام دعوے بے اثر ثابت ہو رہے ہیں، اور انتظامیہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام نظر آتی ہے۔ ایک شہری کا کہنا تھا کہ" مرغی کا گوشت 800 روپے کلو ہوگیا ہے، سبزیاں اور پھل بھی مہنگے ہو گئے ہیں، عام آدمی جائے تو کہاں جائے؟ ضلعی انتظامیہ کی خاموشی اور عدم توجہی پر شہریوں نے شدید احتجاج کیا ہے اور سوال اٹھایا ہے کہ اگر قیمتیں کنٹرول نہیں کی جا سکتیں تو کم از کم مصنوعی مہنگائی اور منافع خوری پر سخت کارروائی کیوں نہیں کی جا رہی؟ عوامی مطالبہ ہے کہ حکومت اور انتظامیہ فوری طور پر مہنگائی کے خلاف عملی اقدامات کرے، ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور عوام کو رمضان المبارک میں ریلیف فراہم کیا جائے، ورنہ یہ بحران مزید سنگین صورت اختیار کرسکتا ہے۔

پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی ٹیم کی تجاوزات کے خلاف کاروائیاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی ٹیم کی تجاوزات کے خلاف کاروائیاں، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کی زیر نگرانی اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں نے صدر بازار، فیصل آباد روڈ، چرچ روڈ پر عارضی تجاوزات کرنے والے دکانداروں کا سامان قبضے میں لیتے ہوئے ان کو جرمانے عائد کیے، اس موقع پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید نے کہا کہ تجاوزات کرنے والے دکاندار عوام کے لیے دشواری کا باعث ہرگز نہ بنیں اور مقررہ حد تک محدود رہتے ہوئے کاروباری سرگرمیاں سرانجام دیں، تجاوزات کے ذریعے عوام کے لیے مشکلات پیدا کرنے والوں کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

نادار مستحق و مفلس خاندان کی قرض کشائی کرنا بھی نیکی ہے۔ محمد یوسف

اپنے گردونواح میں بے سہارا فیملیز کی چھپ کر کفالت کرنا چاہیے۔ ڈائریکٹر ایئر سیال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) رمضان المبارک کے دوران نیک اعمال و مفلس و نادار لوگوں کی کفالت اور چپکے سے انکا ادھار چکا دینا بھی نیکی ہے۔ پریشان حال لوگوں کی قرض کشائی سے انکی زندگی میں سہولت اور آسانی پیدا ہو سکتی ہے جو پیارے رسول اللہ کی سنت بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول بھی۔ ان باتوں کا اظہار ایئرپورٹ سٹی سیالکوٹ کی انتہائی انسان دوست نرم خو محمد یوسف نے صحافیوں کیساتھ ایک نشست میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ کوشش کر کے حقدار و پریشان حال انسانیت کی چھپ کر امداد کی جائے۔ ہوشربا مہنگائی کے ستائے عام عوام ہمارے اردگرد قرب و جوار میں ہوتے ہیں کئیں بے سہارا فیملیز کیلئے گروسری کے بل ادا کرنے کی سکت نہیں وہ دوکانداروں کے قرضہ سے پریشان ہوتے ہیں ان کی نشاندہی کر کے ان کے بل ادا کر کے چپکے سے انہیں مطلع کرنے سے انہیں سہولت اور صاحب استطاعت کو سکون قلب و ثواب کا حصول ہوتا ہے۔

عالمی یوم جنگلات کے حوالے سے ضلع چنیوٹ میں شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) عالمی یوم جنگلات کے حوالے سے ضلع چنیوٹ میں شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے ڈاکٹر شہباز احمد ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع چنیوٹ، سردار ذوالفقار علی شاہ ایم۔ پی۔ اے کے فارم پر شجر کاری کی گئی۔ تقریب کا اہتمام ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع چنیوٹ ڈاکٹر شہباز احمد نے کیا۔ تقریب میں سید ذوالفقار حیدر شاہ ایم۔ پی۔ اے نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع چنیوٹ، زراعت آفیسر چنیوٹ اور ایگری گریجوایٹس کے علاوہ کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع چنیوٹ نے ماحولیاتی آلودگی اور موسمی تبدیلیوں پر قابو پانے کے لیے شجرکاری کی اہمیت بیان کی۔ مہمان خصوصی نے شریک کاشتکاران کو ترغیب دی۔

غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں کے خلاف کریک ڈاؤن

شرقپور شریف (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ عمران مارتھ کی خصوصی ہدایت پر انٹیلیجنس آفیسر ملک شہباز اعوان اور اسسٹنٹ کمشنر شرقپور نعم اکرم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے شرقپور شریف میں جگہ جگہ کھلنے والی غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ان کو سیل کر دیا اسسٹنٹ کمشنر میڈم نعم اکرم کا اس موقع پر کہنا تھا کہ اس جان لیوا پیٹرول ایجنسیوں کو کھولنے کی اجازت نہیں دے سکتے جو بھی ایسا کرے گا اس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

پاکستان میں پیکا ایکٹ عملاً نافذ ہو چکا ہے: چوہدری امتیاز علی وریا

تہذیب اخلاق و شائستگی کا مظاہرہ کیجئے۔ چوہدری بلال احمد باجوہ

Royal Block

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان ہمارا ملک اور پاکستانی قوم، قومی سلامتی کے ادارے و ریاستی عہدوں پر متمکن شخصیات اور کسی بھی خاص و عام پاکستانی شریف شہریوں کے خلاف فیک، جھوٹی من گھڑت خبر یا خلاف قانون سوشل میڈیا و ملکی وقار کے منافی خبروں کی تشہیر پیکا آرڈیننس کے تحت قابل سزا و جرمانہ جرم تصور ہوگا۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و سماجی شخصیات چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ و سابق سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری بلال احمد باجوہ نے سینئیر میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیکا آرڈیننس عملاً نافذ ہو چکا ہے لوگوں کی پگڑیاں اچھالنا اور ریاستی قومی سلامتی کے اداروں اور ملک و قوم کے دشمنوں کی سہولت کاری قابل تعزیر جرم ہے اس سے اجتناب برتا جائے۔

ظفروال الائیڈ پٹرول پمپ پر ملاوٹ شدہ ہائی آکٹین کی فروخت، گاڑیوں کا انجن متاثر ہونے لگا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) الائیڈ پٹرول پمپ، بخاری چوک مرارہ پر ہائی آکٹین پٹرول میں ملاوٹ کی شکایات سامنے آرہی ہیں، جس کے باعث گاڑیاں جھٹکے کھانے لگی ہیں اور ان کے انجن کی کارکردگی متاثر ہو رہی ہے۔ پیٹرول صارفین کا کہنا ہے کہ نہ صرف غیر معیاری پٹرول فروخت کیا جا رہا ہے بلکہ اسے سرکاری نرخ سے زیادہ قیمت پر بھی بیچا جا رہا ہے عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام، ضلعی انتظامیہ اور آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری کارروائی کرتے ہوئے پٹرول کے معیار اور قیمتوں کو یقینی بنایا جائے۔

عیدالفطر کی خوشیوں میں سفید پوش صحافیوں کی مدد ہمارا فرض ہے: اطہر سلطان مغل؛

مرحوم صحافیوں کے اہلخانہ کیلئے خصوصی عید پیکج کا اہتمام ضروری ہے: جنرل سیکرٹری گلوبل یونین آف جرنلسٹس



گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گلوبل یونین آف جرنلسٹس کے جنرل سیکرٹری مرزا اطہر سلطان مغل نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی کا دور دورہ ہے۔ عوام الناس کی قوت خرید انتہائی کمزور ہو چکی ہے۔ عیدالفطر میں محض چند روز باقی ہیں مگر لوگوں میں عید کی تیاری کی سکت نہیں رہی۔ ایسے حالات میں بطور مسلمان ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے ایسے صحافی بھائیوں کا خیال رکھیں جنہوں نے ابھی تک اپنے اہلخانہ کیلئے ملبوسات اور دیگر لوازمات نہیں خریدے۔ یہ انتہائی دلخراش حقیقت ہے کہ پورا سال خبر کی تلاش میں سرگرداں صحافی عید کے دنوں میں بے دست و پا ہو جاتا ہے اور قرض اٹھا کر اپنے بچوں کی خوشیوں کا خیال کرتا ہے لیکن خود تہی دامن رہ جاتا ہے۔ ہمیں اجتماعی و انفرادی طور پر ایسے ہم پیشہ بھائیوں کا سہارا بننا چاہیے۔ ضروری ہے کہ ہم مختلف ذرائع سے ان کیلئے خریداری کے وسائل تلاش کریں تا کہ یہ عزت و آبرو کے ساتھ بھی عیدالفطر کی خوشیاں منا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ متعدد صحافی حضرات اس دنیا میں نہیں رہے۔ اس ضمن میں ہمارا فرض کہ ہم ذاتی حیثیت میں ان کے اہلخانہ کی خبر گیری کریں ان کی ضروریات کا خیال کریں اور ان کی عید شاپنگ میں ان کا ساتھ دیں۔ اس سے نہ صرف اللہ تعالیٰ راضی ہوگا بلکہ رمضان المبارک کا اصل مقصد بھی پورا ہوگا اور آخرت میں رسول ﷺ کی شفاعت بھی حاصل ہوگی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو پر ایس ڈبلیو ایم کی چھٹیاں منسوخ ہین محمد اقبال سنگھیڑہ

ضلع سیالکوٹ میں جاری اینٹی انکروچمنٹ آپریشنز کامیابی سے ہمکنار ہو رہا ہے: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو، شاہراہوں عیدگاہوں قبرستانوں اور بازاروں میں صفائی و چونا کاری کی جائیگی: اے ڈی سی جی سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو محمد اقبال سنگھیڑا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق عید الفطر پر ایس ڈبلیو ایم سی کے ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں، قبرستانوں اور عیدگاہوں کی خصوصی صفائی کی جائے گی اور اہم شاہرات اور بازاروں کی چونا کاری کی جائے گی اور عید کے ایام میں زیرو ویسٹ پالیسی اپنائی جائے گی، اسی طرح پی ایچ اے اور میونسپل کمیٹیز پبلک پارکس میں گھاس اور پودوں کی تراش خراش اور صفائی کے انتظامات آئندہ تین روز میں مکمل کریں تاکہ شہری کو عید کے تہوار کو بھرپور سے منا سکیں۔ عیدالفطر پر خصوصی انتظامات کو جائزہ لینے کے حوالہ سے اہم انتظامی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو نے کہا کہ ضلع بھر کے تمام محکمہ جات کے سربراہان عیدالفطر سے قبل شہر بھر میں عیدگاہوں، قبرستانوں، شہر کے وسطی و دیگر گلی بازاروں میں صفائی کا عمل مکمل کرا کے چونا کاری کرائیں۔ حکومت پنجاب کی واضع ہدایات کے عین مطابق شہریوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جائینگی۔ اے ڈی سی جی ریونیو نے سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ کو ہدایت کی کہ وہ ٹرانسپورٹ مالکان سے میٹنگ کریں اور مقررہ کرایہ نامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے متحرک انداز میں کاروائی کریں اور جہاں ضرورت پڑے گی پولیس، ٹریفک پولیس اور انتظامیہ ہمہ وقت تعاون کیلئے آن کال ہوگی محمد اقبال سنگھیڑہ نے ضلع کونسل سیالکوٹ، ضلع بھر کی میونسپل کارپوریشن کمیٹیز کے مقامی حکام کو ہدایت کی کہ وہ اسٹریٹس لائٹس کو روشن رکھیں اور اپنی حدود میں ٹریفک کی روانی میں خلل بننے والی تجاوزات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائیں اور عملہ تہہ بازاری کو متحرک رکھیں۔ انہوں نے تمام محکموں کے افسران اپنے دفاتر میں ایمرجنسی ڈیسک قائم کریں جہاں پر ایک ملازم ڈیوٹی پر موجود رہے جو کا رابطہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم سے رہے تا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری کم سے کم وقت میں ریسپانس کیا جا سکے۔ اس ضمن میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم 9250011 فعال کر دیا گیا جو عوام کی سہولت کیلئے بغیر کسی تعطیل کے 24 گھنٹے فعال رہے گا۔ واضع رہے کہ دبنگ و دلیرانہ انداز میں جس طرح گزشتہ کئیں سالوں سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو چوہدری محمد اقبال سنگھیڑہ نے شہریوں کی خدمت کے لئے ضلع سیالکوٹ بھر میں کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ویسا سیالکوٹ کام سیالکوٹ کی تاریخ میں کسی نے نہیں کیا جس پر تمام مکاتب فکر کے عمائدین شہر ان کی پزیرائی اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

''اپنی چھت اپنا گھر پروگرام'' اب تک 25 ہزار سے زائد گھر تعمیر ہو چکے ہیں: بلال یاسین

اس پروگرام کے لیے 10 لاکھ سے زائد افراد نے پورٹل کا وزٹ کیا جبکہ 5 لاکھ افراد نے اپنی چھت اپنا گھر کے لیے درخواستیں جمع کروائیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بلال یاسین نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ''اپنی چھت اپنا گھر پروگرام'' کے تحت اس سال کے آخر تک صوبہ بھر میں ایک لاکھ گھروں کی تعمیر کا ٹارگٹ پورا ہو جائیگا۔ اب تک 25 ہزار سے زائد گھر تعمیر ہو چکے ہیں۔ اس پروگرام کے لیے 10 لاکھ سے زائد افراد نے پورٹل کا وزٹ کیا جبکہ 5 لاکھ افراد نے اپنی چھت اپنا گھر کے لیے درخواستیں جمع کروائیں۔ وزیر اعلیٰ کے عوامی فلاح و بہبود کے اس منصوبے کو انتہائی شفاف اور میرٹ کے تحت مکمل کیا جا رہا ہے اور صوبہ کے عوام میں بلاتفریق قرضے دیئے جا رہے ہیں۔ جس میں نہ تو وزیر اعلیٰ کی مداخلت ہے اور نہ ہی کسی وزیر یا کسی سرکاری آفیسر کی، کیونکہ وزیر اعلیٰ کا ویژن ہے کہ غریب عوام تک انکا حق میرٹ کے تحت پہنچنا چاہیے اور اس میں کسی بھی قسم کے سفارش کلچر اور پسند نا پسند کو مدنظر نہیں رکھا گیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دورہ حافظ آباد کے موقع پر کیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق، اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر بھی انکے ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر نے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت تعمیر ہونے والے گھروں کا اور رمضان سہولت بازار کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر بلال یاسین کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی سربراہی میں حکومت پنجاب صوبہ بھر کے عوام کی سہولت، آسانی اور فلاح و بہبود کے لیے جو اقدامات کر رہی ہے انکی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ رمضان المبارک میں حکومت پنجاب کی جانب سے 30 لاکھ کم آمدنی والے خاندانوں میں 30 ارب روپے کا رمضان پیکج شروع کیا گیا۔ رمضان پیکج کے تحت کم آمدنی والے خاندانوں کو 10 ہزار روپے کی رقم باعزت طریقے سے انکے گھروں تک پہنچائی گئی۔

کامی موٹر سائیکل چور گینگ کے 02 ارکان پولیس کی حراست میں

ملزمان کے قبضہ سے 15 لاکھ روپے مالیتی 17 عدد موٹر سائیکلیں برآمد

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال ڈویژنل بیورو/نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی اعجاز احمد کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ کینٹ سب انسپکٹر شکر اللہ نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کامی موٹر سائیکل چور گینگ کے 02 ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 15 لاکھ روپے مالیتی 17 عدد موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں کامران عرف کامی اور عمر شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ عرصہ دراز سے گوجرانوالہ شہر خصوصاً علاقہ تھانہ کینٹ میں سنسان گلیوں کے باہر کھڑی موٹر سائیکلیں چوری کرتے اور اونے پونے داموں فروخت کر دیتے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں نے مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ ڈکیت اور موٹر سائیکل چور معاشرے کا ناسور ہیں ان کے خلاف بلاامتیاز کاروائیاں جاری رہیں گیں۔ سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ کینٹ اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

ننکانہ صاحب کے تعلیمی اداروں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا سفر تیزی سے جاری

گورنمنٹ ابوالخیر ہائی سکول شاہ کوٹ کو شمسی توانائی پر منتقل کر دیا گیا، 10 ہزار واٹ کا منصوبہ مکمل

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلع بھر کے تمام سرکاری تعلیمی اداروں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا سفر تیزی کے ساتھ جاری ہے اسی سلسلے میں ایک اور اہم پیش رفت کے طور پر گورنمنٹ ابوالخیر ہائی سکول شاہ کوٹ کو بھی شمسی توانائی پر منتقل کر دیا گیا۔ المنائی، اساتذہ اور مقامی افراد کے تعاون سے پانچ لاکھ روپے کی لاگت سے 10 کلو واٹ کا یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچا۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے، اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ شاہ شرافت، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی محترمہ شازیہ بانو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ززاہد جاوید، میاں خالد محمود اور سکول پرنسپل کے ہمراہ بٹن دبا کر سکول کو باضابطہ طور پر شمسی توانائی پر منتقل کیا۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ تسلیم اختر راؤ نے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف سکول کے لیے توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد دے گا بلکہ دیگر تعلیمی اداروں کے لیے ایک مثالی قدم ثابت ہے ہمارا مقصد یہ ہے کہ ضلع ننکانہ صاحب کے تمام سرکاری تعلیمی ادارے جدید سہولیات سے آراستہ ہوں اور طلبہ کو ایک ایسا تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے جہاں وہ بلا کسی رکاوٹ کے اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے والدین، اساتذہ اور طلبہ کو پیغام دیتے ہوئے کہا تعلیم ایک قوم کی ترقی کی بنیاد ہے، اور ہم سب کو مل کر یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم اپنے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں گے۔ اساتذہ کی محنت، والدین کی توجہ اور حکومت کے اقدامات اگر ایک ساتھ آگے بڑھیں تو ننکانہ صاحب کو تعلیمی ترقی کا ایک مثالی ضلع بنایا جا سکتا ہے۔ ہم آنے والے وقت میں مزید سکولوں کو بھی شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں تا کہ مستقبل کے طلبہ کو ایک بہترین تعلیمی ماحول میسر آسکے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی محترمہ شازیہ بانو کا کہنا تھا کہ سرکاری سکولوں میں توانائی کے متبادل ذرائع متعارف کروانے کا مقصد نہ صرف بجلی کی بچت کرنا ہے بلکہ طلبہ کو بلا تعطل تعلیمی ماحول فراہم کرنا بھی ہے۔

کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو کم کر کے معاشرے کو امن کا گہوارہ بنانا ہے: آر پی او

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال ڈویژنل بیورو/نویدہ بخاری قوت بیورو) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے گزشتہ روز تھانہ گکھڑ منڈی اور تھانہ صدر وزیرآباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور شہریوں کے مسائل سنے اور کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان حائل فاصلوں کو کم کر کے نہ صرف انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہے بلکہ معاشرے کو امن کا گہوارہ بھی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری پولیس کی آنکھ اور کان کا کردار ادا کریں اور منشیات فروشی، ناجائز اسلحہ و دیگر جرائم کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے پولیس کا ساتھ دیں۔ آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے شہریوں کے مسائل سنے اور اُنکے حل کے لیے فوری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری کو حق حاصل ہے کہ اپنی شکایت درج کروانے کے لئے جس وقت چاہے ہمارے دفاتر میں آسکے، عوام الناس کے لیے ہمارے دفاتر کے دروازے دن، رات کھلے ہیں۔ وزیرآباد شہر امن پسند لوگوں کا شہر ہے جہاں پر تمام مکاتب فکر کے لوگ آپس میں رواداری اور پیار محبت سے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے کہا کہ عوام اور پولیس کے درمیان حائل فاصلوں کو کم کر کے نہ صرف انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہے بلکہ معاشرے کو امن کا گہوارہ بھی بنانا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کرایہ ناموں پر عملدرآمد کے لیے ٹرانسپورٹرز سے میٹنگ

عیدالفطر کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ کرایہ ناموں پر سو فیصد عمل درآمد یقینی بنایا جائے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کرایہ ناموں پر عملدرآمد کے لیے ٹرانسپورٹرز سے میٹنگ، اسسٹنٹ کمشنر نے ٹرانسپورٹرز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ کرایہ ناموں پر سو فیصد عمل درآمد یقینی بنایا جائے بصورت دیگر ٹرانسپورٹرز سخت کاروائیوں کے لیے تیار رہیں، انہوں نے تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس سلسلہ میں خود ذاتی طور پر نگرانی کریں گے اور کرایہ ناموں پر عمل درآمد نہ کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے گاڑیوں کے مالکان کو بھاری جرمانوں کے ساتھ ساتھ مقدمات کا سامنا کرنا پڑے گا، ٹرانسپورٹرز نے کرایہ ناموں پر عمل درآمد کے سلسلہ میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے عیدالفطر 2025 کے موقع پر شہریوں کو محفوظ اور بلاتعطل سفر فراہم کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے ہیں

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے عیدالفطر 2025 کے موقع پر شہریوں کو محفوظ اور بلاتعطل سفر فراہم کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے ہیں۔ ایس پی موٹروے پولیس عاطف شہزاد نے بیٹ 15 میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ تمام سپروائزری افسران کو اپنی حدود میں موجود رہنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے، جبکہ اضافی پیٹرولنگ گاڑیوں اور جدید آلات کے ساتھ ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل درآمد جاری ہے۔ اس کے علاوہ بس اڈوں اور ٹول پلازوں پر مسافروں کو سیٹ بیلٹ کے استعمال، حد رفتار اور لین ڈسپلن سے متعلق آگاہی فراہم کی جا رہی ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کی ٹی ایچ کیو ہسپتال میں طبی سہولیات کی چیکنگ

مختلف وارڈز میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور مریضوں اور ان کے لواحقین سے طبی سہولیات اور مفت ادویات کی دستیابی بارے دریافت کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کی ٹی ایچ کیو ہسپتال میں طبی سہولیات کی چیکنگ، انہوں نے مختلف وارڈز میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور مریضوں اور ان کے لواحقین سے طبی سہولیات اور مفت ادویات کی دستیابی بارے دریافت کیا، اس موقع پر ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال سمیت ڈاکٹرز و ہسپتال انتظامیہ کے افسران بھی موجود تھے، اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں ہرگز کوتاہی سے کام نہ لیا جائے اور تمام وارڈز میں مریضوں کو بہترین طبی سہولیات اور مفت ادویات فراہم کی جائیں، انہوں نے کہا کہ مددگار کاؤنٹرز پر مریضوں کے لیے سٹیچرز اور ویل چیئرز کے علاوہ عملہ بھی باقاعدگی سے ڈیوٹی سرانجام دے اور مریضوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے، اسسٹنٹ کمشنر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے: ڈپٹی اٹارنی جنرل

قانونی پیشے کے لیے آپ کی لگن اور انصاف اور مساوات کو فروغ دینے کے لیے انکی انتھک کوششوں نے آپ کو یہ اعزاز عطا کیا ہے

ملتان (ذوالفقار علی چوہدری) نوید خلیل چوہدری کی بطور ڈپٹی اٹارنی جنرل اور سردار محمد شہزاد خان دھکڑ کی بطور اسسٹنٹ اٹارنی جنرل کے عہدے پر تعیناتی نیک شگون انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے نوید خلیل چوہدری کی بطور ڈپٹی اٹارنی جنرل اور سردار محمد شہزاد خان دھکڑ کی اسسٹنٹ اٹارنی جنرل کے عہدے پر تقرری احسن اقدام ان خیالات کا اظہار نوید اقبال چوہدری مرکزی نائب صدر پاور آف جرنلسٹس و چیئرمین صدر پریس کلب بہاولپور اور ذوالفقار علی چوہدری سینئر صحافی و مرکزی نائب صدر پاور آف جرنلسٹس نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا اور کہا کہ نوید خلیل چوہدری اور سردار محمد شہزاد خان دھکڑ کی تقرری باوقار اعزاز آپ کی غیر معمولی مہارت، دیانتداری اور انصاف کے اصولوں کو برقرار رکھنے کے عزم کا ثبوت ہے۔ قانونی پیشے کے لیے آپ کی لگن اور انصاف اور مساوات کو فروغ دینے کے لیے انکی انتھک کوششوں نے آپ کو یہ اعزاز عطا کیا ہے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل اور اسسٹنٹ اٹارنی جنرل کے عہدے پر تعیناتی، آپ پاکستان کی عدلیہ کے مستقبل کی تشکیل اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ قائد وکلاء کی اس شاندار کامیابی پر ہم دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں ہماری خواہش ہے کہ آپ اپنی نئی ذمہ داری میں کامیابی اور انصاف کی تکمیل کو جاری رکھیں گے۔

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ورکرز کو عزت دی: ریاض علی قریشی

قیادت پنجاب میں متحرک ہو رہی ہے جس سے پارٹی مضبوط ہوگی: انفرمیشن سیکرٹری

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ورکرز کو عزت دی ہے یہی وجہ ہے کہ بدترین حالات میں کارکن ہمیشہ متحد رہے ہیں بلاول بھٹو کو پنجاب کی سیاست میں دبنگ انٹری پر خوش آمدید کہتے ہیں قیادت کے پنجاب میں ڈیرے اہم ہیں اس سے پنجاب میں پی پی مضبوط ہوگی جیالوں کو مزید متحد کر کے پارٹی کو فعال کیا جائے ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے ڈپٹی انفرمیشن سیکرٹری ریاض علی قریشی نے گورنر ہاؤس میں پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو کی جانب سے رہنماؤں عہدیداروں اور جیالوں کے اعزاز میں منعقدہ افطار ڈنر کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ قیادت پنجاب میں متحرک ہو چکی ہے ایسے حالات میں پاور شیئرنگ فارمولا مزید بہتری لائے گا پیپلز پارٹی حکومت کے ساتھ ہر سطح پر تعاون کر رہی ہے تو پاور شیئرنگ ضرور ہونی چاہیے۔

ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے پولیس دفاتر اور تھانوں سے باہر کھلی کچہریاں لگانے کا سلسلہ جاری

کھلی کچہری میں ایس پی انویسٹی گیشن پاکپتن شاہدہ نورین، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر مہر وسیم افضال، ایس ڈی پی او عارفوالا سرکل ملک طارق جاوید اعوان اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی



عارفوالا (نمائندہ قوت+نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن انصاف عوام کی دہلیز پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے پولیس دفاتر اور تھانوں سے باہر کھلی کچہریاں لگانے کا سلسلہ جاری ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ نے اڈہ چک شفیع علاقہ تھانہ رنگ شاہ، فٹبال گراؤنڈ علاقہ تھانہ سٹی عارفوالا، 75 ای بی علاقہ تھانہ صدر عارفوالا اور جامعہ اسلامیہ علاقہ تھانہ قبولہ میں کھلی کچہریاں لگائیں کھلی کچہری میں ایس پی انویسٹی گیشن پاکپتن شاہدہ نورین، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر مہر وسیم افضال، ایس ڈی پی او عارفوالا سرکل ملک طارق جاوید اعوان اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی ڈی پی او نے کھلی کچہری میں آنے والے درخواست گزاروں کی شکایات سنیں اور انکے مسائل کو ٹائم فریم کے اندر حل کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے انہوں نے کھلی کچہری میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہریاں لگانے کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن پر عوام الناس کو تھانوں کے باہر انکے ڈور سٹیپ پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، قانون کی طرف سے دیئے گئے اختیارات اور ریاست کی طرف سے دیئے گئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے پاکپتن پولیس جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے پاکپتن پولیس ہمہ وقت کوشاں ہے پاکپتن کو تمام قسم کے جرائم سے پاک کیا جائے گا، ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ جرائم پیشہ افراد کی گرفتاری پولیس کی ذمہ داری ہے اور انکی نشاندہی کرنا عوام الناس کا بھی فرض بنتا ہے پاکپتن پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت کوشاں ہے پاکپتن پولیس معمول کی ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں عبادت گاہوں اور بازاروں کی سکیورٹی کے فرائض بھی بخوبی سرانجام دے رہی ہے پاکپتن پولیس کی موثر پولیسنگ کی وجہ سے پہلے کی نسبت جرائم کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن پر پاکپتن ضلع کو ہر قسم کے جرائم سے پاک کیا جائے گا۔

عیدالفطر پر ماڈل ٹاؤن پارک آپریشنل کر دیا جائیگا۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی قیادت میں ماڈل ٹاؤن پارک اگوکی کو انتہائی خوبصورتی سے سجایا گیا ہے آرٹیفیشل اینیملز، پھول، درخت، جھولے، الیکٹرانک جھولے X آرٹیفیشل گھوڑے اونٹ شیر ہاتھی اپنی مثال آپ ہیں بچوں کے لیے خصوصی طور پر سلیپنگ والے جھولے اور پینگیں اور بچوں کے لیے دیگر چیزیں سجائی گئی ہیں عید الفطر کے موقع پر پارک کو تفریح کے لیے کھول دیا جائے گا ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے لیے یہ ایک انمول تحفہ ہے جسے صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے خصوصی طور پر تیار کروایا ہے اس پارک کی مثال اسی وقت دی جا سکتی ہے جب لوگ اس پارک کو آ کر دیکھیں گے کہ کس طرح درختوں کے تنوں کے اوپر آرٹسٹوں کے بہترین نمونوں سے پارک کو سجایا گیا ہے آرٹیفیشل اینیملز کو آرٹسٹوں نے پینٹ کے ذریعے ایک انمول تحفہ بنا دیا ہے پورے پارک میں لائٹس لگائی گئی ہیں بڑے بڑے جھولے اور جمپنگ والے جھولے پارک کی شان کو بڑھا رہے ہیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ بچوں کے لیے اور فیملیز کے لیے دل و جان سے محنت کی ہے تا کہ لوگ زیادہ سے زیادہ اس پارک میں آ کر اپنی ذہنی نشوونما کے ساتھ ساتھ بچوں کی خوشیوں کے لیے انجوائے کر سکیں ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ممبران کے لیے جو نعرہ لگایا ہے۔

آواز II پروگرام کا مقصد شہری اور دیہی علاقوں کی عوام کو معلومات کی فراہمی ہے: محمد عثمان غنی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی سماجی تنظیم بنیاد فاؤنڈیشن کے فلاحی پروگرام'' آواز II'' کے ڈسٹرکٹ منیجر محمد عثمان غنی کا کہنا ہے کہ عوامی فلاح و بہبود اور مسائل کے حل کے لیے شروع کیے جانے والا آواز II پروگرام کا مقصد شہری اور دیہی علاقوں کی عوام کو معلومات کی فراہمی، ان کے حقوق کے تحفظ، اداروں تک با آسانی رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ اس پروگرام کے تحت بالخصوص خواتین کو درپیش مسائل، کم عمری کی شادی، جبری مشقت جیسے مسائل کے حل کے لیے اقدامات اور عوام کو آگاہی اور شعور فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آواز II پروگرام کے ڈسٹرکٹ فورم کے سلسلہ میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ فورم کے اراکین و دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر آواز II پروگرام کے گزشتہ دو ماہ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ منیجر محمد عثمان غنی کا کہنا تھا کہ اس پروگرام کا خاص مقصد کم تعلیم یافتہ اور دور دراز دیہات کے رہائشی ایسے افراد جو دور حاضر کی معلومات تک رسائی نہیں رکھتے انہیں ان کے حقوق، ذمہ داریوں بارے آگاہی فراہم کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈسٹرکٹ فورم کے اراکین دیہی علاقوں کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے ان میں باہمی روابط کو بہتر بناتے ہوئے انہیں انکے حقوق اور معلومات کو باہم پہنچانے کا کام کر رہے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ ڈسٹرکٹ فورم کا مقصد تمام مذاہب کے افراد میں باہمی رواداری، امن و امان اور بھائی چارہ کے فروغ کے لیے بھی اپنی خدمات اور فرائض کو یقینی بنانے رہے ہیں۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستان کی کہانی، ایک تصویر کی زبانی

پاکستان کے علاوہ دنیا بھر میں پاکستانیوں نے یوم قرار داد پاکستان جوش وخروش سے منایا۔ صدر مملکت آصف زرداری نے ایوان صدر اسلام آباد میں ایک پر وقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کی پالیسی کو مختصر اور جامع انداز میں بیان کیا۔ اگرچہ صدر زرداری کو تقریر پڑھنے میں اور سننے والوں کو سمجھنے میں دشواری کا سامنا تھا۔ اس ضعف اور لکنت کی وجہ سے بجا طور سے یہ سوال اٹھایا جائے گا کہ کیا معذوری کے اس عالم میں کسی شخص کو ایسے عہدے پر فائز رہنا چاہیے جو دنیا بھر میں ملک کی پہچان ہے؟ تاہم اس کے باوجود صدر زرداری نے جو باتیں کی ہیں، ان میں پاکستانی حکومت کے عزائم، قومی اور بین الاقوامی معاملات میں حکمت عملی اور مشکلات کے باوجود آگے بڑھنے کے حوصلے کا پیغام دیا گیا ہے۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جس کے کسی پہلو سے انکار ممکن نہیں ہے۔ پاکستان خوش حال ہونا چاہتا ہے۔ اپنے نوجوانوں کو باوقار اور باعزت زندگی دینا چاہتا ہے، دہشت گردی کا خاتمہ قومی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔ اس کے علاوہ کشمیر اور فلسطین کے لیے پاکستان کی پالیسی غیر متزلزل ہے۔ یہ باتیں روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔ حکومتی عہدیدار مختلف طریقوں سے ان عزائم کا اظہار کرتے رہتے ہیں بلکہ جوں جوں ملک میں تشدد اور شدت پسندی کے واقعات میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، اسی رفتار سے آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے بیانات میں بھی قومی جوش وخروش کا اظہار دیکھنے میں آتا رہا ہے۔ پاک فوج کی طرف سے جو وعدے قوم سے کیے جاتے رہے ہیں، ان میں دہشت گردی ختم کرنے کے علاوہ معاشی ترقی کا خواب پورا کرنے کا عزم سرفہرست ہے۔ بلکہ جنرل عاصم منیر نے تو یہ اعلان بھی کر رکھا ہے کہ جلد یا بدیر مقبوضہ کشمیر بہر صورت پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا۔ سیاسی وابستگی اور فوج سے اختلافات کی بنا پر بہت سے لوگ آرمی چیف کی باتوں سے اختلاف بھی کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود جن قومی ترجیحات کا ذکر صدر آصف زرداری کی تقریر میں سنا گیا اور جس کی گونج دیگر بیانات میں بھی سنائی دیتی ہے، ان سے بنیادی اختلاف موجود نہیں ہے۔ یعنی کوئی سیاسی پارٹی ملک میں تشدد کی سیاست یا دہشت گردی کو جائز قرار نہیں دیتی، کوئی ملکی آئین کو مسترد نہیں کرتا۔ اسی طرح کشمیر اور فلسطین، حتیٰ کہ بھارت کے بارے میں پاکستان کی موجودہ پالیسی سے کوئی خاص اختلاف دیکھنے میں نہیں آتا۔ افغانستان کے حوالے سے پالیسی اختلاف ضرور دیکھنے میں آ رہا ہے لیکن یہ اختلاف بھی معاملات کی ایک طرفہ تفہیم کا شاخسانہ محسوس ہوتا ہے۔

تحریک انصاف افغانستان کو اسلامی برادر ملک کہتے ہوئے اس سے تعلقات خراب کرنا نہیں چاہتی۔ خیبر پختون خوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور نے گزشتہ دنوں اسی حوالے سے پیش کش کی کہ مجھے یہ کام سونپا جائے تو میں اسے بات چیت کے ذریعے حل کرا دوں گا۔ البتہ دوسری طرف حکومت یا اس کے کسی نمائندے نے کبھی افغانستان کے بارے میں کوئی نازیبا بات نہیں کی۔ افغانستان سے پاکستان کے خلاف ہونے والی دہشت گردی کے باوجود حکومت مسلسل کابل حکومت کے ساتھ سفارتی طریقے سے معاملات طے کرنے کی ضرورت پر زور دیتی ہے۔ علی امین گنڈا پور ملک کے ایک صوبے کے وزیر اعلیٰ ہیں اور اس حیثیت میں تمام قومی فیصلہ ساز اداروں کا حصہ ہیں۔ وہ اگر افغانستان کے بارے میں قومی پالیسی کو 'غلط' قرار دیتے ہیں تو اسے ان کی سیاسی مجبوری اور تحریک انصاف کے ساتھ وابستگی کا نتیجہ سمجھنا چاہیے۔ اصولی طور سے علی امین گنڈا پور اور شہباز شریف کی حکومت ایک ہی بات کرتے ہیں کہ 'آیئے مل بیٹھ کر مسائل حل کریں'۔ اس بڑے فریم کے اندر رہ کر اگر کوئی پارٹی کسی طرح کا کوئی اختلاف کرتی ہے تو یہ زیادہ اہم نہیں ہو سکتا۔ صدر مملکت کے ارشادات پر غور کیا جائے، وزیر اعظم یا آرمی چیف کی باتوں کو سنا جائے یا سرکار کی طرف سے فراہم کردہ معلومات پر سر دھنا جائے تو یہی تسلی ہوتی ہے کہ ملک ترقی کی راہ پر تیزی سے آگے بڑھنے لگا ہے، دیوالیہ ہوتی معیشت کو سنبھال لیا گیا ہے

یومِ پاکستان اور قوم کا اصل پیغام

23 مارچ کا دن پاکستان کی تاریخ میں ایک ایسا درخشاں سنگِ میل ہے جو نہ صرف ایک نئے عہد کی نوید لایا بلکہ برصغیر کے مسلمانوں کی اجتماعی سوچ، قربانیوں اور جدوجہد کا عکاس بن کر ابھرا۔ یہی وہ تاریخی دن ہے جب 1940ء میں لاہور کے منٹو پارک (موجودہ اقبال پارک) میں آل انڈیا مسلم لیگ کے عظیم الشان اجلاس میں ایک ایسی قرارداد پیش کی گئی جس نے ملتِ اسلامیہ ہند کے لیے ایک الگ ریاست کی بنیاد رکھ دی۔ یہ قرارداد بعد ازاں "قراردادِ پاکستان" کے نام سے تاریخ کا حصہ بنی۔

03135785799
dr.za.chaudhary@gmail.com
ڈاکٹر زاہد عباس چوہدری

یہ قرارداد مولوی فضل الحق نے پیش کی، مگر اس کے پیچھے قائداعظم محمد علی جناح کی پختہ قیادت، سیاسی بصیرت اور عزمِ راسخ نے قوم کو نئی سمت دی۔ اس قرارداد نے دنیا کو یہ پیغام دیا کہ برصغیر کے مسلمان ایک جداگانہ تہذیب، دین، ثقافت اور طرزِ زندگی کے حامل ایک علیحدہ قوم ہیں، جن کا مستقبل صرف ایک خودمختار ریاست میں ہی محفوظ ہو سکتا ہے۔ یہ محض ایک قرارداد نہیں تھی، بلکہ ایک خواب تھا جو سات سال کے قلیل عرصے میں ایک عظیم حقیقت میں بدل گیا۔ قائداعظم کی قیادت اور قوم کے جذبے سے 14 اگست 1947 کو پاکستان ایک آزاد اسلامی ریاست کی صورت میں دنیا کے نقشے پر نمودار ہوا، ایک ایسا وطن جس کی بنیاد صرف زمین کے ایک ٹکڑے پر نہیں بلکہ ایک عظیم نظریے پر رکھی گئی۔

ہر سال 23 مارچ کو یہ دن قوم کو اس نظریے کی یاد دلاتا ہے جس کی خاطر لاکھوں افراد نے قربانیاں دیں۔ ملک بھر میں اس دن کی مناسبت سے قومی جوش و جذبے سے سرشار تقریبات کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والی شاندار فوجی پریڈ، مسلح افواج کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ ہوتی ہے۔ تعلیمی ادارے، سرکاری و نجی تنظیمیں، اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد ملی نغموں، تقریری مقابلوں اور ثقافتی پروگراموں کے ذریعے اس دن کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں۔

23 مارچ محض ایک تاریخی واقعہ نہیں، بلکہ یہ ہمیں ہماری اصل پہچان، قومی وحدت، اور نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کا سبق دیتا ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اگر ہم اتحاد، یقین اور قربانی کا جذبہ زندہ رکھیں، تو کوئی طاقت ہمیں ترقی کی راہ سے نہیں ہٹا سکتی۔

پاکستان صرف ایک ملک نہیں، بلکہ ایک مشن ہے — ایک ایسا عہد جو ہمیں اپنے اسلاف کی قربانیوں کا امین بناتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے اعمال، کردار اور فکر سے اس وطن کی نظریاتی بنیاد کو مضبوط کریں۔ یہی یومِ پاکستان کا اصل پیغام ہے:

"ایک زندہ، خوددار، باوقار اور ترقی یافتہ قوم بننے کا عہد!"

فلسطین اور ایٹمی پاکستان

بہت ہی کرب کے ساتھ میرا قلم یہ کالم لکھ رہا ہے دنیا بھر کے مسلمانوں پر جو اس وقت قیامت صغریٰ برپا کی گئی ہے اس کی مثال تو اج سے 1400 سال پہلے بھی نہیں ملتی جب مسلمان کفار کے ظلم وستم کے اگے نہ تو کبھی جھکے اور نہ ہی خاموشی اختیار کی بلکہ اللہ کے حکم کے مطابق جہاد فی سبیل اللہ ہی کو ترجیح دی کفار کے خلاف ہمیشہ اسلام کا پرچم بلند رہا فتح مکہ ہو یا کوئی اور بھی غزوہ مسلمانوں نے کفار پر فتح حاصل کر کے ان کے بچوں اور خواتین پر کبھی بھی ظلم نہیں کیا

فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اب تمام کفار جو اس وقت مکہ میں قیام پذیر ہیں ان کو امن کا پیغام ہے ان پر کوئی ظلم وستم نہیں کیا جائے گا اس کی مثال آج بھی فلسطین کے مسلمانوں نے زندہ کر رکھی ہے جب اسرائیل کے جنگی قیدیوں کو واپس کیا گیا تو ان کے ہر اس جنگی قیدی کا بیان تھا کہ اسلام اور مسلمان ایک عظیم دین اور قوم ہے ان کے جنگی قیدیوں کے ساتھ بھی وہی حسن سلوک رکھا گیا جو میرے نبی نے ہمیشہ کفار کے ساتھ رکھا لیکن اسرائیل جو ایک متنازہ علاقہ ہے غزہ پر جنگ بندی کے اعلان کے باوجود روزانہ کی بنیاد پر بمباری کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے نہتے شہریوں پر جو اپنی افطاری سحری بنانے میں مصروف ہوتے ہیں ان پر وحشیانہ بمباری کرنا اور معصوم شہریوں کو شہید کرنا امت مسلمہ کے لیے ایک لمحہ فکریہ ہے شام لبنان فلسطین عراق کے ساتھ ساتھ پاکستان پر بھی دہشت گردی کی دہشت گردی کی جا رہی ہے شام کو مکمل تباہ ایران کو مکمل تباہ برباد کر دیا گیا ہے اور افسوس کا مقام ہے کہ فلسطین میں بھی نسل کشی کی جا رہی ہے اور عالمی طاقتیں اور مسلم ممالک بھی اس ظلم پر ایسے خاموش ہیں جیسے اپنی باری کا انتظار کر رہے ہوں چند سال پہلے میرا ایک کالم اپ کا قارئین کی نظر سے گزرا ہوگا جس میں میں نے ایران بہانہ عراق ٹھکانہ اور فلسطین نشانے کے موضوع پر چند اسطار لکھی گئی

تھی جو آج فلسطین کے نشانے پر ہونے کی صورت میں سامنے ہیں مسلمانوں کے پاس اللہ کی دی ہوئی ساری طاقتیں ہیں چاہے وہ پٹرول کی صورت میں ہو یا سرمائے کی صورت میں اور اسلامی واحد ایٹم بم جو کہ پاکستان کے پاس ہے وہ بھی فلسطین کے مسلمانوں کے لیے خاموش ہے سعودی عرب جو فلسطین کے پہلو میں واقع ہے میرا چند ماہ پہلے عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے سلسلہ میں وہاں ایک ماہ قیام کا موقع میسر ایا

میرے بول
سہیل کوثر
sohailkoser@gmail.com

سعودی عوام کی خوشحالی رزق کی فراوانی اس قدر ہے کہ کسی بھی ہوٹل میں آپ جائیں اپ کو ایک ڈیل جو کہ تین افراد کے لیے کافی ہوتی ہے دی جاتی ہے

لیکن ایک فرد اس کو مکمل نہیں کھا سکتا باقی کھانا ضائع کر دیا جاتا ہے ڈرم کر دیا جاتا ہے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے جو پھل ہم یہاں پاکستان میں مہنگے داموں خرید کر کھاتے ہیں وہاں ایک دن کے بعد کوڑے کے ڈرموں میں دیکھنے کو ملتا ہے

لیکن امت مسلمان اپنی آنکھیں بند کیے ہوئے ہیں وہی کھانا اگر فلسطین کے مسلمانوں کو دیا جائے تو ان کی بھوک کچھ حد تک ختم کیا جا سکتا ہے جو آج کل فلسطین کی جنگی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہیں ان کو دیکھیں تو فلسطینی مسلمان گھاس کے ساتھ روزہ رکھ اور افطار کر رہے ہیں اتنا ظلم اور اوپر سے تمام مسلمان ممالک کی اسرائیل امریکہ کے ساتھ دوستی اور حمایت اپنی باری کے انتظار کو دعوت دیتی نظر آ رہی ہے فرق صرف اتنا ہے کہ بلی سر پر بیٹھی ہے اور کبوتر انکھیں بند کیے ہوئے ہیں کہ ہمیں کوئی نہیں کھائے گا

لیکن یاد رکھنے کی بات یہ بھی ہے کہ اگر ہم نے اللہ اور اس کے رسول کی احکامات کو نظر انداز کرتے ہوئے جہاد سے منہ موڑا تو امت مسلم یاد رکھے کہ فنا ہو جائیں گے باری باری اس وقت تمام دنیا کے ممالک اور مسلمان پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ واحد اسلامی ایٹمی پاور ہی کچھ کرے یہی خیال پاکستانی عوام کا بھی ہے

لیکن اس وقت پاکستان بھی اپنے معاشی حالات میں دو چار ہے اور دشمن طاقتیں اس کی ایٹمی طاقت اور افواج پاکستان کو کمزور کرنے کے در پہ ہیں بلوچستان میں ائے دن کی دہشت گردی بلوچستان کے غیور عوام کو پاکستان کے خلاف کرنے اور پاکستان سے الگ کرنے کے لیے اپنی طاقت استعمال کر رہے ہیں واصف علی واصف سرکار کا قول ہے کہ ""پاکستان نور ہے اور نور کو زوال نہیں""؛ لیکن ضرورت صرف اتحاد اور خدا کے خوف والے حکمرانوں کے حصول کی ہے جو پاکستان کی باگ دوڑ اپنے ہاتھوں میں رکھتے ہوئے دنیا کے تمام مسلمانوں کی کمان کر سکیں لیکن حالات کچھ ایسے بھی ہیں کہ اگر پاکستان کے عوام عرب امارات کویت سعودی عربیہ مسقط وغیرہ میں اپنے بچوں کی روزی روٹی کے لیے گئے ہوئے ہیں

تو وہاں ان کی کتے جیسی عزت نہیں ہے ان کو نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے میں یہاں یورپ امریکہ کینیڈا کی بات نہیں کر رہا بات کر رہا ہوں ان مسلم ممالک کی جو مشکل کے وقت پاکستان کی حمایت حاصل کر کے اپنی سلامتی کو قائم رکھے ہوئے ہیں اس میں قصور ہمارے حکمرانوں کا ہے جن کی خارجہ پالیسی صرف اپنی ذات اور حکومت کے تحفظ پر ہی معمور رہتی ہے اور پاکستانی عوامی جو کہ اس وقت پاکستان کے لیے زرمبادلہ کما کر پاکستانی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں ان کو وہاں پر مکمل نظر انداز کر دیا جاتا ہے سعودی عرب کے عوام پاکستان کے خارجی لوگوں پر انڈیا کے شہریوں کو کام دے کر ان کو ترجیح دیتے ہیں اگر وہاں پر کسی بھی پاکستانی شہری کو کوئی پریشانی لاحق ہوتی ہے تو دفتر خارجہ پاکستانی سفیر کوئی خاص توجہ نہیں کرتے جس سے ان لوگوں کو سعودی عوام سے بھی یہ سننا پڑتا ہے کہ اپ کے اپنے حکمران اپ کی بات ہی نہیں سنتے تو ہم کیوں اپ کی حمایت کریں اگر اس وقت ہم نے جہاد اور اپنے مسلمان بھائیوں کی مدد نہیں کی تو وہ وقت دور نہیں جب یہ وقت ہم پر بھی آ سکتا ہے سابقہ وزیراعظم چوہدری شجاعت علی کا ایک بیان مجھے یاد اتا ہے کہ ایک صحافی نے جب ان سے سوال کیا کہ اگر آپ کی انڈیا کے ساتھ جنگ ہوتی ہے تو کیا اپ ایٹم بم چلا دیں گے تو انہوں نے اپنے خاص انداز میں پنجابی میں کہا تھا:::: ہور اسیں شبراتے چالان لی بنایا ہے "" یعنی کہ اور اس بم کو ہم نے شب برات پر چلانے کے لیے بنایا ہے ہم چلا دیں گے تو جناب وہ شب برات کا انتظار نہ کریں اور دنیا کے ان کمزور مسلمانوں کی ایٹمی آواز بنے جو اپ کی ایٹمی پاور کی طرف دیکھ رہے ہیں

پاکستان زندہ باد افواج پاکستان پائندہ باد

پاکستان تحریک انصاف کا مستقبل

.قارئین ایک رائٹر ہونے کی حیثیت سے تجزیہ کرنا میرا حق ہے اور انے والے وقت میں کیا خون جا رہا ہے اس پر بھی کڑی نظر رکھنا ایک محبِ وطن ہونے کی دلیل ہے کوئی بھی پاکستانی اپنے ملک سے اگر محبت کرتا ہے تو پھر پاکستان کی بہتری کا سوچے گا اور انے والے وقت میں پاکستان کو کون سا خدانخواستہ مشکل وقت دیکھنا پڑے گا اس پر بھی نظر رکھنی چاہیے اس وقت پاکستان تحریک انصاف کے جیالے اپنی قائد کی محبت کو دل میں لیے ہر جگہ پر ان کے باہر انے کی دعائیں کر رہے ہیں اور اپنے اپ کو انے والے وقت میں پھر ایک بار پاکستان کا اپنے اپ کو مستقبل سمجھ رہے ہیں پاکستان تحریک انصاف کے لوگوں کا کہنا یہ ہے کہ ہمارے ساتھ زیادتی ناانصافی ہوئی ہمیں ساڑھے تین سال کا جو وقت دیا گیا اس میں بے شمار مسائل تھے جس کی وجہ سے ہم پاکستان کی طرف توجہ نہ دے سکے پاکستان کی عوام کی بہتری کی بات نہ کر سکے لیکن اگر پھر ایک بار موقع ملا تو ہم ایسا کمال کر دیں گے کہ پاکستان کی تاریخی بدل کر رکھ دیں گے لیکن یہ جیالوں کے جذبات ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے ان کے بدلے گئے خیالات ہیں درحقیقت پاکستان تحریک انصاف کیا ہے اور انے والے وقت میں اس تحریک کا کیا کردار ہوگا وہ میں اج تھوڑا سا اپ کو بتانا اس لیے چاہتا ہوں کہ سمجھدار کے لیے اشارہ کافی ہوتا ہے اگر دور اندیشی کی بات کی جائے تو حکیم سعید اور ڈاکٹر اسرار بہت پہلے عمران خان کے بارے میں ایسی پیشنگوئیاں کر کے گئے ہیں جو سچ ہی ثابت نہیں ہوئی بلکہ حکیم سعید اور ڈاکٹر اسرار کے بارے میں اکثر لوگ سوچتے ہیں کیا یہ علم نجوم کے ماہر تھے جو اتنی دور اندیشی کی بات کر کے چلے گئے لیکن اج ہم بات کر رہے ہیں پاکستان تحریک انصاف کے مستقبل کے اوپر تو جہاں تک اس بندہ ناچیز کی نظر جا رہی ہے وہ یہ کہ انے والا وقت پاکستان تحریک انصاف کے لیے کڑا اور مشکل ترین وقت ہوگا پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان کا سیاسی مستقبل کہیں بھی دکھائی نہیں ا رہا پردہ سکرین سے عمران خان کو پیچھے ہٹنا ہوگا ہر صورت میں کیونکہ ملک کے مفاد میں عمران خان کا کہیں بھی کوئی ایسا بیان شامل نہیں اور ایسا کوئی کام سامنے نہیں کہ جس کو مدنظر رکھتے ہوئے عمران خان کو ایک بار پھر اسٹیج کی زینت بنایا جائے


زندہ ضمیر
03007373200

ساڑھے تین سال کی حکومت میں ترقیاتی منصوبوں سے لے کر روزگار تک ائی ایم ایف کے قرضوں سے لے کر مہنگائی کے طوفان تک پاکستان کی تباہی سے لے کر دین کے اوپر ضرب لگانے تک جتنے بھی کارنامے ہیں یہ عمران خان نے کیے مزید اس کی کابینہ نے جتنے بھی کرپشن کے ریکارڈ تھے وہ بھی توڑے ان پر جو الزامات ہیں ان کی میں بات نہیں کرتا البتہ ساڑھے تین سال کا عرصہ ان کی شخصیت کو پاکستانی عوام کے سامنے بہتر بنا کر تو پیش نہ کر سکا ہاں یہ ضرور ہوا کہ ان کی حکومت میں یا ان کی سیاست میں بدتمیزی کے کلچر کو عام کیا گیا چھوٹے بڑے کی پہچان کو ختم کیا گیا بچیوں کو سرعام چوکوں میں نچایا گیا ادب اداب کے تقاضوں کو ختم کیا گیا محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر کے جنازے تک بھی کسی کو جانے کی اجازت نہ دی گئی اسلام اباد میں رہ کر بھی پرائم منسٹر عمران خان جنازے میں شرکت نہ کر سکے عافیہ صدیقی کی بات پر بات کو دبانے کا اشارہ عمران خان نے خود کیا کشمیر کے جھنڈے کو ڈاکٹر فردوس عاشق کے ہاتھوں سے لینے سے 24 کروڑ عوام کے سامنے انکار کیا ان کے دور میں کشمیریوں کے اوپر تاریخ کی بلند ترین سختیاں اور ان کے اوپر پانی بند کر دیا گیا اور شاہ محمود قریشی جیسے زیرک سیاست دان نے کہا کہ کشمیر انڈیا کا حصہ ہے، ہم کیسے انڈیا سے کشمیر کی بات کریں تو وہاں پر تمام مسلمانوں کے دل ٹوٹے کشمیریوں کی انکھوں سے خون کے انسو نکلے لیکن بے بسی کے سوا کچھ نہیں کیا جا سکتا تھا لندن میں جمائمہ کے بھائی اور میر صادق کے درمیان الیکشن میں عمران خان کا میر صادق کی مخالفت کرنا اور جمائمہ کے بھائی کی حمایت کرنا بھی عمران خان کی وطن پرستی اور ایمان کی نشانی کو ظاہر کر چکا تھا خیر ایسے بے شمار واقعات ہیں کس کس کا تذکرہ کروں اج پاکستان تحریک انصاف کے مستقبل کی بات تو وہ پاکستان کی سیاست میں انے والا وقت عمران خان کا ختم ہے عمران خان سکرین کے سامنے نظر نہیں ائیں گے اور نہ ہی کوئی محب وطن انہیں اب قبول کرے گا اور عمران خان کی محب وطنی اس وقت ثابت ہو چکی تھی جب پاکستانی پہلا ویزہ اسرائیل کا عمران خان نے لگوایا اور اسرائیلی وزیراعظم کے ساتھ تصویر بنوائی انے والے وقت میں کچھ عرصے بعد


عمران خان کے بیٹے کو پاکستان میں سامنے دکھایا جائے گا مظلومی...

پنجاب کا کلچر اور کلچرل ادارے

پنجاب کا پنجابی زبان میں اکلوتا ریڈیو ایف ایم 95 پنجاب رنگ جو سرکار کی تحویل میں ہے بہت عرصہ سے بند ہے گذشتہ روز پلاک کی طرف سے پیغام آیا کہ کلچر ڈے کے حوالہ سے پروگرام ہے اس لیے پنجابی لباس زیب تن کر کے پروگرام میں شامل ہونا خوشی ہوئی کہ چلو اسی بہانے پروگرام تو شروع ہوا لیکن پھر پیغام آیا کہ پروگرام کینسل کر دیے گئے ہیں جبکہ پنجاب آرٹ کونسل اور الحمرا آرٹ کونسل بھی کلچر کو پروان چڑھانے کے لیے ہی وجود میں آئے اور یہ ہمارے وہ ادارے ہیں جہاں حکومت سالانہ کروڑوں روپے دیتی ہے کہ آپ پنجاب کا کلچر پروان چڑھائیں لیکن بدقسمتی سے نہ تو پنجاب کا کلچر پروان چڑھ رہا ہے اور نہ ہی یہ ادارے پھل پھول رہے ہیں بلکہ ان اداروں میں کرپشن کی ایسی ایسی کہانیاں منظر عام پر آ رہی ہیں کہ دماغ چکرانا شروع ہو جاتا ہے صرف 5 فروری اور 23 مارچ کے دو پروگرام ہی کئی کروڑوں میں پڑے ہیں اور ہماری حکومتی ایجنسیاں نہ جانے کہاں مصروف ہیں جنہوں نے ان اداروں میں کرپشن کی آج تک کوئی رپورٹ ہی نہیں بنائی اس پر تفصلات بعد میں شیئر کرونگا گا کہ کس نے کتنے پیسے کس مد میں کھائے اور انکے سہولت کار کون ہیں ابھی تو کلچر کے حوالہ سے پڑھیں اور مزے لیں کہ ہمارے کلچر کے اداروں خاص کر الحمرا آرٹ کونسل اور پنجاب آرٹ کونسل کے سربراہان کا کلچر کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے جنکی وجہ سے نہ صرف ادارے اپنی حیثیت کھو چکے ہیں بلکہ پنجاب کا کلچر بھی دم توڑ رہا ہے سب سے پہلے تو پنجاب کے کلچر پر بات کر لیتے ہیں کہ یہ ہے کہ اور پھر ان اداروں کے سربراہان کی اہلیت پر بتاؤ نگا کہ ان اداروں کے سربراہان کس طرح کے ہونے چاہیے پنجاب کی ثقافت رنگا رنگ ثقافتوں کا ایک خوبصورت امتزاج ہے جو اپنی روایات، فنون، موسیقی، اور کھانوں کے لیے مشہور ہے پنجاب کی ثقافت کے چند اہم رنگ یہ ہیں روایتی لباس جس میں پنجابی مرد دھوتی، کرتا، اور پگڑی پہنتے ہیں جبکہ خواتین شلوار قمیض اور دوپٹہ پہنتی ہیں پنجابی لباس رنگین اور خوبصورت ہوتا ہے اور اس میں مختلف قسم کی کڑھائی اور ڈیزائن استعمال ہوتے ہیں پنجاب کی موسیقی اور رقص بہت مشہور ہیں بھنگڑا اور گدا پنجاب کے دو مشہور روایتی رقص ہیں پنجابی موسیقی میں ڈھول، طبلہ اور ہارمونیم جیسے روایتی آلات استعمال ہوتے ہیں پنجابی کھانے بہت لذیذ اور مسالہ دار ہوتے ہیں جن میں مکھن، لسی، سرسوں کا ساگ اور مکئی کی روٹی پنجاب کے مشہور روایتی کھانے ہیں پنجاب کے پکوانوں میں گوشت اور سبزیوں کا استعمال عام ہے پنجاب میں مختلف قسم کے

میری بات
روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

تہوار منائے جاتے ہیں ان میں بیساکھی، لوہڑی اور عید پنجاب کے مشہور تہوار ہیں یہ تہوار روایتی جوش و خروش سے منائے جاتے ہیں اور ان میں موسیقی، رقص اور کھانوں کا اہتمام کیا جاتا ہے پنجاب اپنی دستکاری کے لیے بھی مشہور ہے پھلکاری، کھسہ اور لکڑی کا کام پنجاب کی مشہور دستکاریاں ہیں جہاں روایتی ڈیزائن اور نمونے استعمال ہوتے ہیں پنجاب کی ثقافت پاکستان کی ثقافت کا ایک اہم حصہ ہے یہ ایک متنوع اور متحرک ثقافت ہے جو اپنی روایات اور اقدار پر فخر کرتی ہے پنجاب کی ثقافت جو کہ صدیوں پرانی ہے اس وقت کئی چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے کچھ اندرونی اور چند بیرونی عناصر اس کی روایات اور اقدار کو نقصان پہنچا رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ گلوبلائزیشن اور میڈیا کے ذریعے مغربی ثقافت تیزی سے نوجوانوں میں مقبول ہو رہی ہے جس سے نوجوان اپنی روایات سے دور ہوتے جا رہے ہیں مغربی طرز زندگی اور اقدار کو اپنانے کی کوشش میں پنجاب کے نوجوان اپنی ثقافتی شناخت کھو رہے ہیں جس کی بنیادی وجوہات میں اداروں کی ہٹ دھرمی تو ہے ہی ساتھ میں صنعتی ترقی نے روایتی طرز زندگی کو تبدیل کر دیا ہے اور لوگوں کی مصروف زندگیوں میں روایتی تہواروں اور تقریبات کے لیے وقت نہیں بچتا ہمارے تعلیمی نظام میں اپنی ثقافت کی تاریخ اور روایات کو مناسب اہمیت نہیں دی جاتی جسکی وجہ سے نوجوان اپنے ثقافتی ورثے سے ناواقف رہ جاتے ہیں اسکے ساتھ ساتھ مہنگائی اور بے روزگاری نے بھی لوگوں کو اپنی ثقافتی سرگرمیوں سے دور کر دیا ہے لوگ اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں مصروف ہیں اور ثقافتی تقریبات میں شرکت کے لیے ان کے پاس وسائل نہیں ہیں کچھ میڈیا پروگرام اور فلمیں مغربی ثقافت کو فروغ دے رہے ہیں اور اپنی ثقافت کو نظر انداز کر رہے ہیں میڈیا کو اپنی ثقافت کو فروغ دینے اور روایات کو محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرنا چاہیے نئی نسل کا اپنی ثقافتی روایات سے دور ہونا ایک بڑا مسئلہ ہے کہ نوجوان اپنی تاریخی ورثے اور روایات سے ناواقف ہوتے جا رہے ہیں پنجاب کی ثقافت کو محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ان چیلنجز کا مقابلہ کیا جائے تعلیمی نظام میں اپنی ثقافت کی تاریخ اور روایات کو شامل کیا جائے میڈیا اپنی ثقافت کو فروغ دے اور لوگوں کو اپنی ثقافتی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دی جائے ۔اب آتے ہیں کلچر کے حوالہ سے بنائے گئے اداروں خاص کر پنجاب آرٹ کونسل اور الحمرا آرٹ کونسل جہاں کبھی بھی ان اداروں کے مطابق ایگزیکٹو ڈائریکٹر نہیں لگے اس وقت بھی ان اداروں کے سربراہان کا کلچر کے ساتھ کوئی تعلق نہیں بلکہ وزیر کلچر کی بھی ان اداروں میں کوئی دلچسپی نہیں اگر خواجہ سلمان رفیق کو اس وزارت کا قلمدان دیدیا جاتا تو پنجاب کا کلچر تو پروان چڑھنا ہی تھا ساتھ میں اس کلچر سے جڑے ہوئے فنکاروں کا بھی حوصلہ بڑھنا تھا خیر بات ہو رہی تھی کہ ان اداروں کے سربراہان میں کیا خصوصیات ہونی چاہیے سب سے پہلی بات یہ کہ ان کے پاس آرٹ اور ثقافت کے متعلقہ شعبے کی ڈگری کے ساتھ ساتھ پنجاب کے فن اور ثقافت سے گہری محبت اور سمجھ ہونی چاہیے انہیں مختلف فنون لطیفہ جیسے کہ موسیقی، رقص، تھیٹر، مصوری اور ادب کی سوجھ بوجھ اور کی قدر ہونی چاہیے سربراہ کے پاس آرٹ اور ثقافت کے شعبے میں انتظامی تجربہ ہونا چاہیے انہیں آرٹ کے پروگراموں کی منصوبہ بندی اور ان پر عمل درآمد کرنے کے قابل ہونا چاہیے سربراہ میں آرٹسٹوں ،ملازمین اور رضا کاروں کی ایک ٹیم کی رہنمائی کرنے کی صلاحیت ایک مثبت اور حوصلہ افزا ماحول پیدا کرنے کے قابل ہونا چاہیے سربراہ کے پاس فنکاروں، سرکاری عہدیداروں اور عوام کے ساتھ مؤثر طریقے سے بات چیت کرنے کی مضبوط مواصلاتی مہارت ہونی چاہیے رابطے اور فنڈز اکٹھا کرنے کی مہارت ہونی چاہیے انہیں حکومت، نجی عطیہ دہندگان اور کارپوریشنوں کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کے قابل ہونا چاہیے آرٹس کونسل کے سربراہ کو دور اندیش، منصفانہ اور شفاف ہونا چاہیے تا کہ آرٹس کونسل کے تمام معاملات بخوبی انجام پائیں جبکہ آرٹ کونسل میں فن اور ثقافت کے مستقبل کے لیے ایک وژن ہونا کہ آرٹ اور ثقافت کو فروغ دینے کے لیے نئے اور اختراعی طریقے تیار کر سکے اور بدقسمتی سے اس وقت پنجاب میں کلچر کو پروان چڑھانے والے اداروں کے سربراہان میں سے کوئی بھی ان شرائط پر پورا نہیں اتر رہا یہی وجہ ہے کہ ہم اپنے کلچر سے دور تو ہو ہی رہے ہیں ساتھ میں ان اداروں کی افادیت بھی ختم ہو رہی ہے مگر

"عورت ایک حسین حقیقت"

عورت ایک خوبصورت حقیقت ہے، جس کی ہر پہچان ایک منفرد اور حسین رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اس کی ذات میں بے شمار خصوصیات اور صفات پوشیدہ ہیں، جو نہ صرف فطرت کے حسین رنگوں کی مانند ہیں بلکہ معاشرتی اور روحانی ترقی کی علامت بھی ہیں۔ عورت کا کردار زمین و آسمان کی خوبصورتی میں بسی ہوئی ہے۔ وہ کبھی سرسبز وادیوں کی طرح تازگی ہے، کبھی چاندنی رات کی نرم روشنی ہے۔ اس کا وجود فطرت کی ہر لطافت میں شامل ہے، جیسے بہار کی ہوا، جھیل کی نرم لہریں، اور پھولوں کی خوشبو۔ وہ نرگس کے پھولوں کی طرح چمکتی ہے، تتلیوں کی طرح آزاد اور بے فکر، اور گلابوں کی طرح خوشبو سے مسحور کرتی ہے۔

عورت کا رشتہ مختلف رنگوں، خوشبوؤں اور احساسات سے جڑا ہوا ہے۔ وہ نرم و نازک، مگر بے حد مضبوط اور عزم و حوصلے کی مالک بھی ہے۔ جیسے کہ اس کی نظر، اس کا جسم، اس کی چال، ہر قدم میں محبت اور حسن کا جلوہ نظر آتا ہے۔ اس کی آواز میں سرور اور دل کو سکون دینے والی تاثیر ہے۔ عورت کی حیثیت اور وقار ہر حیثیت میں منفرد ہے۔ وہ ماں کی صورت میں دنیا کے سب سے عظیم رشتہ کی صورت اختیار کرتی ہے، بیٹی کے طور پر وہ گھر میں محبت کی ایک کرن ہوتی ہے، بیوی کی حیثیت میں وہ ایک سچے رشتہ کی مضبوط بنیاد ہوتی ہے، اور بہن کی صورت میں وہ خاندان کی محبت کا مرکز ہوتی ہے۔ اس کا ہر رشتہ اپنی جگہ بہت اہم ہے اور ہر حیثیت میں اس کی محبت، قربانی اور جدوجہد کی کوئی حد نہیں۔

عورت کا جوش، جوانی، ترنم اور روپ نہ صرف اسے دنیا کے جمالیاتی عنصر میں شامل کرتے ہیں، بلکہ وہ معاشرتی زندگی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کے اندر بے شمار راز، محبت اور الفت چھپی ہوئی ہے، جو اس کی موجودگی کو ہر جگہ ایک مخصوص سکون اور اطمینان عطا کرتی ہے۔ عورت کبغیر گھر نامکمل اور ویران لگتا ہےعورت کی حرمت اور عزت کا تحفظ ہر معاشرتی نظام کی بنیاد ہے۔ وہ ہر حالت میں اپنے ایمان، عفت، اور شرافت کو بلند رکھتی ہے، اور اپنی حیثیت کا پتا اس کے کردار اور اعمال سے چلتا ہے۔ جب وہ معاشرے میں نکلتی ہے اسے بہتر پتہ ہوتا ہے کہ اس حد تک کس کے قریب ہونا ہے

تریاق
سفینہ سلیم
sweetleo443@gmail.com

اور کتنا کس پر اعتماد کرنا ہے۔ عورت نہ صرف فطرت کی حسین تخلیق ہے، بلکہ وہ معاشرتی توازن کی محافظ بھی ہے۔ اس کے بغیر دنیا کا حسن مکمل نہیں ہو سکتا۔ عورت کی اہمیت کو نظر انداز کرنا نہ صرف معاشرتی بگاڑ کا باعث بنتا ہے بلکہ روحانیت اور اخلاقی سطح پر بھی ایک بہت بڑی کمی کا سبب بنتا ہے۔ اسی طرح، عورت کا کردار زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں ہے۔ اس کی تعلیم، محنت، اور عزم سے معاشرتی ترقی ممکن ہے۔ وہ ہر میدان میں اپنی جگہ بناتی ہے، چاہے وہ گھریلو زندگی ہو یا پیشہ ورانہ، ہر جگہ اس کی محنت اور قربانیوں کا اثر دکھائی دیتا ہے۔ عورت کا پورا وجود ایک معجزہ ہے، جو قدرت کی سب سے حسین تخلیق کا جزو ہے۔ وہ اپنے اندر محبت، عزم، اور قوت کا ایک سمندر سمیٹے ہوئے ہے۔ اس کی محبت میں بے شمار رنگ اور گہرائیاں ہیں، جو نہ صرف انسانیت کی بقا کا پیغام دیتی ہیں بلکہ وہ معاشرتی رشتہ داریوں میں بھی ایک مضبوط کڑی کی مانند ثابت ہوتی ہے۔ عورت وہ عظیم ہستی ہے جو نہ صرف کسی بھی خاندان کا محور ہوتی ہے بلکہ ساری انسانیت کی فلاح و بہبود میں اس کا کردار ناگزیر ہے۔ عورت کا مقام حقیقتاً بہت عظیم ہے اور اس کی اہمیت کو کسی بھی معاشرتی، ثقافتی یا روحانی تناظر میں کم نہیں کیا جا سکتا۔ اس کی روحانیت، محبت، قربانی، اور جدو جہد اس کے وجود کو ایک لافانی حقیقت بنا دیتی ہے۔ عورت میں ایک غیر معمولی قوت اور عزم ہوتا ہے، جو اسے ہر میدان میں کامیاب بنانے کی صلاحیت دیتا ہے۔ وہ جب عزم کر لیتی ہے تو دنیا کی کوئی طاقت اس کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ اس کی قوت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں ماں، بیوی، بیٹی، بہن، اور دوست بن کر مختلف کردار ادا کرتی ہے اور ہر کردار میں اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتی ہے۔

عورت کی قربانیاں بے شمار ہوتی ہیں۔ وہ اپنے خاندان کی خوشیوں کے لئے اپنی خواہشات کو ترک کر دیتی ہے، اور اس کی محبت بے مثال ہوتی ہے۔

فلسطین پر مظالم: خاموشی توڑنے کا وقت

کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ ایک ماں اپنے بچے کو کفن میں لپیٹتے ہوئے کیا محسوس کرتی ہوگی؟ فلسطین کی زمین پر یہ منظر روزمرہ کا واقعہ بن چکا ہے۔

کیا ہم واقعی ایک ایسی دنیا میں رہ رہے ہیں جہاں انسانی حقوق صرف چند لوگوں کے لیے مخصوص ہیں؟

نلسن منڈیلا نے کہا تھا، ظلم کے خلاف خاموش رہنا ظالم کا ساتھ دینا ہے۔ آج فلسطین کی زمین پر ہونے والے مظالم ہمیں ایک بار پھر اس بات کی یاد دلا رہے ہیں کہ خاموشی کوئی آپشن نہیں ہے۔ غزہ کی ایک گلی میں ایک چھوٹا بچہ اپنے کھلونے تلے دب کر ہلاک ہو گیا۔ اس کی ماں نے اسے کفن میں لپیٹا، لیکن اس کے آنسوؤں نے کفن کو بھیگا دیا۔ یہ صرف ایک کہانی نہیں، یہ فلسطین کی روزمرہ کی حقیقت ہے۔ "1948" سے لے کر آج تک، لاکھوں فلسطینیوں کو اپنے گھروں سے بے دخل کیا جا چکا ہے۔ ہزاروں بچے یتیم ہو چکے ہیں، اور ہزاروں خواتین بیوہ ہو چکی ہیں۔ یہ اعداد و شمار نہیں، یہ انسانیت کا المیہ ہے۔ یہ صرف ایک کہانی نہیں، یہ فلسطین کی روزمرہ کی حقیقت ہے۔

جب ہم اپنے گھروں میں آرام سے بیٹھے ہوتے ہیں، فلسطین کی زمین پر لاکھوں بے گناہ انسانوں کو اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھونے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ کیا ہم واقعی اس ظلم کے خلاف خاموش رہ سکتے ہیں؟ "1948" کی نکبہ کے بعد سے فلسطینی عوام ناانصافی، جبر اور تشدد کا شکار ہیں۔ آج بھی وہ اپنی زمین، اپنے گھروں اور اپنے حقوق کے لیے لڑ رہے ہیں۔ "جب ہم اپنے گھروں میں آرام سے بیٹھے ہوتے ہیں، فلسطین کی زمین پر لاکھوں بے گناہ انسانوں کو اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھونے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ بچے، بوڑھے، خواتین، سبھی اس ظلم کا شکار ہیں۔ یہ صرف ایک خطے کا مسئلہ نہیں، یہ پوری انسانیت کا المیہ ہے۔ فلسطین پر ہونے والے مظالم ہمیں ایک بار پھر یہ سوچنے پر مجبور کر رہے ہیں کہ کیا ہم واقعی ایک منصفانہ دنیا میں رہ رہے ہیں؟"


راجہ فرید حیدر
جرنلسٹ...
نمائندہ روزنامہ
نوائے انصاف

میں یہ نہیں کہتا کہ اج ہی اپ تلواریں اور بندوقیں پکڑیں اور اسرائیل کے خلاف جنگ کرنے کے لیے فلسطین پہنچیں پر اگر ہر بندہ اپنی جگہ ہو کر فلسطین کے لیے اپنی مسلمان بہن بھائیوں کے لیے یکجہتی کرنا شروع کر دے اور اسرائیل کی تمام پروڈکٹس بند کر دے ان کا استعمال بند کر دے تو میں سمجھتا ہوں یہ چھوٹے سے کام کے اغاز سے اپ کا جہاد شروع ہو جاتا ہے دشمنوں کے خلاف، اپ صحافی ہیں اپ کے پاس قلم کی طاقت ہے اٹھائیں قلم اور لکھیں انہی یزیدوں کے بارے میں اور اپنے انے والے بچوں کو بتائیں کہ اسرائیل نے کس طرح فلسطینیوں پہ ظلم کیے اور کس طرح فلسطینی مائیں بہنیں بھائی امت مسلمہ کے سامنے روتے چیختے اس دنیا سے شہید ہو کر جا رہے ہیں، یہاں پہ یہ سوال ضرور بنتا ہے کہ کیا ہم واقعی ایک ایسی دنیا میں رہنا چاہتے ہیں جہاں انسانی حقوق صرف چند لوگوں کے لیے مخصوص ہوں؟ کیا ہم فلسطینی عوام کے ساتھ انصاف کے لیے اپنی آواز نہیں اٹھا سکتے؟"

-"جب تک ہم خاموش رہیں گے، ظلم جاری رہے گا۔ کیا ہم واقعی اس ظلم کے خلاف کھڑے ہونے کی ہمت نہیں رکھتے؟"

فلسطین کی آزادی صرف فلسطینیوں کا نہیں، بلکہ پوری انسانیت کا خواب ہے۔ ظلم کے خلاف آواز اٹھائیں، کیونکہ خاموشی ظالم کا ساتھ دینا ہے۔ عرب اور اسلامی ممالک کو فلسطین کے مسئلے پر اپنی یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ انہیں سفارتی، معاشی، اور سیاسی سطح پر فلسطینیوں کی حمایت کرنی چاہیے۔

عرب ممالک کو اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے سے پہلے فلسطینیوں کے حقوق کو یقینی بنانا چاہیے۔

- فلسطین کی زمین پر خون بہہ رہا ہے، اور ہماری خاموشی اس خون کا حصہ بن رہی ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنی آواز بلند کریں۔ دنیا بھر میں عوامی بیداری پیدا کرنا ضروری ہے۔ لوگوں کو فلسطین کے مسئلے کے بارے میں آگاہ کرنے سے بین الاقوامی دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ سوشل میڈیا اور میڈیا کے ذریعے فلسطینیوں کی آواز کو دنیا تک پہنچانا چاہیے۔ فلسطین کا مسئلہ صرف ایک خطے کا مسئلہ نہیں، بلکہ یہ انسانی حقوق اور انصاف کا مسئلہ ہے۔

قوت
SHOWBIZ

میں اب اپنی زندگی میں مثبت تبدیلیاں لا رہا ہوں، ظفر علی



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکار، ہدایت کار اور پروڈیوسر اظفر علی شوبز انڈسٹری کا ایک معروف نام ہیں، وہ کئی مشہور شوز کے پیچھے بطور تخلیقی دماغ خدمات انجام دیتے رہے ہیں اور کئی نئے چہروں کو انڈسٹری میں متعارف کروا چکے ہیں۔ ان کی کامیڈی ٹائمنگ اور مانی کے ساتھ جوڑی کو آج بھی ایک یادگار جوڑی سمجھا جاتا ہے۔ اظفر علی کی پہلی شادی اداکارہ سلمیٰ حسن سے ہوئی، جن سے ان کی ایک بیٹی بھی ہے، بعد ازاں انہوں نے مشہور اداکارہ نوین وقار سے دوسری شادی کی، تاہم یہ رشتہ بھی زیادہ عرصہ نہ چل سکا اور طلاق پر ختم ہوا۔ اظفر علی نے حال ہی میں ایک شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنی زندگی کے مشکل دور پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ جب میری پہلی شادی ختم ہوئی اور میں نے نوین وقار سے دوسری شادی کی تو مجھے شدید تنقید اور بائیکاٹ کا سامنا کرنا پڑا۔

اداکار، گلوکار و یوٹیوبر فیروز خان کا بھی ہم شکل سامنے آگیا اداکار فیروز خان اور ان کے ہمشکل لڑکے میں صرف انیس بیس کا فرق ہے، صارفین



کراچی (شوبز ڈیسک) شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار، گلوکار و یوٹیوبر فیروز خان کا بھی ہم شکل سامنے آگیا۔ اداکار فیروز خان کے ہمشکل کے ٹک ٹاک پر خوب چرچے ہو رہے ہیں۔ فیروز خان کے ہمشکل کی متعدد ویڈیوز سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وائرل ہیں جنہیں دیکھ کر اداکار کے مداح خوشگوار حیرانی میں مبتلا ہیں۔ جیو انٹرٹینمنٹ کی بلاک بسٹر ڈرامہ سیریلز خانی اور خدا اور محبت 3 کے اداکار فیروز خان کا ہم شکل ان سے ناقابلِ یقین حد تک مشابہت رکھتا ہے۔ سوشل میڈیا صارفین فیروز خان اور ان کے ہمشکل کے سامنے آنے پر اپنی اپنی رائے کا اظہار کررہے ہیں۔ متعدد صارفین کا کہنا ہے کہ اداکار فیروز خان اور ان کے ہمشکل لڑکے میں صرف انیس بیس کا فرق ہے جبکہ کچھ صارفین کا ماننا ہیا اداکار فیروز خان کے ہمشکل کے ٹک ٹاک پر خوب چرچے ہو رہے ہیں۔ فیروز خان کے ہمشکل کی متعدد ویڈیوز سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وائرل ہیں جنہیں دیکھ کر اداکار کے مداح خوشگوار حیرانی میں مبتلا ہیں۔ جیو انٹرٹینمنٹ کی بلاک بسٹر ڈرامہ سیریلز خانی اور خدا اور محبت 3 کے اداکار فیروز خان کا ہم شکل ان سے ناقابلِ یقین حد تک مشابہت رکھتا ہے کہ فیروز خان بس صحت میں اپنے ہم شکل سے بہتر ہیں باقی دونوں کی شکلیں خوب ملتی ہیں۔

حرامانی کا بریانی میں فروٹ چاٹ ملا کر کھانے کا حیران کن انکشاف

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی شوخ و چنچل اداکارہ حرا مانی نے بریانی میں فروٹ چاٹ ملا کر کھانے کا حیران کن انکشاف کیا ہے۔ حال ہی میں نجی میگزین کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں حرا مانی نے بتایا کہ وہ بریانی میں زردہ اور فروٹ چاٹ ملا کر کھاتی ہیں جس پر ان کے مداح حیران رہ گئے۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ مجھے میٹھا بہت پسند ہے، اس لیے میں بریانی میں زردہ بھی مکس کرلیتی ہوں اور فروٹ چاٹ بھی ڈال کر مزے سے کھاتی ہوں۔ حرامانی نے مزید بتایا کہ ان کے شوہر سلمان ثاقب شیخ عرف مانی بھی ان کی اس انوکھی عادت پر حیران رہ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب میں مانی کی طرف چمچ بڑھاتی ہوں تو وہ کہتے ہیں یہ تم کیسے کرلیتی ہو؟ اور مجھے بھی کھانے کو کہتی ہو؟ انٹرویو کے دوران میزبان نے بھی حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ کراچی سے ہیں، پھر بھی بریانی میں فروٹ چاٹ کیسے مکس کرلیتی ہیں؟ جس پر حرامانی نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ مجھے میٹھا بہت پسند ہے کچھ لوگوں نے ان کے ذائقے کی تعریف کی جبکہ کچھ نے حیرت اور مزاحیہ تبصرے کیے۔ ایک صارف نے طنزیہ لکھا کہ حرامانی نے بریانی کے ساتھ جو کیا وہی ہمارے دل کے ساتھ بھی کیا۔ ایک اور صارف نے لکھا کہ بریانی کے شوقین افراد کے لیے یہ انٹرویو دیکھنا تکلیف دہ ہوسکتا ہے۔

سشانت کو خودکشی پر مجبور نہیں کیا گیا، 4 سال بعد کیس بند

کیس کی اگلی سماعت 8 اپریل کو ممبئی کی باندرہ مجسٹریٹ کورٹ میں ہوگی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی وڈ کے آنجہانی اداکار سشانت سنگھ راجپوت کی موت کے تقریباً ساڑھے 4 سال بعد بھارت کے سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) نے کیس بند کردیا اور اداکارہ ریا چکرورتی کو کلین چٹ دے دی۔ سی بی آئی نے سشانت سنگھ راجپوت کی موت کے معاملے میں تفتیش مکمل کر کے کیس کو بند کرنے کی رپورٹ عدالت میں جمع کرائی ہے۔ کیس کی اگلی سماعت 8 اپریل کو ممبئی کی باندرہ مجسٹریٹ کورٹ میں ہوگی، اگر عدالت اس رپورٹ کو قبول کرلیتی ہے تو سشانت سنگھ راجپوت کا کیس باقاعدہ طور پر بند کردیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق سی بی آئی کی تفتیش میں کوئی ایسا ثبوت نہیں ملا جس سے یہ ثابت ہو کہ کسی نے سشانت سنگھ راجپوت کو خودکشی کے لیے مجبور کیا تھا۔ سی بی آئی نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ کسی کے خلاف جرم ثابت نہیں ہوسکا اور تمام نامزد افراد کو بری کردیا۔

سوشل میڈیا سے دور رہنے میں ہی سکون ہے، اداکار اظفر رحمٰن شادی اور آپ کے عزیز رشتے بہت نازک ہوتے ہیں، یہ جتنے چھپے رہیں اتنے اچھے رہتے ہیں

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کے نامور اداکار اظفر رحمٰن نے سوشل میڈیا سے دور رہنے کی وجہ پر بات کی ہے۔ اداکار نے حال ہی میں نجی ٹی وی چینل کے مارننگ شو میں بطور مہمان شرکت کی، اس موقع پر انہوں نے میزبان اداکارہ ندا یاسر کے دلچسپ سوالات کے جوابات دیے اور مختلف موضوعات پر اپنی رائے کا اظہار کیا۔ شو کے دوران ندا یاسر نے اظفر رحمٰن سے سوال پوچھتے ہوئے کہا کہ ہم نے سب کی بیگمات دیکھ لی ہیں، آپ نے اپنی بیگم کو چھپا کر رکھا ہوا ہے، ہمیں آپ کی نجی زندگی سے متعلق کچھ بھی معلوم نہیں۔ اس کے جواب میں اداکار نے کہا کہ میرا ماننا ہے کہ جب آپ اپنی نجی زندگی سوشل میڈیا پر لے آتے ہیں تو پھر آپ کی زندگی نجی نہیں رہتی۔ اداکار نے کہا کہ میں نے بہت سے لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر بہت تصویریں پوسٹ کرتے ہیں اور پھر ان کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شادی اور آپ کے عزیز رشتے بہت نازک ہوتے ہیں، یہ جتنے چھپے رہیں اتنے اچھے رہتے ہیں۔ اظفر رحمٰن نے بتایا کہ میری اہلیہ کا بھی یہ کہنا تھا کہ انہیں سوشل میڈیا پر متحرک رہنا نہیں پسند، ہم دنیا گھومتے ہیں، تقریبات میں جاتے ہیں مگر سوشل میڈیا پر تصویریں اپ لوڈ کرنے کے دباؤ سے آزاد ہیں۔

میں ڈرامے سائن کرنے سے گھبراتی ہوں، جنت مرزا

جنت مرزا اپنی سوشل میڈیا مقبولیت کے باعث ایک بڑی فین فالوئنگ رکھتی ہیں

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان کی مشہور ٹک ٹاک اسٹار جنت مرزا اپنی سوشل میڈیا مقبولیت کے باعث ایک بڑی فین فالوئنگ رکھتی ہیں، وہ نا صرف ٹک ٹاک بلکہ انسٹاگرام پر بھی بے حد مقبول ہیں۔ ان کی بہن علیشبا انجم بھی سوشل میڈیا اسٹار ہیں اور دونوں بہنیں مختلف تقریبات میں شرکت کے علاوہ برانڈز کی تشہیر بھی کرتی ہیں۔ جنت مرزا نے فلمی دنیا میں بھی قدم رکھا اور معروف ہدایت کار سید نور کی فلم میں کام کیا، لیکن حیران کن طور پر انہوں نے کئی بڑے ڈرامے جیسے پری زاد اور ہم کہاں کے سچے تھے کرنے سے انکار کردیا۔ جنت مرزا حال ہی میں اپنے خاندان کے ساتھ ایک شو میں مہمان کے طور پر شریک ہوئیں، جہاں انہوں نے ڈراموں میں کام نہ کرنے کی اصل وجوہات بتائیں۔ جنت مرزا نے انکشاف کیا کہ میں ڈرامے سائن کرنے سے گھبراتی ہوں کیونکہ مجھے ہوائی سفر کا خوف ہے، پاکستان میں تقریباً تمام بڑے ڈرامے کراچی میں شوٹ کیے جاتے ہیں اور وہاں جانے کے لیے پی آئی اے کی پرواز لینا پڑتی ہے، جو خوفزدہ کردیتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ طیارہ حادثات دیکھ کر میں بہت زیادہ خوف میں مبتلا ہو چکی ہوں اور کسی بھی قیمت پر کراچی کا فضائی سفر نہیں کرنا چاہتی۔

قوت
SPORTS

پاکستان کے شاہین شاہ آفریدی 21 مارچ 2025 کو آک لینڈ کے ایڈن پارک گراؤنڈ میں نیوزی لینڈ اور پاکستان کے درمیان تیسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میچ کے دوران نیوزی لینڈ کے ایش سوڈھی (دائیں) کی طرف دیکھ رہے ہیں (مائیکل بریڈلی/اے ایف پی)

کھلاڑیوں پر تنقید کا الزام، عرفان پٹھان کو بھی کمنٹری پینل سے نکال دیا گیا

2020 میں بننے مخبر کیا اور مختلف اوقات میں دیگر کئی کھلاڑیوں کو بھی کمنٹری پینل سے نکالا جاچکا ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق آل راؤنڈر عرفان پٹھان اس سال انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2025 کے کمنٹری پینل کا حصہ نہیں ہوں گے۔ ایک رپورٹ کے مطابق انہیں آئی پی ایل کے رواں سیزن کیلیے کمنٹری پینل سے باہر کردیا گیا ہے۔ عرفان پٹھان ریٹائرمنٹ کے بعد آئی پی ایل میں باقاعدگی سے کمنٹری کرتے رہے ہیں، تاہم وہ ہفتے کے روز کولکتہ نائٹ رائیڈرز اور رائل چیلنجرز بنگلور کے درمیان کھیلے گئے آئی پی ایل کے افتتاحی میچ میں نظر نہیں آئے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق عرفان پٹھان کو کمنٹری پینل سے نکالنے کی وجہ یہ ہے کہ براڈ کاسٹرز ان کے رویے سے خوش نہیں تھے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ پٹھان پر ذاتی تنازعات کو کمنٹری اور سوشل میڈیا پر لانے کا الزام تھا، جس کے باعث انہیں پینل سے ہٹا دیا گیا۔ عرفان پٹھان کا چند سال قبل کچھ کھلاڑیوں سے اختلاف ہوا تھا، جس کے بعد وہ کھل کر ان کے خلاف تبصرے کرتے رہے۔ اس سے جونیئر کھلاڑی بھی متاثر ہوئے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کی ایک رپورٹ کے مطابق ان پر الزام ہے کہ انہوں نے انکا نام لیے بغیر اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ان کھلاڑیوں پر تنقید کی۔ یہ پہلا موقع نہیں کہ کسی معروف کرکٹر کو بی سی سی آئی کی کمنٹری ٹیم سے باہر کیا گیا ہو۔

کراچی کے ایچ اے رمضان انٹر کلب ہاکی چھٹے روز کھیلے گئے میچ میں کھلاڑیوں کا مہمان خصوصی میجر (ر) شاہنواز خان کے ہمراہ گروپ فوٹو

مصباح الحق اور سرفراز احمد کا کرکٹ ٹیم کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار

کیا ان دونوں پلیئر کا جلد ہی ٹیم میں کم بیک ہوگا؟ سوال، 'لگتا ہے آپ ہمیں نوکری سے نکلوائیں گے' مصباح کے جواب پر قہقہے

کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتانوں مصباح الحق اور سرفراز احمد کا کرکٹ ٹیم کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ ایک نجی ٹی وی کے شو میں جب مصباح سے سوال کیا گیا کہ کیا ان دونوں پلیئر کا جلد ہی ٹیم میں کم بیک ہوگا؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ لگتا ہے آپ ہمیں نوکری سے نکلوائیں گے' ان کے اس جواب پر قہقہے گونج اٹھے۔ سابق کپتانوں نے نوجوان کھلاڑیوں پر مشتمل نئی ٹیم کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی صلاحیتوں سے ٹیم کو کامیابی دلوائیں گے۔ جب بابر اور رضوان سے متعلق پوچھا کہ کیا ان دونوں پلیئر کا جلد ہی ٹیم میں کم بیک ہوگا؟ تو مصباح نے دلچسپ جواب دیا کہ 'لگتا ہے آپ ہمیں نوکری سے نکلوائیں گے'۔ یہ سننا تھا کہ سب ہنسنے لگے اور خود مصباح بھی مسکراتے ہوئے کہنے لگے کہ آپ کے جو معصومانہ سوالات ہیں ناں! مصباح نے جواب دیا کہ جب آپ ٹیم بنانے لگتے ہیں تو نہ پرانے کھلاڑیوں کو نظرانداز کرتے ہیں اور نہ نئے پلیئرز کو چھوڑتے ہیں بلکہ آپشنز تیار کیے جاتے ہیں تاکہ اپنی ضرورت کے مطلوبہ کھلاڑی سے نتائج حاصل کیے جاسکیں۔

پی ایس ایل 10، کون سے کھلاڑی جزوی طور پر دستیاب نہیں ہوں گے؟

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل 10 کا ری پلیسمنٹ ڈرافٹ آج منگل کو ہوگا جس میں متبادل کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق پی ایس ایل ری پلیسمنٹ ڈرافٹ ورچوئل سیشن میں ہوگا جس میں فرنچائزز جزوی طور پر عدم دستیاب کھلاڑیوں کے متبادل کا انتخاب کریں گی۔ 5 کرکٹرز چند میچز کیلئے اپنی فرنچائزز کو دستیاب نہیں ہوں گے۔ پشاور زلمی ناہید رانا اور کراچی کنگز لٹن داس کے متبادل کھلاڑی منتخب کریں گی۔ [illegible] مارک چیپ مین اور ڈین [illegible] چند میچز کیلئے دستیاب نہیں ہوں گے۔ پشاور زلمی کوربن بوش کی جگہ پورے سیزن کیلئے کھلاڑی کا انتخاب کریگی۔ ایک ماہ سے زائد عرصہ تک جاری رہنے والی پاکستان سپر لیگ 10 کا آغاز 11 اپریل سے ہوگا جس کا فائنل 18 مئی کو کھیلا جائے گا۔ سابق ایڈیشنز کی طرح اس بار بھی 6 ٹیمیں کراچی کنگز، لاہور قلندرز، اسلام آباد یونائیٹڈ، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز، پشاور زلمی اور ملتان سلطانز مدمقابل ہوں گی۔ پی ایس ایل میں مجموعی طور پر 34 میچز ہوں گے جو ملک کے چار مختلف شہروں کراچی، لاہور، پنڈی اور ملتان میں کھیلے جائیں گے۔ پاکستان سپر لیگ 10 کا افتتاحی میچ دفاعی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ اور لاہور قلندرز کے درمیان 11 اپریل کو راولپنڈی میں کھیلا جائے گا، جب کہ فائنل میچ 18 مئی کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں ہوگا۔

نیوزی لینڈ کیخلاف پاکستان کا ایک اور منفی ریکارڈ بن گیا

ماؤنٹ مانگنوئی (این این آئی) پاکستان نے نیوزی لینڈ کے خلاف چوتھے ٹی ٹوئنٹی میں ناپسندیدہ ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ ماؤنٹ مونگنوئی میں پاکستان کو ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں سب سے بھاری شکست کا سامنا کرنا پڑا جب بیاوول میں نیوزی لینڈ نے 115 رنز سے فتح حاصل کرتے ہوئے پانچ میچوں کی سیریز 3-1 سے جیت لی۔ چوتھے میچ میں پاکستان ٹیم کی بولنگ اور بیٹنگ دونوں ناکام رہے۔ نیوزی لینڈ کی جانب سے جیت کے لیے دیے گئے 221 رنز کے ہدف کے تعاقب میں قومی ٹیم 16.2 اوورز میں صرف 105 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ پاکستان کی بیٹنگ کی ناکامی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ 9 بلے باز ڈبل فیگرز میں بھی داخل نہ ہوسکے۔ عبدالصمد ناٹ آؤٹ 44 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔ عرفان خان 24 رنز بنا کر ڈبل فیگر میں داخل ہونے والے دوسرے بلے باز رہے۔ اس شکست نے پاکستان کی گزشتہ بدترین T20I شکست کو پیچھے بھی چھوڑ دیا جو 95 رنز تھی، 2016 میں ویلنگٹن میں نیوزی لینڈ کے ہاتھوں پاکستان کو بھاری مارجن کی ہزیمت اٹھانی پڑی تھی۔ قومی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے نیوزی لینڈ کے خلاف چوتھے میچ میں بدترین شکست کا جواز پیش کردی۔ ہدف کے تعاقب میں قومی ٹیم کے بیٹرز کی ناکامی کو گیند زیادہ سوئنگ ہونے کی وجہ قرار دے دیا۔

چیزوں کو مثبت لے کر چل رہے، شکست سے بھی مثبت چیزیں لی ہیں، عبدالصمد

کافی کچھ سیکھ رہے ہیں، ہمیں بولنگ میں سوئنگ اور سیم میں اتنی مدد نہیں ملی، پاکستانی بیٹر

ماؤنٹ مونگانوئی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ٹاپ آرڈر بیٹر عبدالصمد کا کہنا ہے کہ ہم چیزوں کو مثبت انداز میں لے کر چل رہے ہیں، آج کی شکست سے بھی مثبت چیزیں لی ہیں۔ ماؤنٹ مونگانوئی میں نیوزی لینڈ کے خلاف میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے عبدالصمد نے کہا کہ جس طرح گزشتہ میچ کھیلے سب کے سامنے ہے کافی مثبت چیزیں تھیں، ہمارا فوکس آگے ایشیاء کپ اور ورلڈ کپ پر ہے۔ وبدالصمد نے کہا کہ ہمیں یہاں سے چیزوں کا کافی فائدہ ہوگا، کافی کچھ سیکھ رہے ہیں، ہمیں بولنگ میں سوئنگ اور سیم میں اتنی مدد نہیں ملی۔ پاکستانی بیٹر نے کہا کہ بیٹنگ میں بھی چیزیں کافی مختلف ہوئیں، یہاں پر دوسری اننگز میں تھوڑی مشکلات پیش آئیں، سب کو پتا ہے نیوزی لینڈ میں کنڈیشنز ہمارے لیے مفید نہیں ہوتیں۔ عبدالصمد کا کہنا تھا کہ ہم ینگ ٹیم اس لیے یہاں لے کر آئے ہیں تاکہ سب ٹیسٹ ہوں، آنے والے میچز میں مزید بہتری نظر آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر دن ایک جیسا نہیں ہوتا، حسن نواز نے دو صفر کے بعد سنچری کی جو بڑا کارنامہ ہے۔ کافی کچھ سیکھ رہے ہیں، ہمیں بولنگ میں سوئنگ اور سیم میں اتنی مدد نہیں ملی' پاکستانی بیٹر

شاہد آفریدی کا شاہین شاہ اور شاداب کو آرام دینے کا مطالبہ

پاکستان سیریز تو ویسے ہی ہار چکا ہے۔ اس لیے بہتر فیصلہ یہی ہوگا کہ باقی کھلاڑیوں کو بھی موقع دیا جائے' انٹرویو

لاہور (آفاق دھاریوال) سابق کرکٹ اسٹار شاہد آفریدی نے نیوزی لینڈ کیخلاف آخری ٹی 20 میچ میں شاہین شاہ آفریدی اور شاداب خان کو آرام دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز میں کیویز نے تین ایک سے فیصلہ کن برتری حاصل کر لی ہے۔ آخری میچ بدھ 26 مارچ کو ویلنگٹن میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے آخری میچ میں فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی اور نائب کپتان آل راؤنڈر شاداب خان کو آرام دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ شاہد آفریدی نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آخری میچ میں بنچ پر بیٹھے کھلاڑیوں کو آزمایا جائے۔ اس میچ میں شاہین شاہ آفریدی اور شاداب خان کو آرام دیا جاسکتا ہے۔ سابق اسٹار آل راؤنڈر کا کہنا تھا کہ پاکستان سیریز تو ویسے ہی ہار چکا ہے۔ اس لیے بہتر فیصلہ یہی ہوگا کہ باقی کھلاڑیوں کو بھی موقع دیا جائے۔ واضح رہے نیوزی لینڈ کے خلاف رواں سیریز کے کھیلے گئے چار ٹی 20 میچوں میں شاہین شاہ آفریدی اور شاداب خان کی کارکردگی انتہائی مایوس کن رہی ہے۔ چوتھے میچ میں تو دونوں کرکٹرز نے بغیر کوئی وکٹ لیے 89 رنز مخالف ٹیم کو دیے تھے جب کہ بیٹنگ میں بھی کمال نہ دکھا سکے۔ چار میچز میں شاہین شاہ آفریدی نے 133 رنز دے کر صرف دو وکٹیں حاصل کیں جب کہ طویل عرصہ بعد بطور نائب کپتان ٹیم میں واپسی کرنے والے آل راو؟ نڈر شاداب خان نے 110 رنز دے کر صرف ایک وکٹ حاصل کی

پاکستان کے حسن نواز آک لینڈ کے ایڈن پارک گراؤنڈ میں نیوزی لینڈ اور پاکستان کے درمیان تیسرے بین الاقوامی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ کے دوران ایک شاٹ کھیلتے ہوئے (مائیکل بریڈلی/اے ایف پی)

پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان چوتھا ٹی ٹوئنٹی میچ 23 مارچ 2025 کو ماؤنٹ مونگانوئی میں کھیلا گیا (اے ایف پی)

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چوہدری اعظم رضا راول چوہدری آصف احمد علی راول ایڈووکیٹ کی جانب سے پرتکلف افطار ڈنر کا اہتمام

چوہدری عادل پرویز سلطان گجر، چوہدری مستقیم مہار سمیت وکلاء کی بڑی تعداد میں شرکت

سمندری (تحصیل رپورٹ) چوہدری اعظم رضا راول چوہدری آصف احمد علی راول ایڈووکیٹ کی جانب سے پرتکلف افطار ڈنر کا اہتمام سابق ایم پی اے چوہدری عادل پرویز سلطان گجر، رہنما حلقہ پی پی 104 چوہدری مستقیم مہار سمیت سیاسی، سماجی، صحافی و وکلاء رہنماؤں کی بھرپور شرکت مہمانوں کی "راول ہاؤس" آمد پر تپاک استقبال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راول ویلفیئر پاکستان کے مرکزی چیئرمین چوہدری محمد اعظم رضا راول، چوہدری آصف احمد علی راول ایڈووکیٹ سابق نائب صدر بار ایسوسی ایشن سمندری کی جانب سے راول ہاؤس حفیظ ٹاؤن میں پرتکلف افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر پی ٹی آئی ضلع فیصل آباد کے صدر سابق ایم پی اے و عوامی MPA چوہدری عادل پرویز سلطان گجر، رہنما حلقہ پی پی 104 چوہدری مستقیم مہار، سابق صوبائی وزیر حافظ ممتاز احمد کی نمائندگی کرتے ہوئے چوہدری طاہر پسوال ایڈووکیٹ، چوہدری جاوید بجاڑ، چوہدری امجد گجر، سردار مبشر گجر، حاجی آصف ملک، چوہدری محمد خان، رانا محمد نواز خاں، رانا لیاقت علی محمد نفیس چوہان، عرفان حسین راول، خالد راول چوہدری عمر حیات جٹ، ملک لیاقت علی، غلام فرید بھٹی، چوہدری ندیم نمبردار، سید عاقب رضا شمسی، میاں مبشر علی، رانا محمد سرور خاں ایڈووکیٹ، میاں راحت جاوید ایڈووکیٹ، چوہدری فیصل افضل راول ایڈووکیٹ، محمد فاروق رحمانی ایڈووکیٹ، محسن بھٹہ ایڈووکیٹ، رانا توصیف الرحمن ایڈووکیٹ، چوہدری عمران ندیم ایڈووکیٹ، سینیئر صحافی کلیم اللہ بٹ، رانا محمد سعید محمد سہیل سرور، عبدالرؤف ڈھلوں، طاہر چوراہی، میاں شہریار، سرگرم صحافی حافظ عبید الرحمن پیرزادہ، حافظ یاسر سیف گجر سمیت عوامی سماجی سیاسی صحافتی وکلاء حلقوں کی کثیر تعداد میں شرکت۔ راول فیملی کے میزبان حضرات نے افطار ڈنر میں شرکت کے لیے تشریف لانے والے ساتھیوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جبکہ معروف عالم دین مہتمم جامعہ مدرسہ تحفظ القران علامہ مولانا حکیم محمد اشرف خان نیازی محمدی سیفی نے افطار سے قبل خصوصی دعائے خیر بھی کروائی۔

مہذب قومیں منظم ہو کر قانون پر عملداری کرتی ہیں۔ محمد اکمل چیمہ

قانون پر عملدرآمد ایک نہیں ہر ایک کیلئے لازم ہونا چاہیے۔ سابقہ ضلع ناظم سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معاشرے کے سدھار کیلئے ہر پاکستانی کو اپنا مثبت عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔ قانون کا احترام ہر پاکستانی پر لازم ہے۔ وطن عزیز آج جس بحرانی کیفیت سے دو چار ہے یہ کوئی چند سال کی بات نہیں بلکہ دہائیوں سے ہم من حیث القوم تمام ریاستی اسٹیک ہولڈرز بشمول عوام اس کے ذمہ دار ہیں۔ کرپشن صرف روپے پیسے کی نہیں بدیانتی اخلاقی گراوٹ سیاسی و سماجی حیثیت کا ہر جگہ اور ہر سطح پر ناجائز استعمال بدرجہ اتم پایا جا رہا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و سابقہ ضلع ناظم سیالکوٹ محمد اکمل چیمہ نے ایک فکری نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بطور پاکستانی ہم سب کو قومی یکجہتی کیلئے ایک ہو کر آئین و قانون کی پاسداری کرنا ہوگی۔

ٹک ٹاکر رجب بٹ مسلسل شعائر اسلام کا مذاق اڑا رہا ہے: رمضان سیہول

ایسے لوگوں پر فوری پابندی لگا کر سخت کارروائی کی جائے: گلفام سیہول



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ٹک ٹاکر رجب بٹ نے شعائر اسلام کا مذاق اڑایا یہ لوگ چند ویوز کے چکر میں پاگل ہو چکے ہیں ان کی زبان بند کرنے کی اشد ضرورت ہے بار بار دین کا مذاق بنانے والوں کے خلاف سخت ایکشن ہونا چاہیے ٹک ٹاک اور یوٹیوبرز کیلئے بھی پالیسی بنائی جائے جو پیمرا کی طرح ان کے کانٹینٹ پر نظر رکھے اسلام دشمنی پر مبنی کانٹینٹ بنانے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پی پی 136 کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری رمضان مصطفی سیہول اور نائب امیر پی پی 136 چوہدری گلفام مصطفی سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ 295C اسلام کی ریڈ زون ہے ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت 295C کا مذاق اڑایا گیا ہے ادارے فوری حرکت میں آئیں اور قیام امن کی خاطر رجب بٹ کو فوری گرفتار کرکے کارروائی کریں تاکہ آئندہ سے ایسا کوئی بھی کانٹینٹ بنانے والے 100 بار سوچیں اگر ایسے لوگوں کو چھوٹ دی گئی تو آئندہ مزید ایسے واقعات جنم لے سکتے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی پالیسیوں نے دل جیت لئے ہیں۔ اظہر حمید بھٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پنجاب کے دیگر شہروں کی طرح انفراسٹرکچر، زرعی و صنعتی ترقی کے جاری و مکمل منصوبوں پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قائدانہ صلاحیتوں کا ڈنکا بج رہا ہے۔ پاکستان کے دیگر صوبوں کے برعکس عوام دوست منصوبوں کی بدولت مریم نواز شریف ٹاپ پوزیشن کی حامل وزیر اعلیٰ ہیں۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کے معروف صنعتکار بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی اور معروف سیاسی و سماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلاشبہ ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کی ترقی کیلئے اور خصوصاً سیالکوٹ لاہور موٹروے کی تعمیر کی صورت میں وزیر دفاع و ہوابازی خواجہ محمد آصف ایم این اے کی عملی کاوشیں ناقابل فراموش ہیں۔

رجسٹری برانچ اربن ون/ اربن ٹو میں کرپٹ مافیا کا راج

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال ڈویژنل بیورو) رجسٹری برانچ اربن ون/ اربن ٹو میں کرپٹ مافیا کا راج جعلسازی کے ذریعے گین ٹیکس ایڈوانس کی مد میں سرکاری خزانہ کو کروڑوں روپے کا ٹیکہ لگائے جانے کا انکشاف شہری نے 5 سالہ واجبات کا ریکارڈ مانگ لیا حکام سے سپیشل آڈٹ کروانے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق شہری قیصر ندیم ساقی نے انفارمیشن کمیشن پنجاب میں اپیل دائر کرتے ہوئے کمشنر انفارمیشن سے درخواست کی ہے کہ رجسٹری برانچ اربن ون/ اربن ٹو کا پانچ سالہ ریکارڈ گین ٹیکس/ ایڈوانس ٹیکس سمیت دیگر سرکاری واجبات فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں درخواست گزار نے کمیشن کو نشاندہی کیا ہے کہ سب رجسٹرار غلام مصطفے انصاری کی ملی بھگت سے سرکاری خزانہ کو ابتک کروڑوں روپے کا نقصان پہنچایا جا چکا ہے جبکہ ایڈوانس ٹیکس/ گین ٹیکس وثیقہ نویسوں رجسٹری محرروں ٹاؤٹوں سے ملکر ہڑپ کیا جا رہا ہے انفارمیشن کمیشن نے ریکارڈ کی فراہمی کے لیے سب رجسٹرار اربن ون/ اربن ٹو کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے طلب کر لیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ اور ڈسٹرکٹ ڈائزسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اجلاس ڈی سی آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ فوکل پرسن ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 محمد اکرم پنوار، سی او ہیلتھ، سی او ایجوکیشن، لوکل گورنمنٹ، زراعت، انہار کے علاوہ دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے اجلاس کو پری فلڈ ایمرجنسی پلان، سیلابی پانی سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات، جنگلات میں آگ بجھانے کے طریقہ کار، ممکنہ سیلاب سے بچاؤ کے سلسلہ میں کئے جانیوالے حفاظتی اقدامات، عیدالفطر ایمرجنسی پلان کے ایجنڈا سے متعلق بریفنگ دی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے اسسٹنٹ کمشنرز سمیت متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایت کی کہ مون سون شروع ہونے سے قبل دریائی اور برساتی نالوں کی جوائنٹ انسپکشن کی جائے اور سیلابی پانی سے آبادیوں کو محفوظ رکھنے کیلئے تمام حفاظتی بندوں کو مضبوط کیا جائے۔ انہوں نے ایکسین ڈرینج کو ہدایت کی کہ نالوں کے پلوں اور کلوٹس کے نیچے سے بروقت ڈی سلٹنگ کرائی جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مون سون کے دوران کبھی بھی ایمرجنسی سے نمٹنے کیلئے تمام مشینری کو ہمہ وقت فنکشنل رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ زراعت اور لائیو سٹاک کے افسران کو جانوروں کیلئے چارہ ویکسین اور دیگر انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سی ای او ہیلتھ کو کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں تمام ضروری ادویات، ویکسین اور میڈیکل کیمپس کے سلسلہ میں انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف محکمہ سول ڈیفنس نے شکنجے کس لیے

85 ایل پی جی شاپس کو ری فلنگ کے غیر قانونی فعل پر سیل کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف محکمہ سول ڈیفنس نے شکنجے کس لیے، حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق عوامی جان و مال کے تحفظ کے لیے محکمہ سول ڈیفنس کی جانب سے رواں ماہ ابتک کل 85 ایل پی جی شاپس کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے کل 85 ایل پی جی شاپس کو ری فلنگ کے غیر قانونی فعل پر سیل کر دیا اور 2 کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج کروا دیا جبکہ کل 60 ہزار 5 سو روپے کے جرمانے اور فائر سیفٹی کے انتظامات مکمل نہ ہونے پر 11 عدد ایل پی جی شاپس کے خلاف چالان بنا کر اسپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ رینالہ خورد کی عدالت میں مزید قانونی کارروائی کیلئے بھجوا دیا، اس موقع پر ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر نے ایل پی جی شاپس سے متعلقہ حضرات پر زور دیا کہ حکومت کو ان کے بزنس پر کوئی اعتراض نہ ہے اگر ایل پی جی شاپس سے متعلقہ تمام حضرات ایل پی جی کی غیر قانونی ری فلنگ چھوڑ دیں اور باضابطہ طریقے سے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی گورنمنٹ آف پاکستان کے تمام ایس او پیز کو پورا کریں اور معیاری سیل بند سلنڈر فروخت کریں تو تمام افراد بے خوف ایل پی جی فروخت کا کام کر سکتے ہیں، انہوں نے مزید بتایا کہ اس غیر قانونی عمل کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائیگا کیونکہ پہلے ہی اس عمل سے بے شمار انسانی زندگیوں کا نقصان ہو چکا ہے۔

اساتذہ طالب علموں کی قابلیت پر بھرپور توجہ مرکوز کریں: ڈپٹی کمشنر

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے کہا ہے کہ اساتذہ طالب علموں کی قابلیت اور استعداد کار بڑھانے کیلئے ان پر بھرپور توجہ مرکوز کریں۔ معیاری تعلیم کا فروغ تسلسل سے جاری رکھنے کیلئے تعلیمی اداروں کو دور جدید کے تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دو سکولوں کے اساتذہ، طلبا سے میٹنگ کے دوران کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے سکولوں میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر کرنے کے حوالے سے بریفنگ کے دوران سکولوں میں تدریسی سرگرمیوں کے حوالے سے دریافت کیا اور ضروری امور بارے احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ایجوکیشن افسران سکولوں کا دورہ کرکے تدریسی و دیگر امور کی نگرانی کو یقینی بنائیں اور اس حوالہ سے سکولوں میں سہولیات کے حوالہ سے جائزہ لیکر رپورٹ پیش کی جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے طلباء وطالبات کی جانب سے بنائے گئے ماڈلز کو سراہا اور کہا کہ ایسے قابل اور ہونہار طلبا و طالبات پاکستان کا روشن مستقبل ہیں۔

ضلع میں تعلیم وصحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کا ٹاسک

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع میں تعلیم وصحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کا ٹاسک۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے بنیادی مرکز صحت اور مختلف چوک میں بوائز و گرلز سکولوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہیلتھ مرکز میں ادویات کی دستیابی اور علاج معالجہ کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مشینری کے فعال ہونے کی تصدیق کی جبکہ صفائی کا نظام بھی بہتر بنانے کی تاکید کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ریکارڈ رجسٹر بھی دیکھے اور مریضوں کو معیاری طبی سہولیات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سکولوں میں تدریسی و انتظامی امور کی مانیٹرنگ کی اور طالب علموں سے سلیبس کے بارے میں گفتگو کی۔ انہوں نے طالب علموں کی غیر حاضری اور اساتذہ کی عدم توجہی پر محکمانہ ایکشن لینے کی تاکید کی اور کہا کہ معیاری تعلیم اور عمدہ تربیت طرہ امتیاز ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عادی غیر حاضر ٹیچرز کے خلاف ایکشن لیا جائے۔ انہوں نے ہیڈ ٹیچرز سے کہا کہ وہ سکولوں میں انرولمنٹ پر توجہ دیں اور داخل بچے کسی صورت ڈراپ نہیں ہونے چاہیں۔

حافظ آباد میں سکولوں کالجوں اور اکیڈمیوں میں جانے والے طلبا وطالبات کی شامت آگئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں سکولوں کالجوں اور اکیڈمیوں میں جانے والے طلبا وطالبات کی شامت آگئی۔ پولیس طلبہ وطالبات کو کم عمر قرار دیکر چالان کرنے کے ساتھ ساتھ موٹر سائیکل ضبط کرنے لگی۔ جس کی وجہ سے والدین اور طلبا وطالبات پریشان ہو کر رہ گئے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس شہر بھر میں سکولوں کالجوں اور اکیڈمیوں میں جانے والے طلبہ وطالبات کے موٹر سائیکل پکڑ کر نہ صرف انکے چالان کر رہی ہے بلکہ انکے موٹر سائیکل بھی ضبط کئے جا رہے ہیں۔ جس پر والدین نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ چالانوں کی ادائیگی کے بعد بھی انہیں موٹر سائیکل نہیں دیئے جا رہے۔

الخدمت فاؤنڈیشن رینالہ خورد کے زیر اہتمام معزور افراد میں وہیل چیئر تقسیم کی گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) الخدمت فاؤنڈیشن رینالہ خورد کے زیر اہتمام معزور افراد میں وہیل چیئر تقسیم کی گئی۔ جس کے مہمان خصوصی رائے عتیق الرحمن کھرل، امیر رینالہ خورد بدر عباس لکھوی تھے۔ اس موقع پر صدر الخدمت فاؤنڈیشن رینالہ خورد ڈاکٹر جواد طیب نے کہا ہے کہ الخدمت فاؤنڈیشن نے ہمیشہ انسانیت کی خدمت کی ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن نے رینالہ خورد میں واٹر فلٹریشن پلانٹ، یتیم بچوں کی کفالت، صحت جیسے پروجیکٹس میں کام کر رہی ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن کا مشن انسانیت کی خدمت ہے۔ اور باہمت ماؤں کو اپنا روزگار کے لیے بلاسود آسان کاروبار قرضہ فراہم کر رہی ہے

پروفیسر علی حیدر ڈوگر پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز اوکاڑا تعینات

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پروفیسر علی حیدر ڈوگر پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز اوکاڑا تعینات۔ تعلیم دوست شہری حلقوں کی جانب سے ایک اہم اور قدیمی تعلیمی درسگاہ میں مستقل بنیادوں پر ایک محنتی، ہونہار اور ایماندار آفیسر کی بطور ہیڈ تعیناتی خوش آئیند اور احسن اقدام قرار۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز میں مستقل پرنسپل کی تعیناتی کی خالی آسامی پر محکمہ تعلیم پنجاب کیجانب سے پروفیسر علی حیدر ڈوگر کا نوٹیفکیشن جاری۔ عہدے کا چارج سنبھالنے پر سینئر نائب صدر اوکاڑا پریس کلب محمد طارق خان بلوچ کی صحافتی نمائندگان، اور سیاسی سماجی شخصیت وحید طارق منا بلوچ سول سوسائٹی ممبران اور علم دوست سماجی تنظیموں کے عہدیداران کے ہمراہ ملاقات کی اور تعیناتی پر خوش آمدید کہا اور مبارکباد پیش کی اور ادارے میں تعلیمی و انتظامی انفراسٹرکچر کی بہتری بارے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر نئے اپوائنٹ ہونے والے پرنسپل علی حیدر ڈوگر نے شرکاء میٹنگ کو یقین دہانی کروائی کہ وہ بطور انچارج اور انکی ٹیم میں موجود تمام فیکلٹی پروفیسرز، کلرکس، لیب اسسٹنٹس و دیگر تمام سٹاف بطور ٹیم اپنی تمام تر صلاحیتوں کو نیک نیتی، جانفشانی، ایمانداری اور ادارے کی ترقی کے جذبے سے سرشار ہو کر دن رات محنت کرکے بروئے کار لائیں گے۔ نیز اس موقع پر نئے تعینات ہونے والے پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج بوائز اوکاڑا کا کہنا تھا کے بطور ہیڈ آف انسٹیٹیوٹ وزیر اعلیٰ پنجاب کی کرپشن اور بد انتظامی بارے زیرو ٹالرنس پالیسی پر من وان عملدرآمد کو ہر یقینی بنانا انکی کور ویلیوز میں شامل ہے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کا گورنمنٹ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

ٹراما سنٹر میں مریضوں کو دی جانے والی مفت ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کی سہولت کا جائزہ لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ایوب بخاری کا گورنمنٹ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا رات گئے اچانک دورہ، ٹراما سنٹر میں مریضوں کو دی جانے والی مفت ایمرجنسی ٹریٹمنٹ کی سہولت کا جائزہ لیا اور مریضوں اور ان کے لواحقین سے ہسپتال میں ملنے والی طبی سہولیات، لیبارٹری ٹیسٹ اور ادویات کی بابت استفسار کیا۔ اے ڈی سی جی نے ڈاکٹر اسد پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری چیک کی اور مریضوں کے ساتھ دیکھ بھال کیلئے آئے افراد کیلئے نشستوں کے اہتمام اور بیڈ شیٹ کی تبدیلی کے طریقہ کار کے حوالے سے ڈیوٹی پر موجود ڈی ایم ایس ڈاکٹر علی عمران سے دریافت کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق مریضوں کو علاج کیلئے ادویات، لیبارٹری ٹیسٹ اور دیگر طبی سہولیات بغیر مریضوں کی عزت نفس مجروح کئے فراہم کرنا ہسپتال منتظمین کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس امر کو یقینی بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کو روزانہ کی بنیاد پر انسپکشن کی ہدایت کی گئی ہے اس سلسلہ میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی یہ پیشہ وارانہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی پوری ایمانداری اور جانفشانی سے انجام دیں اور دکھی انسانیت کی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔ قبل ازیں اے ڈی سی جی ایوب بخاری نے ہسپتال کے پارکنگ اسٹینڈ میں شیڈول پارکنگ فیس سے تین گنا زائد وصولی پر تشویش کا اظہار کیا اور ہسپتال انتظامیہ سے اس بابت وضاحت طلب کر لی اور ڈی ایم ایس کی موجودگی میں اوور چارجنگ کی پاداش میں ٹھیکیدار کو تھانہ رنگپورہ پولیس کے سپرد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ شیڈول فیس ریٹس کا بورڈ واضح جگہ پر آویزاں کریں اور جس پر شکایت کی صورت میں فون نمبر درج کیا جائے۔

سیالکوٹ چیمبر آف کامرس صنعتکاروں کا بہترین فورم ہے۔ عمر خالد

سیالکوٹ بزنس کمیونٹی میں بے پناہ ٹیلنٹ ہے۔ نائب صدر سیالکوٹ چیمبر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک مگر عام کسانوں اور چھوٹے زمینداروں کیلئے ناقص پالیسیوں کی بدولت اور بڑے جاگیرداروں سے ٹیکس کولیکشن نہ ہونے کی وجہ سے زراعت و عام کسان بدحالی کا شکار ہے ایسے میں صنعتی شعبہ ہی ہے جو ملکی معیشت کو زرمبادلہ کی صورت میں استحکام دیتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار وائس پریذیڈنٹ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عمر خالد نے اپنے چیمبر میں نوجوان تاجروں کے نمائندہ وفد سے گفتگو کے دوران کیا۔ نائب صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ نے کہا کہ ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے صنعتکاروں کو اگر بہترین سہولیات اور خام مال کی درآمد و ٹیکسز میں نرمی برتی جائے تو کاسٹ آف پروڈکشن میں کمی سے اپنی کوالٹی پراڈکٹس کی دنیا بھر میں ایکسپورٹس بڑھاتے ہوئے سیالکوٹ کا صنعتی شعبہ ڈبل زرمبادلہ کما کر دے سکتا ہے۔

پاک افواج نے قربانیاں دے کر ملک میں امن امان قائم کیا: عبدالرحیم مندوخیل

تاریخ میں یہ قربانیاں سنہری حروف سے لکھی جا چکی ہیں آج جو پاکستان میں جو امن ہے

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) دیپالپور پاک افواج نے قربانیاں دے کر ملک میں امن امان قائم کیا عبدالرحیم مندوخیل چیئرمین صدر پاکستان آرمی زندہ باد موومنٹ صوبہ بلوچستان پاکستان نے کہا ہے کہ پاک فوج نے قربانیاں دیں کر ملک میں امن و امان قائم کیا تاریخ میں یہ قربانیاں سنہری حروف سے لکھی جا چکی ہیں آج جو پاکستان میں جو امن ہے اور معیشت کی مظبوطی ہے اس کے پیچھے افواج پاکستان کا کردار اور اس کے شہداء کی لازوال قربانیاں پوشیدہ ہیں عوام ہر مشکل گھڑی میں پاک افواج سے امیدیں وابستہ کرتی ہے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے عبدالرحیم مندوخیل چیئرمین صدر پاکستان آرمی زندہ باد موومنٹ صوبہ بلوچستان پاکستان زاہد عمران خاں جنجوعہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہماری فوج ہے تو ہم ہے ہماری فوج عوام کی ہر مشکلات کے ساتھ کھڑی ہے ہمارے فوجی نوجوان سرحدوں پر کھڑے ہوتے ہیں ہم سکون سے رات کو سوئے ہوتے ہیں پاکستان زندہ باد پاک فوج پائندہ باد۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

ٹک ٹاکرز کی حکومت عمران خان کے لیول تک نہیں پہنچ سکتی: فیصل پنوں

عوام نے پی ٹی آئی کو مینڈیٹ دیا جس چوری کر لیا گیا× سینئر رہنما تحریک انصاف

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ملک میں اس وقت ٹک ٹاکروں کی حکومت ہے یہ جو مرضی کر لیں عمران خان کے لیول تک نہیں پہنچ سکتے عوامی لیڈر اور مسخروں میں فرق ہوتا ہے عوام نے پی ٹی آئی کو مینڈیٹ دیا سخت حالات اور مشکلات کے باوجود عمران خان کے سپاہیوں کو ووٹ دے کر ان کا ہر حربہ ناکام بنا دیا جب دال نہ گلی تو عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ مار کر من پسند بندے اسمبلیوں میں بٹھا دیے گئے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما چوہدری فیصل حیات پنوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ الحمدللہ ہم حق کے ساتھ ہیں جس پر فخر ہے جو کچھ پی ٹی آئی کے ساتھ کیا جا رہا ہے حکومتی جماعتیں بھی جلد اسی مکافات عمل کا شکار ہوں گی پاکستان میں جمہوریت کو مذاق بنا دیا گیا ہے۔

بہنوئی کی فائرنگ سے زخمی ہونے والا نوجوان لاہور ہسپتال میں زیر علاج

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے محلہ رشید پورہ میں بہنوئی کی فائرنگ سے زخمی ہونے والا نوجوان لاہور ہسپتال میں زیر علاج ہے۔ چندروز قبل ملزم ناصر نے گھریلو جھگڑے پر فائرنگ کرکے اپنی بیوی ماریہ ظفر کو قتل کر دیا تھا۔ فائرنگ کی زد میں آکر اس کا برادر نسبتی مشارق اقبال شدید زخمی ہو گیا تھا جسے ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے ٹراما سنٹر منتقل کیا جہاں ڈاکٹروں نے اسے تشویشناک حالت کے پیش نظر لاہور ریفر کر دیا۔ پولیس نے مقتولہ کی والدہ کی درخواست پر مقدمہ درج کرکے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ بعض ذرائع کے مطابق مشارق اقبال زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا تھا تاہم ڈاکٹروں کے مطابق اسے تشویشناک حالت میں لاہور ریفر کیا گیا تھا۔ اس کے دم توڑنے کی خبریں غیر مصدقہ تھیں۔

ایس ایچ او صدر سیالکوٹ میاں رزاق نے 2 ڈکیت گینگ گرفتار کر لئے

گرفتار ملزمان سے موٹر سائیکلیں و لاکھوں روپے اور ناجائز اسلحہ برآمد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شہر اور گردونواح میں اسلحہ کے زور پر شہریوں کو لوٹنے والے دو گینگ صدر سیالکوٹ پولیس نے گرفتار کر لئے۔ گرفتار ڈکیت گینگز ملزمان سے لاکھوں روپے نقدی موٹر سائیکلیں اور اسلحہ برآمد کرکے مقدمات درج تفتیش جاری۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایات پر شہر اور گردونواح میں اسلحہ کے زور پر شہریوں کے ساتھ ڈکیتی کرنے والے دو گینگ جو خوف کی علامت بنے ہوئے تھے کے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے ایس ایچ او صدر سیالکوٹ انسپکٹر غازی میاں عبدالرزاق نے پولیس ٹیم کے ہمراہ دن رات کی انتھک محنت سے شاہراہ عام پر وارداتیں کرنے والے حامد عرف بلا گینگ کے سرغنہ حامد کو ساتھیوں حسنین، علی، عمر سمیت گرفتار کر لیا جبکہ موٹر سائیکلیں چھیننے والے دو رکنی حیدری گینگ کے سرغنہ حیدر کو ساتھی فرحان سمیت گرفتار کر لیا گیا چھ ڈاکوؤں نے دوران تفتیش پولیس کو بتایا کہ وہ مختلف شاہراہوں پر وارداتیں کرتے تھے ملزمان سے دوران تفتیش 3 لاکھ روپے نقدی پانچ موٹر سائیکلیں اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا ہے اور ان سے مزید تفتیش جاری ہے ملزمان کی گرفتاری پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فیصل شہزاد نے ایس ایچ او صدر غازی میاں محمد رزاق پولیس ٹیم کے لئے تعریفی سرٹیفکیٹ کا اعلان کیا ہے

تیز رفتار بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار میاں بیوی موقع پر جاں بحق ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار میاں بیوی موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ شوکت آباد رینالہ خورد کے رہائشی ہدایت اللہ ولد سردار اپنی بیوی صابراں بی بی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ اچانک راستے میں نواحی قصبہ 10 ون ایل بائی پاس کے قریب تیز رفتار بس نے بے قابو ہو کر ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار ہدایت اللہ اور اس کی بیوی صابراں بی بی موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کا ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کا ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی میں طبی سہولیات کا جائزہ، انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کی کی چیکنگ کی، ادویات کا سٹاک چیک کیا اور ڈاکٹر سٹاف کی حاضری کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں چیکنگ کا عمل تسلسل سے جاری رکھے اور مریضوں کی مناسب انداز میں نگہداشت کی جائے اور انہیں طبی سہولیات اور مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت مریضوں کا خیال رکھا جائے اور ان کو موثر انداز میں طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

انتقال پر ملال

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) اہلسنت کے بزرگ عالم دین اور جماعت رضائے مصطفےٰ پاکستان کے رہنما ممتاز روحانی شخصیت مولانا حاجی محمد عبدالرشید رضوی 80 برس کی عمر میں تھوسویا میں انتقال کر گئے۔ نماز جنازہ میں نامور علماء ومشائخ اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مولانا پیر محمد داؤد رضوی نے مرحوم کی دینی و ملی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور بلندی درجات کی دعا فرمائی۔

عیدالفطر کی آمد کے موقع پر مختلف مارکیٹس اور بازاروں میں خواتین کے تحفظ کیلئے جھنگ پولیس کا اہم اقدام

لیڈی پولیس افسران پر مشتمل بائیک اسکواڈ تشکیل، بازاروں میں اضافی نفری بھی تعینات کر دی گئی

جھنگ (بیورو رپورٹ) عیدالفطر کی آمد کے موقع پر مختلف مارکیٹس اور بازاروں میں خواتین کے تحفظ کیلئے جھنگ پولیس کا اہم اقدام، لیڈی پولیس افسران پر مشتمل بائیک اسکواڈ تشکیل، بازاروں میں اضافی نفری بھی تعینات کر دی گئی تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر عیدالفطر کی آمد کے موقع پر بازاروں، شاپنگ مالز اور مختلف مارکیٹس میں خواتین کے تحفظ کیلئے جھنگ پولیس کے سخت سکیورٹی اقدامات۔ لیڈی پولیس افسران پر مشتمل بائیک اسکواڈ تشکیل، بازاروں میں اضافی نفری بھی تعینات کر دی گئی۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ سٹریٹ کرائم، سنیچنگ ہراسمنٹ و دیگر جرائم کی روک تھام کیلئے لیڈیز اسکواڈ اپنا کردار ادا کرے گا مارکیٹس، بینکوں اور پبلک مقامات کے اطراف میں لیڈی اسکواڈ موثر سرویلنس کو یقینی بنائے گا۔ شہری خواتین نے پولیس کے اقدام کو سراہتے ہوئے قابل تحسین قرار دیا اور احساس تحفظ کا اظہار بھی کیا۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق خواتین کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے جا رہے ہیں

عید سے قبل سفید پوش اور ضرورتمندوں کی مدد کریں: میاں صغیر احمد

اللہ کی مخلوق کی خدمت کرنا بہترین عبادت اور صدقہ جاریہ ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عید سے قبل سفید پوش لوگوں کی مدد یقینی بنائیں ضرورتمندوں کی ضرورت پوری کرنا اور سفید پوش لوگوں کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنا ہی اصل عید ہے عید سے قبل عید کی تیاری سے مراد یہی ہے کہ مستحق افراد کی ضروریات کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ وہ بھی عید کی خوشیاں دیکھ سکیں ان خیالات کا اظہار درویش پراپرٹی کنسلٹنٹ کے سی ای او میاں صغیر احمد نے اپنے اربن سٹی آفس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ضرورتمندی کی ضرورت پوری کرنا ہی اصل نیکی ہے اس کیلئے ہر وقت تیار رہنا چاہیے اللہ کا قرب حاصل کرنے کیلئے اس کے بندوں کے کام آنا بہترین عمل ہے آئیں سب مل کر اللہ کی مخلوق کی خدمت کرنے کا عزم کریں۔

دیپالپور میں حافظ قرآن کے قتل کا معمہ حل

اوکاڑہ ملزمہ ام حبیبہ نے پسٹل کے فائر سے حافظ اللہ دتہ کو قتل کیا

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) دیپالپور تھانہ صدر دیپالپور میں حافظ قرآن کے قتل کا معمہ حل اوکاڑہ حقیقی بیٹی ہی اپنے باپ کی قاتل نکلی اوکاڑہ نے آلہ قتل بھی برآمد کر لیا اوکاڑہ جدید سائنٹیفک طریقے سے پولیس نے 72 گھنٹے میں قتل ٹریس کیا اوکاڑہ ٹھوس شہادت اور مربوط چالان مرتب کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ڈی پی او راشد ہدایت اوکاڑہ کسی کو ناحق قتل کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، ڈی پی او راشد ہدایت ڈسٹرکٹ پولیس اوکاڑہ۔ ملزمہ ام حبیبہ نے پسٹل کے فائر سے حافظ اللہ دتہ کو قتل کیا اوکاڑہ پسند کی شادی میں رکاوٹ، ملزمہ اور والدہ پر تشدد قتل کی وجہ بنی اوکاڑہ ملزمہ نے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا، مزید تفتیش جاری اوکاڑہ پولیس

وزیر اعلیٰ مریم نواز صوبہ کی عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے دن رات کوشاں ہیں

جن کی جاری کاوشوں سے ایک بار پھر ترقی وخوشحالی کا دور شروع ہو چکا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ پنجاب میں وزیر اعلیٰ مریم نواز صوبہ کی عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے دن رات کوشاں ہیں جن کی جاری کاوشوں سے ایک بار پھر ترقی وخوشحالی کا دور شروع ہو چکا ہے، مریم نواز شریف کی جدوجہد کا مرکز ومحور میاں نواز شریف کے انقلابی ویژن کی تکمیل ہے جس کے تحت خوشحالی صوبہ کے عوام کا مقدر بن رہی ہے اور پسماندگی کے خاتمہ سمیت غریب عوام کو بھرپور حاصل ہو رہا ہے موجودہ پنجاب حکومت نے مستحقین ومعزور افراد کی فلاح و بہبود کیلئے انقلابی اقدامات اٹھائے اور غریب گھرانوں کی بچیوں کی شادیوں کیلئے دھی رانی پروگرام کا آغاز کرکے لاکھوں خاندانوں کی ڈھارس بندھائی پنجاب کے عوام وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے اقدامات پر مطمئن ہیں اور انکی جاری کاوشوں کے ثمرات سے یکسر مستفید ہو رہے ہیں پنجاب میں ترقی کی رفتار دیگر صوبوں کے مقابلوں میں کہیں بڑھ کر ہے انفراسٹرکچر پر بھرپور توجہ دی جا رہی ہے اور بنیادی عوامی مسائل کے حل کی خاطر تمام محکموں کو فعال کیا گیا ہے جو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے بہترین ایڈمنسٹریٹر ہونے کا ثبوت ہے۔

خطرناک ڈاکو پولیس مقابلے میں اپنے ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آکر ہلاک ہو گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) خطرناک ڈاکو پولیس مقابلے میں اپنے ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آکر ہلاک ہو گیا تفصیلات کے مطابق تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن کی حدود، کشمیر کالونی کے قریب پولیس ناکہ بندی پر تین مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو چیکنگ کیلئے روکا گیا، مشکوک افراد نے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی اور فرار ہونے کی کوشش کرنے لگے اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں ایک ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آکر موقع پر ہلاک ہو گیا ہلاک ملزم کی شناخت خطرناک ڈاکو واجد حوآنہ کے نام سے ہوئی ہے، جو ڈکیتی کے دوران قتل سمیت رابری اور چوری کے 50 کے قریب سنگین مقدمات میں ریکارڈ یافتہ اشتہاری مجرم تھا پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے پسٹل اور موٹر سائیکل برآمد کر لیا ہے، جبکہ فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔

ایس ایچ او حاجی پورہ، مراد پور، تھانہ اگوکی نے ون وہیلرز گرفتار کر لئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کا شہریوں کی شکایات کے بعد زبردست ایکشن۔ ایس ایچ او حاجی پورہ نے ٹیم کے ہمراہ گھیرا ڈال کر موٹر سائیکل پر ون ویلنگ کرنے والے 16 نوجوانوں کو موٹر سائیکلوں سمیت گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کیمطابق تھانہ حاجی پورہ کے علاقوں سے پولیس نے موٹر سائیکل پر شاہراہ عام پر ون ویلنگ کرنے والے بدبخت عبدالرحمن، شہروز، حسن جاوید، عبداللہ، جواد، ابراہیم، ریحان مغل، مبشر، فیصل، توصیب اور ہنزلہ، تھانہ مراد پور، شہباز اکرم گجر نے علاقہ مراد پور سے ون ویلر ابوبکر جبکہ ایس ایچ او تھانہ اگوکی نعمان بٹر نے علاقہ اگوکی سے ایان، طفیل، محسن اور فیضان کو ویلنگ کرتے ہوئے گرفتار کرکے انکی موٹر سائیکلیں قبضہ میں لی اور مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کر دی۔

قبضہ گروپوں کے گرد گھیرا تنگ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں تعینات ہونے والے نئے ایس پی انوسٹی گیشن عمران احمد خان نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں قبضہ گروپوں، منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرکے عوام کو بھرپور تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران پر زور دیا کہ وہ میرٹ پر تفتیش کرکے بروقت چالان جمع کروائیں اور مظلوم کی ہر لحاظ دادرسی اور ظالم کی حوصلہ شکنی کی جائے۔

پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 کروڑ 11 لاکھ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کر دیا

لوگوں کی جان ومال، عزت کی حفاظت میری اولین ترجیح ہے۔ ضلع بھر میں چوروں، ڈکیتوں، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 کروڑ 11 لاکھ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کر دیا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے پریس کانفرنس کے دوران میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال، عزت کی حفاظت میری اولین ترجیح ہے۔ ضلع بھر میں چوروں، ڈکیتوں، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈی پی او نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ سٹی سرکل پولیس، پولیس آرگنائزڈ کرائم یونٹ نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 7 ڈکیت گینگ سمیت ڈکیتی، راہزنی، نقب زنی، موٹر سائیکل چوری، مویشی چوری کی وارداتوں میں ملوث 50 سے زائد ڈکیت ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 2 کروڑ 11 لاکھ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے 16 تولے طلائی زیورات، 42 مسروقہ مال مویشی، 48 موٹر سائیکلیں، 2 رکشے، 46 موٹرز بجلی، 3 رکشے، 16 موبائل فون، 5 عدد میٹر بجلی، برآمد کر لئے گئے۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے برآمدہ مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کیا جس پر مدعیان نے پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس فورس کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، جدید ٹیکنالوجی، ہیومن ریسورس کا استعمال کرکے مختلف جرائم میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔

نوگزہ مارکیٹ اسلامیہ ہسپتال روڈ کے عہدیداران اور تاجر اتحاد آٹو یونین کے عہدیداران نے ضلعی انجمن تاجران میں شمولیت کا اعلان کر دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نوگزہ مارکیٹ اسلامیہ ہسپتال روڈ کے عہدیداران اور تاجر اتحاد آٹو یونین کے عہدیداران نے ضلعی انجمن تاجران میں شمولیت کا اعلان کر دیا، ضلعی انجمن تاجران چنیوٹ کے وفد کی صدر حاجی محمد جمیل فخری کی زیر قیادت نوگزہ مارکیٹ آمد نو منتخب صدر سلیمان مانی اور دیگر عہدیداران کو مبارکباد دی گئی، وفد میں حاجی محمد زاہد، تیمور احمد مرزا، محبوب عالم بھولا، چوہدری اسلام شیخ ندیم الٰہی، ندیم فیاض، ندیم جکنو، اویس احمد، صفدر منوں، عرفان یونس، یامین خان، شیخ عالمگیر منیر، شیخ راشد گلزار، شیخ حامد اشفاق، شاہد احمد، نصیر مراد، قیصر پینٹ والے، شیخ مختار علی شیخ و دیگر رہنماؤں نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دی۔

پیکا جیسے کالے قانون بنا کر عوام پر سول مارشل لا مسلط کیا جا رہا ہے: عمر منظور چوہدری

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) میڈیا اور عوام کی آزادی رائے چھیننے والے حکمران پیکا جیسے کالے قانون بنا کر عوام پر سول مارشل لا مسلط کر رہے ہیں جو کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔ حکومت کو یہ پیکا ایکٹ واپس لینا ہوگا عوام سے آزادی رائے چھیننا کہاں کا انصاف ہے۔ وحید غنی چوہدری۔ عمر منظور چوہدری۔ تفصیلات کے مطابق صدر گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ محمد اشرف تصیم، جنرل سیکرٹری میاں احمد وٹو کی طرف سے ساہیوال ڈویژن کے سینیئر صحافیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذمہ داروں کے اعزاز میں پرتکلف افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں وحید غنی چوہدری سینیئر صحافی عمر منظور چوہدری راؤ محمد عتیق، فنانس سیکرٹری، چیئرمین گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ الطاف ساقی، خاتون صحافی میڈم ناہید انجم، چوہدری زین اسلم کمبوہ، ملک باسط بلال جھکڑ، ایڈمن موٹروے پولیس بیٹ 15 خیام حسین، ایس ایچ او تھانہ یوسف والا اے ڈی شاہین، ایس ایچ او تھانہ نور شاہ مہر عمر دراز سیال چوکی انچارج گیمبر ذیشان اکرم، انچارج پٹرولنگ پولیس پوسٹ 64 فور آر عاطف بشیر، گیمبر کی سیاسی سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکمران پیکا جیسے کالے قانون پاس کرکے پاکستانی میڈیا کو اندھا گونگا اور بہرا بنانا چاہتے ہیں تاکہ ان کے عوام دشمن کارنامے اور ان کی بدانتظامی و بے اعتدالیوں پر بولنے والا کوئی نہ ہو جو کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔ ہم اس کالے قانون کو مسترد کرتے ہیں اور حکومت وقت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ہوش کے ناخن لے اور پیکا ایکٹ کو فوری واپس لے۔

پاکستان کے نوجوان پی ٹی آئی کے ساتھ نہیں: رانا ممتاز محمود خاں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما و میدوار این اے 115 رانا ممتاز محمود مون خاں نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوان پی ٹی آئی کے ساتھ نہیں بلکہ (ن) لیگ کے ساتھ ہیں نئی نسل پارٹی قیادت پر بھرپور اعتماد رکھتی ہے اور ملکی ترقی وخوشحالی کی خاطر میاں محمد نواز شریف کے ویژن کی تکمیل چاہتی ہے عوام کے تعاون اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وفاقی اور صوبائی حکومت تعمیر وترقی اور عوامی خدمت کے میدان میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، بانی پی ٹی آئی نے نوجوان نسل کو گمراہ کیا، ایسے عناصر کسی سرکاری یا عوامی عہدے کے مستحق نہیں جنہوں نے سیاست کیلئے ریاست پر حملہ کیا ہو کسی بھی ملک میں اگر امن استحکام ہوگا تو ترقی و خوشحالی پروان چڑھے گی جس کا ادارک کرتے ہوئے (ن) لیگ نے ہمیشہ ملک میں سیاسی استحکام کی خاطر کردار ادا کیا ہے مگر پی ٹی آئی نے ماضی سے سبق نہیں سیکھا اور اب بھی ملک میں سیاسی عدم استحکام برپا کرکے معاشی استحکام کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے کی ناکام کوشش کر رہی ہے، جھوٹ اور فریب کا گھناؤنا کھیل جو 2017ء میں نواز شریف اور پاکستان کے مستقبل سے کھیلا گیا اس کے نتائج قوم کے سامنے ہیں میاں نواز شریف کے خلاف کی گئی سازشوں کے باعث ملک معاشی عدم استحکام کا شکار ہوا اور معاشرتی مسائل کی بھرمار نے عوام کی زندگیاں اجیرن بنائیں پی ٹی آئی نے اپنے دور اقتدار میں رہی سہی کسر نکال دی اور معیشت کو زمین بوس کرکے پاکستان دشمنی کا ثبوت دیا اب ملک کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے (ن) لیگ کی وفاقی حکومت وزیر اعظم میاں شہباز شریف کی قیادت میں بھرپور جدوجہد کر رہی ہے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ نمبر 1

لاہور خالد احمد بٹ، سیکرٹری عامر نثار خان سمیت وسطی لاہور کے ذمہ داران موجود تھے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ حکومت نے بلدیاتی انتخابات اپنی مرضی کے مطابق نظام بنانے کیلئے مجوزہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ تشکیل دیا ہے جس کسی صورت قبول نہیں کریں گے اور عوام میں اس کے خلاف بھرپور مہم بھی چلائیں گے۔ امیر لاہور نے کہا کہ حکومت کو مجبور کریں گے وہ آزادنہ بلدیاتی الیکشن اور منتخب نمائندوں کو بااختیار بنانے کیلئے مجوزہ بلدیاتی ایکٹ میں اصلاحات کرے۔

بقیہ نمبر 2

کی ہدایت کی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فہرستیں آویزاں کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں شکایات کاؤنٹرز فعال کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کے ویٹنگ ایریاز میں تیمارداروں کیلئے کرسیوں اور بینچز کا انتظام کیا جائے۔ سرکاری ہسپتالوں کے اوپن ویٹنگ ایریاز میں مست فین مہیا کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کو کوئی پریشانی نہیں آنی چاہئے۔ لاہور میں ایشیاء کا سب سے بڑا نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ بنایا جارہا ہے۔ لاہور اور سرگودھا میں اسٹیٹ آف دی آرٹ نواز شریف انسٹی ٹیوٹس آف کارڈیالوجی بنائے جارہے ہیں۔ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام، چیف منسٹرز ڈائیلسز پروگرام اور چیف منسٹرز سپیشل انٹی ٹیوٹ فار ٹرانسپلانٹ پروگرام صحت کے شعبہ میں فلیگ شپ پروگرامز ہیں۔ 58 میں سے 16 ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں پی آئی ٹی بی کی مدد سے کیو مینجمنٹ سسٹم چلا رہے ہیں۔ اگلے فیز میں تمام دیگر ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں کیو مینجمنٹ سسٹم لانے کا منصوبہ ہے۔ ہسپتالوں میں ڈیوٹی روسٹر آویزاں کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں صفائی ستھرائی پر کوئی سمجھوتا نہیں سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی کیلئے حکومت پنجاب بجٹ کے علاوہ اضافی فنڈز بھی مہیا کررہی ہے۔ ہسپتالوں کے بلڈ بینکس کی لائسنسنگ وصفائی ستھرائی کو بھی یقینی بنایا جارہا ہے۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن سرکاری ہسپتالوں میں انفیکشن کنٹرول پر کام کررہا ہے۔ ہسپتالوں میں پارکنگ اور کیفے ٹیریاز کے ٹھیکوں کی ای ٹینڈرنگ کی جارہی ہے۔ پاکستان پوسٹ کے ذریعے سات کارڈیک اور پانچ کینسر ہسپتالوں کے ذریعے مریضوں کو ان کے گھروں تک ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کو سرکاری ہسپتالوں کی مسلسل انسپکشن کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس میں وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، پرو وائس چانسلر پروفیسر جنید رشید، پرنسپل سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز پروفیسر زوہرہ خانم، ایم ڈی چلڈرن ہسپتال لاہور پروفیسر ٹیپو سلطان، ایم ایس سروسز ہسپتال ڈاکٹر عابد محمود غوری، ایم ایس پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ڈاکٹر عامر رفیق، ایم ایس جنرل ہسپتال ڈاکٹر فرید اور ایم ایس پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز ڈاکٹر عمر اسحاق و دیگر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 3

مشکلات میں اضافہ کر رہے ہیں۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کسی کو بھی عوام کے مسائل کے حل سے کوئی غرض نہیں اور نہ ہی قومی سلامتی اور عزت ووقار کی قدر ہے۔ ملکی حالات دن بدن ابتر ہوتے چلے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور اور قصور میں مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ملک قرضوں میں جکڑ دیا گیا ہے صنعتیں بند پڑی ہیں اور بے روزگاری میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے۔ حکمران رائٹ سائزنگ اور ڈاؤن سائزنگ کے نام پر لوگوں کو بے روزگار کرنا بند کریں اداروں کو دیانت دار اور باصلاحیت مینجمنٹ دیں۔ اپنی عیاشیاں اور غیر ترقیاتی اخراجات ختم کریں۔ بڑی گاڑیوں مفت پٹرول مفت بجلی اور دیگر مراعات سے دستبردار ہو جائیں تو حالات سدھر جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ مفادات کی سیاست نے ملک وقوم کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ ظلم وستم کے اس نظام نے عوام سے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے، جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے ساتھ مافیاز نے لوٹ مار کا بازار گرم کررکھا ہے۔ غیر سنجیدہ اور ڈنگ ٹپاؤ فیصلے کرکے ملک وقوم کو انتشار، سیاسی عدم استحکام اور انارکی کی طرف دھکیلا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ محب وطن قیادت کا فقدان ہے۔ حکمرانوں کی ناقص کارکردگی کی بدولت ادارے تباہ اور کرپشن نے نظام کو کھوکھلا کرکے رکھ دیا ہے۔ جماعت اسلامی پاکستان کو حقیقی معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے تاکہ کوئی بھی شخص بھوکہ نہ سوئے۔ محمد جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ ملک پر کرپٹ افراد کا ٹولہ ہے جو فارم 47 کے ذریعے مسلط کردیا گیا ہے۔ انہوں نے اداروں کو تباہ کیا اور کرپشن کرکے بیرون ملک اپنے اثاثہ بنائے، قوم کو درپیش مسائل کے حل سے انہیں کوئی غرض نہیں۔

بقیہ نمبر 4

میں معاشرے کا کرب اور اچھوتے موضوع پائے جاتے ہیں ان کا قلم معاشرے کے نئے موضوعات کا نباض ہے۔ تقریب کے مہمان خصوصی جوائنٹ سیکرٹری پریس کلب اور ایکٹ کمیٹی کے رکن عمران شیخ، مہمان اعزاز نیاز حسین لکھویرا، ناروے میں مقیم سینئر جرنلسٹ ارشد ورک اور گفتگو فورم کی روح رواں انیس احمد تھے جنہوں نے انہیں بہترین شاعرہ قرار دیا۔ نیاز لکھویرا نے کہا کہ ہمیں اب انکی پانچویں کتاب کا انتظار رہے گا۔ تقریب کا آغاز حافظ محمد ساجد نے تلاوت کلام پاک سے کیا۔ پروفیسر یونس بھٹی اور شاعرہ تسنیم تصدق نے میناجی کے فن کے حوالے سے مضامین پڑھے۔ وقار احمد وقار نے ان پر لکھی نظم پڑھی۔ مہمان خصوصی مینا جی نے اپنے بارے میں گفتگو کی اور اپنی نئی نثری نظموں کی کتاب "برق فلک" سے اپنا کلام پیش کیا۔ انہوں نے صحافیوں کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض سینئر صحافی سعید اختر نے سرانجام دیئے۔ تقریب کے اختتام پر صدر محفل رانا شہزاد، مہمان اعزاز ارشد ورک، سینئر صحافی و ایکٹ کمیٹی کے ارکان سعید اختر اور شہزاد فراموش نے میناجی کو پھول اور یادگاری شیلڈ پیش کی۔ تقریب میں سینئر صحافی علامہ صدیق اظہر، لقمان خان، اقبال ہارپر، حبیب چوہان، نواز طاہر، حارث مرغوب، جمال احمد، طارق کامران، کرم داد بلوچ، فرخ اور دیگر شعبہ ہائے زندگی کے افراد نے بھرپور شرکت کی۔

بقیہ نمبر 5

یونیورسٹی سے امتحان پاس ہونا ضروری ہے جبکہ امیدوار کے گھرانے کی تمام ذرائع سے ماہانہ آمدنی 59,600 روپے سے زیادہ نہ ہو۔ تمام درخواستیں صرف محکمہ کی مخصوص ویب سائٹ پر آن لائن لنک کے ذریعے جمع کروائی جا سکتی ہیں: https://scholarships hrman.punjab.gov.pk درخواستوں کی آخری تاریخ 19 اپریل 2025 بوقت رات 12 بجے تک ہے۔ درخواست کے ساتھ درج ذیل دستاویزات کی تصدیق گریڈ 17 یا اس سے اوپر کے سرکاری گزیڈ افسر سے کروا کر اپلوڈ کی جائیں گی۔ درخواستوں کا مکمل طور پر جائزہ محکمہ کی مجوزہ پالیسی کے تحت کیا جائے گا، محکمہ کسی بھی وقت اس وظائف پروگرام کو بغیر کسی وجہ کے بند کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے تاہم تمام درخواستیں بذریعہ ڈاک جمع نہیں کی جائیں گی، اور صرف آن لائن درخواستیں ہی زیر غور لائی جائیں گی۔ مزید معلومات کے لئے امیدوار ہیلپ لائن 1040 یا 042-99333644 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 6

کمپنی لیسکو کیلئے قصور دردسر بن گیا ہے۔ لیسکو کے 7 سرکلز میں سے سب سے زیادہ بجلی چوری قصور سرکل میں کی جارہی ہے لیسکو دستاویزات کے مطابق قصور سرکل میں بجلی چوری کی وجہ سے پوری کمپنی کی کارکردگی متاثر ہورہی ہے لیسکو کے قصور سرکل میں ایک سال کے دوران 37 ارب، 20 کروڑ، 70 لاکھ روپے کی بجلی چوری ہوئی قصور رورل ڈویژن میں 8 ارب 64 کروڑ، 80 لاکھ، پھول نگر ڈویژن میں 9 ارب 62 کروڑ، 90 لاکھ، چونیاں ڈویژن میں 9 ارب، 38 کروڑ، 70 لاکھ، قصور سٹی ڈویژن میں 5 ارب، 66 کروڑ، 70 لاکھ اور کوٹ رادھا کشن ڈویژن میں 2 ارب، 87 کروڑ، 70 لاکھ روپے کی بجلی چوری کی گئی ایک سال کے دوران بجلی چوروں کیخلاف 26 ہزار، 9 سو 87 مقدمات درج کیے گئے بجلی چوروں کو 84 کروڑ، 89 لاکھ، 63 ہزار روپے کے ڈی بل چارج کیے گیے لیکن اس میں سے صرف 33 کرور 68 لاکھ، 67 ہزار 911 روپے وصول کیے جاسکے قصور سرکل کی ریکوری محض 40 فیصد رہی ذرائع کے مطابق قصور سرکل میں بجلی چوروں کو بااثر سیاسی خاندانوں کی سرپرستی حاصل ہے، لیسکو ذرائع کے مطابق اگر قصور کے بجلی چوروں کو سیاسی پشت پناہی نہ ہوتو قومی خزانے کو سالانہ 40 ارب روپے کی بجلی چوری سے ہونے والے نقصان سے بچایا جا سکتا ہے۔ لیسکو ایکسین پھولنگر نوید بھٹی صرف غریب غربا لوگوں کے گھروں تک رینجر اور پولیس کا استعمال کرنے میں صرف دکھائی دیتے ہیں جبکہ بجلی چوروں کی سرپرستی میں ایکسین لیسکو پھولنگر نوید بھٹی اور ایس ڈی او لیسکو چوکی رورل، چوکی سٹی کا ہاتھ شامل ہے شہریوں صدر امن سول سوسائٹی چوکی محمد نوید بھٹی، اکمل علی کمبوہ و دیگر نے مطالبہ کیا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف فوری طور پر نوٹس لیں اور ان کرپٹ افسران کیخلاف محکمانہ کاروائی کرتے ہوئے انکوکریوں سے برخاست کریں۔

بقیہ نمبر 7

ڈائیوسیس، چرچ آف پاکستان) اور دیگر شامل تھے۔ کانفرنس میں گفتگو کا محور خواتین کی قیادت میں شرکت، سیاست میں ان کا کردار بڑھانے اور کمیونٹیوں میں سماجی تبدیلی کی تحریک تھی۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے کانفرنس کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا، "یہ کانفرنس مسیحی خواتین کے لیے ایک شاندار پلیٹ فارم ہے جہاں وہ اپنے تجربات شیئر کرسکتی ہیں اور قیادت اور تبدیلی کی سمت میں اہم قدم اٹھاسکتی ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر قیادت پنجاب حکومت خواتین کو، خصوصاً محروم کمیونٹیوں کی خواتین کو، بااختیار بنانے کی کوششوں میں بھرپور تعاون فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، کیونکہ خواتین کی آوازیں معاشرتی ترقی کی بنیاد ہیں اور ہمیں ایسے مواقع فراہم کرنے ہوں گے جو ان آوازوں کو بلند کریں۔ سابق صوبائی وزیر اعجاز عالم آگسٹین نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ پلیٹ فارم مسیحی خواتین کی آوازوں کو بلند کرے گا، ان کی کامیابیوں کو سراہا جائے گا اور آنے والی نسلوں کو قیادت کے لیے متاثر کیا جائے گا۔ ہم اس بات پر فخر محسوس کرتے ہیں کہ ہم ایسی فضا فراہم کررہے ہیں جہاں یہ خواتین آپس میں ملاقات کرکے سیکھیں اور اپنے تجربات شیئر کریں، تاکہ ان کی آوازیں سنی جائیں اور ان کے کردار کو تسلیم کیا جائے۔ ایل جی ایف کی چیف ایگزیکٹو آفیسر، مہرناز نے اپنے خطاب میں کانفرنس کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے پنجاب میں اقلیتی حقوق اور خواتین کی طاقت کو فروغ دینے بارے اہمیت پر زور دیا۔ کانفرنس کے اختتام پر صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کو ایک یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔

بقیہ نمبر 8

ریٹس میں 27 روپے سے کم کرکے 10 روپے فی یونٹ کرنے کے فیصلے پر شدید تنقید کا سامنا ہے نے پاور سیکٹر کے ریگولیٹر کو پالیسی ہدایات بھیج دی ہیں۔ دو روز قبل وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت نیٹ میٹرنگ پر ایک اجلاس ہوا تھا جس میں انہوں نے پاور ڈویژن کو ہدایت دی کہ عوام میں پائی جانے والی غلط فہمیوں کو دور کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ قومی اوسط بجلی خریداری قیمت کے بجائے نیٹ میٹرنگ کا بائی بیک ریٹ 10 روپے فی یونٹ مقرر کرے۔ مزید یہ کہ مستقبل میں بائی بیک ریٹس پر وقتاً فوقتاً نظرثانی کرسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 9

محمد فاروق، پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ، عالمگیر خان سمیت بڑی تعداد میں علاقہ مکینوں نے شرکت کی۔ نماز جنازہ کے موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے، ماں باپ اور نومولود کے جنازے ایک ساتھ دیکھ کر لوگ خود پر قابو نہ رکھ سکے، کئی افراد زار و قطار روتے رہے، ہر طرف سوگ کا سماں تھا۔ شہریوں نے ٹریفک حادثات پر قابو پانے میں مسلسل ناکامی پر سندھ حکومت کیخلاف اپنے شدید غم وغصے کا بھی اظہار کیا۔ اس موقع پر منعم ظفر خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں بگڑتی ہوئی ٹریفک صورتحال، غیر قانونی ہیوی ٹریفک اور حکومتی نااہلی معصوم جانوں کے ضیاع کا سبب بن رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اس ظلم کے خلاف ہر سطح پر آواز بلند کرے گی اور متاثرہ خاندان کو انصاف دلانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کراچی کے علاقے ملیر ہالٹ کے قریب تیز رفتار واٹر ٹینکر نے موٹر سائیکل سوار فیملی کو کچل دیا تھا جس کے نتیجے میں شوہر اور حاملہ بیوی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جبکہ حادثے کے دوران بچے کی ولادت ہوئی، لیکن وہ بھی دم توڑ گیا۔ حادثہ اتنا ہولناک تھا کہ موقع پر موجود لوگ خوف اور غم میں اپنے سر پکڑ کر بیٹھ گئے۔ پولیس کے مطابق ڈرائیور کو گرفتار کرلیا گیا ہے اور واٹر ٹینکر کو تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حادثہ ممکنہ طور پر بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا۔

بقیہ نمبر 10

پرائس کنٹرول مجسٹریٹ قصابوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے سرکاری نرخ ناموں پر گوشت کی فراہمی کو یقینی بنائیں اور ایسے قصابوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے بھاری جرمانے بھی کریں تاکہ حکومتی رٹ برقرار رہ سکے

بقیہ نمبر 11

ریٹائرڈ، پرائیویٹ عملہ تعینات نہیں کیا گیا، امتحانی مراکز میں ڈیوائس، موبائل یا نقل کے مواد پر مکمل پابندی ہے۔

بقیہ نمبر 12

کا بٹن دبا کر ''گندم اگاؤ'' انعامی سکیم کے لئے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی۔ گندم اگاؤ مہم میں سب سے پہلا ٹریکٹر بہاولنگر کی خاتون کاشتکار کوثر پروین کا نکلا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف خود فون کرکے کامیاب کاشتکاروں کو مفت ٹریکٹر ملنے کی مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جھنگ کے محمد اقبال کو بھی خود فون کرکے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کے تحت مفت ٹریکٹر نکلنے پر مبارکباد دی جس پر کاشتکار نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا خود فون کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے منڈی بہاؤالدین کے کامیاب کاشتکار سلمان احمد سے فون کرکے بتایا کہ گندم اگاؤ قرعہ اندازی میں آپ کا مفت ٹریکٹر نکلا ہے جس پر سوچا کہ آپ کو خود مبارکباد دوں۔ پنجاب کے کاشتکار کے لئے گرین، ٹریکٹر، کسان کارڈ، سپر سیڈر سمیت بیشمار پراجیکٹس لانچ کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی فصل ان شاء اللہ اچھی ہوگی میری دعائیں کاشتکار بھائیوں کے ساتھ ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نوز شریف کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ''گندم اگاؤ'' مہم میں مفت ٹریکٹر سکیم کے لئے ساڑھے 12 ایکڑ سے 57733 زائد اراضی مالک کاشتکاروں نے اپلائی کیا۔ جانچ پڑتال کے بعد 21496 کاشتکار قرعہ اندازی کے لئے اہل قرار پائے۔ قرعہ اندازی میں کامیاب ایک ہزار کاشت کاروں کو 55 ہارس پاور کے ٹریکٹر مفت دیئے جائیں گے۔ تین ماہ کے اندر تمام کاشتکاروں کو ٹریکٹر کی فراہمی شروع ہو جائے گی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پنجاب میں 5 لاکھ 60 ہزار ایکٹر اراضی پر گندم کاشت کی گئی۔

بقیہ نمبر 13

گیا ہے۔ یاد رہے کہ وفاقی کابینہ کا اجلاس آج بروز منگل دن 11 بجے طلب کیا گیا تھا۔ کابینہ کا اجلاس وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ہونا تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ملکی سیاسی و معاشی صورتحال سمیت 12 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا جانا تھا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ملکی سیاسی، سیکیورٹی صورتحال، دہشت گردی کے حالیہ واقعات کے بعد کی صورتحال کا جائزہ اور قومی سلامتی کمیٹی کی تجاویز پر بھی غور کیا جانا تھا۔

بقیہ نمبر 14

کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ خیبر پختون خوا کے وزیر برائے اعلی تعلیم مینا خان آفریدی نے کہا ہے کہ وزیر اعلی علی امین گنڈاپور نے پشاور یونیورسٹی کے شعبہ صحافت کو ارشد شریف کے نام سے منسوب کرنے کا کہا ہے۔ مینا خان آفریدی کا کہنا ہے کہ وزیر اعلی کے اعلان پر جلد کام شروع کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 15

بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان کو جے آئی ٹی نے آج بدھ 26 مارچ کو دوبارہ طلب کرلیا۔ ذرائع کے مطابق جے آئی ٹی کی جانب سے گزشتہ طلبی پر علیمہ خان سامنے پیش نہ ہوئی تھیں۔ آئی جی اسلام آباد کی سربراہی میں جے آئی ٹی تحقیقات کررہی ہے۔ جے آئی ٹی کے پاس شواہد موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق علیمہ خان سمیت 17 افراد کو 21 مارچ کو طلب کیا گیا تھا، تاہم علیمہ خان جے آئی ٹی کے سامنے پیش نہ ہوئیں ان کی جانب سے ان کی وکیل عائشہ خالد جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہوئیں۔ جے آئی ٹی نے گزشتہ ساعت پر علیمہ خان کے وکلا سے 5 گھنٹے سے پوچھ گچھ کی، سینٹر عون عباس بھی جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہوئے تھے، عون عباس سے جے آئی ٹی نے سوشل میڈیا کے حوالے سے سوال کیے۔ جے آئی ٹی آئی جی اسلام آباد کی سربراہی میں تحقیقات کررہی ہے، جے آئی ٹی الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کے ایکٹ 2016 کے سیکشن کے تحت تشکیل دی گئی۔ قبل ازیں سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا کے حوالے سے تحقیقات کے لیے جے آئی ٹی نے علیمہ خان سمیت 17 افراد کو دوبارہ طلب کیا گیا تھا۔ تمام افراد کو 21 مارچ کو جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہونے کا حکم دیا گیا۔

بقیہ نمبر 16

کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے بیان میں سوگوار خاندان سے ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 17

شریف کی ہدایت پر کومبنگ آپریشن کو مزید مؤثر بنا دیا گیا ہے، وائلڈ لائف کی ٹیم نے بورے والہ، کوہ سلیمان رینج، تونسہ، ڈی جی خان اور کوٹ ادو میں کامیاب کارروائیاں کیں۔ بورے والہ میں 15 جنگلی کبوتروں کے شکار میں ملوث دو افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ ان کے قبضے سے نیٹ اور موٹر سائیکل ضبط کرکے جنگلی کبوتروں کو آزاد کر دیا گیا۔ کوہ سلیمان رینج کے دریائی علاقے میں کونج کو شکار سے بچانے کے لیے پیشگی اقدامات کیے گئے۔ سرویلنس ٹیم نے شکار کے لیے بنائی گئی چار خفیہ ہائیٹ آؤٹس کو مسمار کردیا۔ اس دوران کونج کا پرندہ سربیا میں ہجرت کر رہا ہے۔ تونسہ میں نیٹ لگا کر چڑیوں کو پکڑنے والے شکاری گینگ کو پکڑ لیا گیا۔ ڈی جی خان میں تھیتھا کے شکار کو ناکام بنایا گیا اور شکاریوں سے اسلحہ، ٹیپ ریکارڈر، سپیکر اور گولیاں برآمد کی گئیں۔ ملزمان کے خلاف نئے قوانین کے تحت مقدمات کا اندراج کیا جا رہا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے یہ اقدامات ضروری ہیں۔

بقیہ نمبر 18

معذوروں کی عالمی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کے دورہ جرمنی کو شیڈول کیا جارہا ہے، یکم اپریل سے تین اپریل تک جرمنی دورے کا امکان ہے۔ وزیر اعظم کانفرنس کی سائیڈ لائن پر اہم ملاقاتیں بھی کریں گے۔

بقیہ نمبر 19

چیف جسٹس یحیٰی آفریدی نے کہا سائلین انصاف کے نظام کے بنیادی سٹیک ہولڈرز ہیں، سائلین کے ساتھ عزت ووقار کے ساتھ پیش آنا مثبت عوامی تاثر کو مزید مضبوط کرتا ہے۔ اجلاس میں اب تک حاصل کیے گئے نمایاں اہداف پر روشنی ڈالی گئی، اجلاس میں ای فائلنگ نظام کے کامیاب عمل درآمد کا بھی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں آئی ٹی ڈائریکٹوریٹ نے ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کے انضمام پر پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 20

پاکستان کے تعاون کو سراہا تھا، امریکا میں آباد پاکستانی ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ امریکا میں داخلے کی درخواست دیتی ہوتو تمام باتیں درست بتائیں، غیر قانونی طور پر امریکا میں داخلے کی صورت میں سزا ملے گی۔

بقیہ نمبر 21

لاکھ خاندانوں تک رمضان پیکیج پہنچایا، پنجاب میں جو کام نہیں کرے گا وہ گھر جائے گا، پنجاب حکومت نیفنڈ دیا ہے، عوام کو مفت دوائیں دینی پڑیں گی۔ وزیر اطلاعات پنجاب کا مزید کہنا تھا ہمیں انتہاپسندی کو ختم کرنا ہے، غربت، بیروزگاری اور تعلیم پر بہت سارا کام کرنے کی ضرورت ہے، کرسچن کمیونٹی کے بچوں کی تعلیم پر فوکس بھی بہت ضروری ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز نے منارٹی کارڈ بھی لانچ کیا، 130 سال میں پہلی بار کوئی حکمران مریم آباد گیا۔

بقیہ نمبر 22

فیول ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر نیپرا اتھارٹی میں آج (بدھ) کے روز سماعت ہوگی۔ درخواست کے مطابق فروری میں 6 ارب 49 کروڑ 50 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی جبکہ بجلی کمپنیوں کو 6 ارب 66 کروڑ 60 لاکھ یونٹس بجلی فراہم کی گئی۔ بجلی کی فی یونٹ لاگت 8 روپے 22 پیسے فی یونٹ تھی جبکہ فروری کے لیے بجلی کی ریفرنس لاگت 8 روپے 52 پیسے فی یونٹ مقرر تھی۔ فروری میں پانی سے 27.12، مقامی کوئلے سے 15.02 فیصد، درآمدی کوئلے سے 1.56 فیصد اور گیس سے 10.32 فیصد بجلی پیدا کی گئی۔ فروری میں درآمدی ایل این جی سے 14.11 فیصد بجلی پیدا کی گئی، جوہری ایندھن سے فروری میں 26.59 فیصد بجلی پیدا کی گئی۔

بقیہ نمبر 23

امین گنڈاپور کے خلاف آڈیو لیک کیس کی سماعت ہوئی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے وکیل راجا ظہور الحسن ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے، شریک ملزم اسد فاروق عدالت میں پیش ہوئے اور حاضری لگائی۔ علی امین گنڈاپور کے مسلسل غیر حاضر ہونے کی بنا پر عدالت نے پہلے سے جاری ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے۔ کیس کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج عبدالغفور کاکڑ کے سیشن جج کے چارج سنبھالنے اور متعلقہ کورٹ میں کسی اور جج کے ٹرانسفر نہ ہونے کی وجہ سے بغیر کارروائی ملتوی کردی گئی۔ عدالت نے کیس 18 اپریل کو سماعت کیلئے مقرر کردیا، علی امین گنڈاپور اور اسد فاروق کیخلاف تھانہ گولڑہ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ نمبر 24

میں نواز شریف کی شخصیت اہم ہے اور اس معاملے پر مشاورت جاری ہے۔ خرم دستگیر کا کہنا تھا کہ نواز شریف نے بلوچستان میں مذاکرات کرنے کی کوشش کی رائے دی ہے۔

بقیہ نمبر 25

کا حصہ ہوں گے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ ڈاکٹر یاسمین راشد نے اپنے حالیہ لکھے گئے خط میں اس بدقسمتی کی طرف اشارہ کیا ہے کہ 23 مارچ کے روز چھپنے والی اخبارات کی سب سے بڑی خبریں یہ تھیں کہ بلوچستان میں شٹر ڈاؤن ہے۔ تحریک انصاف کے رہنماؤں پر پیکا ایکٹ لگ رہا ہے اور جبر کو قابو کرنے کے لیے حکومت ہر حد تک گرچکی ہے۔ علاوہ ازیں اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ حکومت کے ظلم وجبر کے ہتھکنڈے نفرت کو ہوا دے رہے ہیں، خدارا اس ملک پر رحم کریں، عوام میں بے چینی اور افراتفری بڑھ رہی ہے۔

بقیہ نمبر 26

قانونی پلاسٹک بیگز ضبط کر لیے گئے، جبکہ پلاسٹک آلودگی کے خلاف 17 مقدمات درج کیے گئے اور 1.4 لاکھ روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ پلاسٹک بیگز کے مکمل خاتمے تک مہم جاری رہے گی۔ صنعتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے ای پی اے نے 388 صنعتی یونٹس کا تفصیلی معائنہ مکمل کر لیا ہے، جس کے دوران ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر 10 یونٹس کو وارننگ نوٹس جاری کیے گئے، جبکہ 6 صنعتی یونٹس—جن میں اسٹیل ری رولنگ، گارمنٹس اور ٹیکسٹائل فیکٹریاں شامل ہیں—کو سیل کر دیا گیا ہے۔ پنجاب میں پانی کے بہتر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ 29 سروس اسٹیشنز پر ویسٹ واٹر ری سائیکلنگ سسٹم نصب کیا جا چکا ہے، جبکہ پانی کے ضیاع کو روکنے کے لیے 479 سروس اسٹیشنز کو نوٹس جاری کیے گئے اور 22 سروس اسٹیشنز سیل کر دیے گئے ہیں۔ جبکہ عالمی یوم جنگلات کے موقع پر پنجاب بھر میں شجرکاری مہم کے تحت 56,003 درخت لگائے گئے۔ حکومت کی جانب سے مزید شہروں میں بھی شجرکاری مہم شروع کرنے کا اعلان کیا گیا ہے، جبکہ جنگلات کی کٹائی کی روک تھام کے لیے سخت قوانین متعارف کرانے کا عندیہ بھی دیا گیا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ صنعتی آلودگی، غیر قانونی بھٹوں اور پلاسٹک بیگز کے خاتمے کے لیے سخت ایکشن جاری رہے گا، جبکہ حکومت ماحولیاتی بہتری کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ "درخت لگائیں، ماحول بچائیں" کے پیغام کے ساتھ عوام کو بھی شجرکاری مہم میں بھرپور شرکت کی دعوت دی گئی ہے تاکہ ماحولیاتی بہتری میں ہر فرد اپنا کردار ادا کر سکے۔

بقیہ نمبر 27

تعیناتی ایک ہی رات میں واپس ہوگئی۔ گزشتہ روز انہیں ایف آئی اے کی دیکھ بھال کا چارج دیا گیا اور آج نئے آفس آرڈر میں اس نوٹیفکیشن کو ہی کالعدم قرار دے دیا گیا۔

بقیہ نمبر 28

احتجاجی تحریک کا شیڈول جاری کردیا۔ شیڈول کے تحت آج بلوچستان بھرمیں شٹرڈاون ہڑتال کا اعلان کیا گیا ہے اور 26 مارچ کو پریس کلبز کے سامنے احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ 28 مارچ کو اختر مینگل کی زیر قیادت وڈھ سے کوئٹہ تک لانگ مارچ ہوگا۔

بقیہ نمبر 29

ضم ہوجائے تاکہ سندھ کی سیاست میں مزید استحکام آسکے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے حیدرآباد آکر آئی ٹی کے ٹیسٹ لیے تھے، لیکن پانچ ماہ گزرنے کے باوجود کورسز کی تکمیل میں تاخیر ہورہی ہے۔ اگر میں تاخیر کی وجہ بتاؤں تو پورا حیدرآباد سڑکوں پر نکل آئے گا، لیکن میں نے صبر کا دامن تھاما ہوا ہے۔ انہوں نے کراچی گورنر ہاؤس میں ہونے والی مختلف سماجی سرگرمیوں کا ذکر کیا، جہاں روزانہ 50 ہزار بچے ایڈوانس آئی ٹی کورسز کر رہے ہیں اور روزانہ افطار ڈنر کے دوران مختلف انعامات جیسے پلاٹ، موٹر بائیک اور عمرہ ٹکٹ تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ اب تک 10 لاکھ راشن اور 12 ہزار سے زائد مفت لیپ ٹاپ تقسیم کیے جا چکے ہیں، اور ایک روپیہ لیے بغیر اربوں روپے کے کام گورنر ہاؤس کر رہا ہے۔ کامران ٹیسوری نے سندھ کے عوام کے تاریخی استقبال کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد کے لوگوں نے جس محبت سے استقبال کیا ہے، میں ان کا شکر گزار ہوں۔ انہوں نے شہریوں کو یہ اختیار دیا کہ اگر پولیس والے انہیں ناجائز تنگ کریں، تو وہ کہہ سکتے ہیں کہ گورنر ہمارا بھائی ہے، اور اس طرح سے ان کی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا۔ گورنر سندھ نے حیدرآباد میں آنے والے وقت کے مزید چیلنجز کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کچھ لوگ چاہتے ہیں کہ ہم کمزور رہیں اور وہ آکر ہم پر قبضہ کرلیں، لیکن ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے، انہوں نے مزید کہا کہ آدھا قبضہ تو ہوگیا ہے، بلدیہ پر قبضہ نہیں ہوا؟ کامران ٹیسوری نے خطاب کے اختتام پر حیدرآباد کے عوام کو اتحاد اور یکجہتی کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ آنے والے وقت میں ہمیں مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا، لیکن ہم سب مل کر ان کا مقابلہ کریں گے۔

بقیہ نمبر 30

ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے اریج حسن سمیت دیگر کی درخواست پر سماعت کی، درخواست میں پنجاب حکومت، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈپٹی کمشنر لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ انتظامیہ کی جانب سے لاہور ڈویژن میں کتوں کو غیرقانونی طریقہ سے تلف کیا جارہا ہے، آوارہ کتوں کو ویکسین کے ذریعے تلف کرنے کی پالیسی مرتب کی گئی تھی اس کے باوجود انتظامیہ پالیسی پر عمل درآمد کے بجائے گولی مار کر کتوں کو تلف کررہی ہے۔ وکیل نے نکتہ اٹھایا کہ درخواست گزار کے مطابق دو ہفتوں میں ایک ہزار سے زائد کتوں کو گولی مار کر تلف کیا گیا، درخواست میں اینیمل برتھ کنٹرول پالیسی پر عمل درآمد کی استدعا بھی کی گئی۔ لاہور ہائی کورٹ نے کتا مار مہم کے خلاف حکم امتناع جاری کرتے ہوئے سرکاری وکیل کو ہدایات لیکر آئندہ ساعت پر پیش ہونے کا حکم دے دیا، عدالت نے تاحکم ثانی لاہور ڈویژن میں کتا مار مہم روک دی۔

بقیہ نمبر 31

خان کی مدعیت میں درج کرلیا گیا۔ مقدمے کے متن کے مطابق مجھے آبائی گاؤں بٹگرام سے فون آیا، کراچی کے عباسی شہید اسپتال گیا تو بتایا گیا بھانجے کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق مولانا شیر زادہ مومن آباد میں گھر سے سحری کے بعد مسجد جانے کے لیے نکلے تھے، منگھو پیر میں 100 فٹ روڈ پر انہیں نامعلوم ملزمان نے قتل کردیا۔ دوسری جانب نائب صدر جے یو آئی سندھ قاری عثمان کے مطابق مولانا شیر زادہ کی نماز جنازہ گزشتہ روز ادا کردی گئی، مولانا شیر زادہ کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ قاری عثمان نے کہا ہے کہ حکومت علماء کو تحفظ دینے میں ناکام ہو چکی ہے، سندھ حکومت علماء کے تحفظ کے لیے ٹھوس اقدامات کرے۔

بقیہ نمبر 32

ڈیٹ کررہا ہے، خیبر پختونخوا میں زیر تعلیم تمام افغان طلبہ کا ڈیٹا 27 مارچ تک ارسال کیا جائے۔ واضح رہے کہ وزارت داخلہ نے تمام افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو 31 مارچ تک پاکستان سے نکلنے کی ہدایت کررکھی ہے۔ وزارت داخلہ نے اپنے بیان میں غیر قانونی طور پر مقیم تمام غیر ملکیوں کو 31 مارچ تک ملک سے جانے کا حکم دیا تھا اور ملک نہ چھوڑنے پر یکم اپریل سے ملک بدر کرنے کی وارننگ دی تھی۔

بقیہ نمبر 33

ممبر کے پی جسٹس (ر) اکرام اللہ نے کہا کہ یہ معاملہ ایک فورم پر اٹھا تھا جو ختم ہوگیا تھا۔ یہ معاملہ بھی نہیں دیکھا جاسکتا۔ انہوں نے استفسار کیا کہ اسپیکر کی طرف سے بھجوائے ریفرنس کی کاپی موصول ہوئی جس پر الیکشن کمیشن حکام نے جواب دیا کہ اسپیکر آفس کی طرف سے تاحال ریفرنس موصول نہیں ہوا ہے۔ درخواست گزار نے جمشید دستی کے خلاف اسپیکر ریفرنس کی کاپی کمیشن کو فراہم کی۔ الیکشن کمیشن نے جمشید دستی کے خلاف اسپیکر ریفرنس پر کارروائی چلانے کا فیصلہ کرتے ہوئے پیٹشنر زکو ریفرنس کی کاپی جمشید دستی کو فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ الیکشن کمیشن نے جمشید دستی کو 9 اپریل تک تمام درخواستوں پر جواب جمع کروانے کی بھی ہدایت کی۔ الیکشن کمیشن نے کیس کی سماعت 9 اپریل تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 34

باہر ہوئی جس میں شرکت کے لیے نکاح خواں، دولہا دلہن اور قریبی رشتے دار سول اسپتال پہنچے۔ مریض خاتون کی خواہش تھی کہ ان کی بیٹی کا نکاح ان کے سامنے کردیا جائے۔ نیم بیہوشی کی حالت میں اب بھی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

بقیہ نمبر 35

مقدمات میں تفتیشی افسر کو چالان پیش کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ ملزم کے خلاف پولیس مقابلے، اقدام قتل اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے 3 مقدمات درج ہیں۔ علاوہ ازیں اس سے قبل گزشتہ روز مصطفیٰ قتل کیس کے مرکزی ملزم ارمغان کے خلاف اینٹی منی لانڈرنگ سرکل میں سرکاری مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا تھا۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزم ارمغان جعلسازی سے ہر ماہ 3 سے 4 لاکھ ڈالر کماتا تھا۔ ملزم ارمغان جعلسازی کے پیسے ڈیجیٹل کرنسی میں تبدیل کرتا تھا، ملزم کے پاس جو گاڑیاں ہیں وہ بھی ڈیجیٹل کرنسی کی رقم سے خریدی گئی ہیں۔ ملزم نے اپنے 2 ملازمین کے نام پر بینک اکاؤنٹس کھلوائے تھے، ملزم کے کال سینٹر سے امریکا کالز کی جاتی تھیں۔

بقیہ نمبر 36

مضبوط تعلقات باہمی ترقی کے لیے نہایت اہم ہیں اور دونوں ممالک کو تعلیم، تجارت اور سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو بڑھانا چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے لیے کلیدی کردار ادا کررہا ہے اور عالمی برادری کو قیام امن میں پاکستان کے تجربے سے استفادہ کرنا چاہیے۔ رانا ثناء اللہ نے مزید کہا کہ سیاسی استحکام اور ترقی لازم وملزوم ہیں، اور جمہوری روایات کے فروغ سے ہی ملک میں حقیقی استحکام ممکن ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ مضبوط معیشت اور بہتر خارجہ تعلقات کے بغیر ترقی ممکن نہیں، اس لیے پاکستان اقتصادی استحکام کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 37

داری ہے کہ وہ کشمیری عوام کے اس حق کو یقینی بنائے۔

بقیہ نمبر 38

تھے کہ کشمیر بھارت کا اٹوٹ اور ناقابل تنسیخ حصہ رہا ہے، ہے، اور رہے گا۔ ہندوستانی سفیر نے یہ دعوی پاکستان کے وزیر اعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی کے جواب میں کیا، جنہوں نے 15 رکنی سلامتی کونسل سے اقوام متحدہ کی زیرنگرانی استصواب رائے کے ذریعے کشمیری عوام کو حق خودارادیت دینے کا وعدہ کرنے والی اپنی ہی قراردادوں پر عمل درآمد کرنے کا پرزور مطالبہ کیا۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب نے اپنے جواب کے حق کا استعمال کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی ابہام قانونی، سیاسی اور تاریخی حقیقت کو تبدیل نہیں کرسکتا، جموں وکشمیر بھارت کا نام نہاد اٹوٹ انگ نہیں ہے اور نہ ہی کبھی رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ایک متنازعہ علاقہ ہے، جس کا حتمی فیصلہ جموں وکشمیر کے لوگوں کو اقوام متحدہ کی زیرنگرانی رائے شماری کے ذریعے کرنا ہے، جیسا کہ سلامتی کونسل کی متعدد قراردادوں کے ذریعے مطالبہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے 9 لاکھ سے زائد فوجیوں اور نیم فوجی دستوں کے ساتھ جموں وکشمیر پر جبری قبضہ کررکھا ہے، بھارت نے 1989 سے اب تک ایک لاکھ سے زیادہ بے گناہ کشمیریوں کو قتل کیا ہے۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ بھارت نے علاقے پر تاریخ میں سب سے زیادہ فوجی تعینات کر رکھے ہیں یہاں تک کہ ہر آٹھ کشمیری مردوں، عورتوں اور بچوں کے لئے ایک بھارتی فوجی تعینات ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ نے علاقے میں بھارت کی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کو ریکارڈ کیا ہے۔ انہوں نے سرحد پار دہشت گردی کے بھارتی ایجنٹ کے الزام کے حوالے سے کہا کہ یہ انتہائی ستم ظریفی ہے کہ بھارت، جو جموں وکشمیر میں ریاستی دہشت گردی کی بدترین شکل کا ارتکاب کر رہا ہے، اپنے آپ کو شکار کے طور پر پیش کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ تمام قابضین اور نوآبادکاروں کی جانب سے آزادی اور آزادی کی جدوجہد کو دہشت گردی کا رنگ دینے کے لئے ان کی ایک سوچی سمجھی سازش تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت دہشت گردی کے لئے دوسروں کو بدنام کرنے کی بجائے بیرون ممالک میں ٹارگٹڈ قتل، تخریب کاری اور دہشت گردی کو منظم کرنے کی اپنی مہم پر غور کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھارت ہی ہے جو کالعدم تحریک طالبان پاکستان) ٹی ٹی پی (، بلوچ لبریشن آرمی) بی ایل اے (اور مجید بریگیڈ کے ذریعے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی حمایت اور مالی معاونت کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 39

مزدوروں کے مسائل کو نظر انداز کیا جاتا رہا، لیکن موجودہ حکومت ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس موقع پر پنجاب میں خصوصی لیبر کورٹس کے قیام عمل میں لایا جائے تاکہ مزدوروں کو فوری انصاف فراہم کیا جا سکے۔ قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ یہ قانون جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائے گا اور جلد از جلد منظور کروایا جائے گا۔ ملک محمد احمد خان نے وزیراعلیٰ پنجاب کی عوام دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت مزدوروں کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے "ستھرا پنجاب" منصوبے کو موجودہ حکومت کی بہترین کاوش قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ صوبے میں ترقی اور خوشحالی کی راہ ہموار کرے گا۔ اس موقع پر وزیر کھیل ومحنت وانسانی وسائل پنجاب فیصل ایوب کھوکھر نے بھی شرکت کی اور کہا کہ گزشتہ حکومت کی نااہلی کے باعث مزدوروں کے واجبات کی ادائیگی میں تاخیر ہوئی، مگر موجودہ حکومت نے 90 دن کے اندر تمام کیسز کلیئر کروا دیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر مزدور کو 37 ہزار روپے کی امداد دی جا رہی ہے، اور 1200 سے زائد شکایات کا ازالہ کیا جا چکا ہے۔ تقریب کے دوران ممبر صوبائی اسمبلی امجد علی جاوید نے بھی حکومت کے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے مزدور طبقے کو مستحکم کرنا ضروری ہے۔ آخر میں مزدوروں میں چیکس تقسیم کیے گئے اور انہیں یقین دہانی کرائی گئی کہ حکومت ان کی فلاح و بہبود کے لیے مزید عملی اقدامات کرے گی۔

بقیہ نمبر 40

دلائل پیش کیے۔ دوران سماعت عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ڈمپنگ اسٹیشن پر تعمیراتی کام آئین کے آرٹیکل 9 اے کی خلاف ورزی ہے۔ درخواست گزار کے مطابق، عالمی نشریاتی ادارے کی رپورٹ میں لکھوڈیر ڈمپنگ اسٹیشن کی صورتحال کو سنگین قرار دیا گیا ہے، جو دیکھنے کے لائق ہے۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ کوڑے کو ٹھکانے لگانے کے لیے مخصوص سائٹس بنائی گئی ہیں، لیکن وہ ماحول دوست نہ ہونے کی وجہ سے آلودگی میں اضافے کا سبب بن رہی ہیں۔ درخواست گزار نے عدالت سے استدعا کی کہ عالمی معیار سے ہٹ کر تعمیر کی گئی ڈمپنگ سائٹس کی تعمیرات کو روکا جائے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 11 اپریل تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 41

کے روشن مستقبل میں سرمایہ کاری ہے، ڈیجیٹل مہارتوں سے سندھ کی سماجی واقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 42

ہے اور رمضان کے بابرکت مہینے میں اللہ پاک سے دعا کی کہ حاسدین کے شر سے سب کو بچائے۔ انہوں نے گورنر سندھ کو اپنا دوست اور شہر کا محسن قرار دیتے ہوئے کہا کہ گورنر صاحب کے کہنے پر انہوں نے وفاقی حکومت کو خط لکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کامران بھائی سے درخواست ہے کہ وہ اپنے وعدے کے مطابق 100 ارب روپے سندھ حکومت کو دلوائیں، جس کی وہ آٹھ دن سے درخواست کررہے ہیں۔ مرتضیٰ وہاب نے مزید کہا کہ اگر وفاقی حکومت 100 ارب روپے منتقل کرے تو میں حساب دوں گا اور ان کے وعدے کو عملی شکل دینے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بات کرنا آسان ہوتا ہے، لیکن کام کرنا مشکل ہے، کراچی شہر کی ترقی کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ شہر والوں کو ناردرن بائی پاس کی ضرورت ہے تاکہ ٹریفک کی مشکلات کو حل کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 43

بیٹے ساحر حسن کے خلاف منشیات برآمدگی کے کیس کی سماعت ہوئی۔ جیل حکام نے ملزم ساحر حسن کو عدالت میں پیش کیا۔ سماعت کے دوران عدالت نے تفتیشی افسر کو پراسیکیوشن کے اعتراض دور کرکے حتمی چالان پیش کرنے کی ہدایت کردی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی نے مقدمے کی مزید سماعت 5 اپریل تک ملتوی کردی ہے۔

بقیہ نمبر 44

سے بھی کارکنوں کو اٹھا کر جیلوں میں ڈال دیا گیا۔ جعلی راجکماری سعودی عرب سے پی ٹی آئی کے کارکنوں کی گرفتاری کے احکامات دے رہی تھیں۔ فارم 47 کی وزیر اعلیٰ مریم نواز رمضان میں بھی فسطائیت سے باز نہیں آ رہیں۔ بیرسٹر سیف نے مزید کہا کہ معصوم کارکنوں کو صرف پاکستان اور عمران خان سے محبت کی سزا دی جارہی ہے۔ یوم پاکستان پر پی ٹی آئی کارکنوں کی ریلیاں دیکھ کر جعلی حکومت پر خوف طاری ہے۔ یوم پاکستان کے موقع پر عوام کے جم غفیر نے جعلی حکومت کے غیر مستند ہونے پر مہر تصدیق ثبت کردی۔ عوام نے یوم پاکستان کے موقع پر حقیقی آزادی کے عہد کی تجدید کی۔ انہوں نے کہا کہ یوم پاکستان پر عوامی سمندر نے جعلی حکومت کے خلاف ریفرنڈم دے دیا۔ عوام نے حقیقی آزادی اور عمران خان کی رہائی کا عہد کیا ہے۔ خیبر سے کراچی تک عوام کے جم غفیر نے فارم 47 مافیا کو اس کی اصل حیثیت یاد دلا دی۔ اگر جعلی حکومت میں رتی برابر بھی شرم وحیا باقی ہے تو وہ فوراً مستعفی ہوجائے۔

بقیہ نمبر 45

سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت عوام کی فلاح وبہبود کے لئے بھرپور اقدامات اٹھارہی ہے، عوام کی زندگیوں میں خوشگوار تبدیلی لانے کیلئے بے پناہ منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ صدر آئل مارکیٹ ایسوی ایشن محمد عارف نے وزیر بلدیات کو یقین دہانی کرائی کہ بادامی باغ کے تاجر پنجاب حکومت کی ستھرا پنجاب مہم کی کامیابی میں ہر ممکن ساتھ دیں گے۔ انہوں نے پنجاب حکومت کی تجاوزات کے خلاف مہم کو بھی سراہا۔

بقیہ نمبر 46

حاصل ہونے لگا ہے، تیل وگیس کی پیداوار کو سوئی ناردرن کے سسٹم سے منسلک بھی کردیا گیا ہے۔ شیوا نامی کنویں میں ماڑی انرجیز چپین، او جی ڈی سی پینٹیس اور اورینٹ پیٹرولیم دس فیصد کی حصہ دار ہے۔

بقیہ نمبر 47

ہے۔ انہوں نے کہا مریم نواز عوام کی فلاح و بہبود کیلئے دن رات کام کر رہی ہیں، انہوں نے 30 لاکھ خاندانوں تک رمضان پیکیج پہنچایا، پنجاب میں جو کام نہیں کرے گا وہ گھر جائے گا، پنجاب حکومت نیفنڈ دیا ہے، عوام کو مفت دوائیں دینی پڑیں گی۔ وزیر اطلاعات پنجاب کا مزید کہنا تھا ہمیں انتہاپسندی کو ختم کرنا ہے، غربت، بیروزگاری اور تعلیم پر بہت سارا کام کرنے کی ضرورت ہے، کرسچن کمیونٹی کے بچوں کی تعلیم پر فوکس بھی بہت ضروری ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز نے منارٹی کارڈ بھی لانچ کیا، 130 سال میں پہلی بار کوئی حکمران مریم آباد گیا۔

بقیہ نمبر 48

کے تحت براؤن ایریا 30 ہزار ایکڑ ملا ہے جبکہ صوبائی سطح پر فیصل آباد سمیت 125 شہروں کے plans developmentoutline بھی تیار کیے گئے ہیں۔ وسائل کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ایف ڈی اے ڈیپازٹ ورک کے تحت کام کرتا ہے اور سکیموں کو مکمل کرنے کے بعد کارپوریشن یا دیگر متعلقہ اداروں کے سپرد کردیا جاتا ہے جن کی مرمت وغیرہ ایف ڈی اے کے دائرہ کار میں نہیں آتی تاہم انہوں نے بتایا کہ شہر کی سڑکوں کی عمومی حالات بہت خراب ہے لیکن ایف ڈی اے نے شیخوپورہ روڈ کو سٹیٹ آف دی آرٹ بنانے کی منصوبہ بندی کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فیصل آباد چیمبر کے سامنے ریمپ بھی تعمیر کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹریٹ بیکری چوک کی ری ویمپنگ کی جائے گی۔ ایف ڈی اے سٹی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ فیسکو سے معاملات طے ہوگئے ہیں۔ 18 میں سے 14 ٹرانسفر مکمل ہو گئے ہیں اور توقع ہے کہ باقی بھی اس سال کے آخر تک چالو ہو جائیں گے۔ اسی طرح سنٹرل پارک اور سپورٹس کمپلیکس کے بعد ڈی پی ایس کیمپس کی عمارت چھت تک پہنچ گئی ہے جبکہ سیکورٹی کے نظام کو بھی بہتر بنا دیا گیا ہے جس سے اس کی آبادکاری کا عمل تیز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری کالونیوں کے پورے ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کرنے کے بعد آپس میں منسلک کر دیا جائے گا جس سے ٹرانسفر کے کیسوں کو تیز رفتاری سے نمٹایا جا سکے گا۔

بقیہ نمبر 49

کام کریں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ ڈی پی او رانا طاہر رحمان نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ عرس کے موقع پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی جائے گی، داخلی اور خارجی راستوں پر سخت چیکنگ ہوگی اور سی سی ٹی وی کیمروں سے نگرانی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ واک تھرو گیٹس کی تنصیب کے علاوہ، زائرین کی سہولت کے لیے خصوصی سیکیورٹی پوائنٹس بھی قائم کیے جائیں گے۔ ممبر پنجاب اسمبلی محمد ارشد ملک نے کہا کہ عرس کی تقریبات میں بڑی تعداد میں زائرین شرکت کرتے ہیں اس لیے انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کی جانی چاہیے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ ٹریفک مینجمنٹ، پارکنگ، طبی امداد اور دیگر سہولیات کے حوالے سے بھی بہترین اقدامات کریں۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے مزید کہا کہ صفائی ستھرائی کے خاص انتظامات کیے جائیں، محکمہ صحت کی ٹیمیں ہر وقت الرٹ رہیں اور ضلعی انتظامیہ تمام انتظامات کی خودنگرانی کرے۔ انہوں نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ مکمل طور پر متحرک رہیں تاکہ عرس کی تقریبات خوش اسلوبی سے مکمل ہوسکیں۔ اجلاس میں دیگر افسران نے بھی اپنی اپنی تجاویز پیش کیں اور عرس کے دوران امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ نمبر 50

کرنے والوں کیخلاف خاطر خواہ اقدامات کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ نمبر 51

کہ یونیورسٹی طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے تمام تر کوششیں کر رہا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ تمام ڈگری پروگرامز اور سکل کورسز کی بدولت قومی ضروریات سے ہم آہنگ افرادی قوت کو یقینی بنایا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جارہے ہیں جو جدید چیلنجز سے نمٹنے میں معاون ثابت ہوں گے۔ انہوں نے فیکلٹی ممبران پر زور دیا کہ وہ ایک ترقی پسند اور اخلاقی اقدار سے بھرپور معاشرے کی تشکیل کے لیے طلبہ میں اخلاقی اور سماجی ذمہ داری کو فروغ دینے میں فعال کردار ادا کریں۔ اجلاس نے پی ایچ ڈی رورل ڈویلپمنٹ پروگرام، بی ایس ایجوکیشن (ایوننگ پروگرام) اور بی ایس فیشن ڈیزائن کے آغاز کی بھی منظوری دی رجسٹرار عمر سعید قادری نے ایجنڈا پیش کیا۔

بقیہ نمبر 52

ایگزیکٹو عرفان اسلم نے کہا کہ عوام پر مہنگی بجلی کے بلوں کا بوجھ آئی پی پیز سے کیے گئے غلط معاہدوں کی وجہ سے ہے، آئی پی پیز کپیسٹی کی مد میں صارفین سے 29.70 روپے فی یونٹ سے لیکر 80 روپے فی یونٹ چارج کر رہی ہیں جبکہ عوام سے ٹیکس کی مد میں اکٹھی کی جانے والی رقم سے حکومت ایک لاکھ 20 ہزار کروڑ روپے آئی پی پیز کو بند پلانٹس کی مد میں دے رہی ہے جو غریب عوام کیساتھ ظلم کے مترادف ہے لہٰذا میں سپریم کورٹ آف پاکستان سے مطالبہ کرتا ہوں کہ فوری طور پر ایک جوڈیشل کمیشن بنایا جائے جو آئی پی پیز کیساتھ کیے گئے معاہدوں، ان میں ہونے والی بے ضابطگیوں اور آئی پی پیز کو بند پاور پلانٹس کی مد میں اربوں روپے کی رقم دینے کی انکوائری کرنے سمیت بجلی بنانے والی تمام کمپنیوں کا فرانزک آڈٹ کرکے اصل حقائق قوم کے سامنے لائے جائیں اور کرپشن میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کرکے عبرت کا نشان بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 53

میں بھجوانے میں ملوث ہے۔ گرفتار ملزم انتہائی شاطر ہے جو کئی سالوں سے شناخت بدل بدل کر انسانی سمگلنگ وٹریفکنگ جیسے گھناؤنے جرم میں ملوث ہے۔ ملزم کے خلاف ایف آئی اے پشاور زون میں بھی مقدمات درج ہیں۔ چھاپہ مار کاروائی میں ملزم کے قبضے سے 4 پاکستانی پاسپورٹ اور موبائل فون برآمد کرلیے گئے۔ ملزم کے موبائل فون سے انسانی سمگلنگ میں ملوث ہونے کے شواہد بشمول متاثرہ شہریوں سے کی گئی گفتگو بھی برآمد کر لیے گئے۔ ملزم دیگر ساتھیوں کی معاونت سے معصوم شہریوں کو غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک بھیجنے کے لیے بھاری رقم وصول کرتا تھا۔ شواہد کے مطابق ملزم اور اس کے ساتھیوں نے متعدد شہریوں کو غیر قانونی طور پر بیرون ملک بھجوایا گیا متاثرہ شہریوں میں سے متعدد اس وقت ٹرانزٹ ممالک میں پھنسے ہوئے ہیں ملزم کو گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔ ملزم کے ساتھی دبئی اور لیبیا میں موجود ہیں جن کے گرفتاری کے لئے انٹرپول سے مدد لی جا رہی ہے

بقیہ نمبر 54

ہوئے آپس میں محبت، بھائی چارے اور اتحاد کے حسین لمحات گزارے۔ اس موقع پر، اسلامی جمعیت طلبہ ساہیوال کے جنرل سیکرٹری اسامہ شرافت نے آئندہ رمضان وائس چانسلر ہاؤس کے سامنے واقع گراؤنڈ میں ایک عظیم الشان افطار ڈنر منعقد کرنے کا اعلان کیا، جس کی تائید ناظم اسلامی جمعیت طلبہ ساہیوال احسن بیگ اور معتمد اسلامی جمعیت طلبہ پنجاب جنوبی حذیفہ عثمان نے بھرپور انداز میں کی۔ اسامہ شرافت نے جامعہ انتظامیہ پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ کی جانب سے تعلیمی اور دینی سرگرمیوں کو روکنے کی مسلسل کوششیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ جامعہ میں مخصوص سیاسی جماعت کو سرکاری وسائل سے پذیرائی دی جا رہی ہے جبکہ دیگر تعلیمی اور صحت مند سرگرمیوں کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انتظامیہ کی ترجیحات واضح ہو چکی ہیں، جہاں ٹک ٹاکرز کو پروموٹ کیا جا رہا ہے مگر تعلیمی ودینی سرگرمیاں روکنے کی کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ یونیورسٹی کے اندر ایسی صحت مند سرگرمیاں، جیسے افطار ڈنرز، بک فیئر، ٹیلنٹ شو اور مشاعرہ تعلیمی ماحول کا حصہ ہیں، اور ان کو روکنے کی کسی بھی کوشش کو مسترد کیا جائے گا۔ انہوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے رویے کو درست کرے تاکہ یونیورسٹی میں تعلیمی اور دینی سرگرمیاں جاری رہ سکیں، اور یونیورسٹی کا ماحول صحت مند و تعلیمی بنیادوں پر قائم رہے۔

بقیہ نمبر 55

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ مولا علی علیہ السلام کی محبت ایمان کامل ہے۔ کبھی مولا علی علیہ السلام کی شہادت پر غور کیا جائے تو انسان ششدر رہ جاتا ہے مولا علی علیہ السلام ابن ابی طالب علیہ السلام کی شہادت بقول مشہور بروز جمعہ ہوئی جو ایام کا سردار ہے۔

بقیہ نمبر 56

سے، تھانہ سول لائنز کی حدود سے شہری علی رضا کی ہنڈا 125 موٹر سائیکل ماڈل 2012 نمبری A-RLN14 ماڈل ٹاؤن سے تھانہ سول لائنز کی حدود سے نامعلوم شہری کی موٹر سائیکل یونیک ماڈل 2014 نمبری BRM1947 ماڈل ٹاؤن سی سے، تھانہ نوشہرہ جدید کی حدود سے شہری شکیل کی سی ڈی 70 موٹر سائیکل ماڈل 2024 نمبری 6436 موضع ماندھل سے، تھانہ کوتوالی کی حدود سے روحی موٹر سائیکل ماڈل 2019 نمبری BRM1295 مچھلی بازار سے، تھانہ سمہ سٹہ کی حدود سے شہری شہزاد کی سی ڈی 70 موٹر سائیکل ماڈل 2020 نمبری BRL6583 مچھلی بازار بہاول پور سے چوری کرلی گئی تھانہ صدر حاصل پور کی حدود میں تین آدمیوں نے گن پوائنٹ پر شہری نوید سے چک 58 کے قریب موبائل اور 18000 روپے چھین لئے تھانہ سول لائنز کی حدود میں شاہدرہ مہاجر کالونی کے رہائشی نعمان کا بکرا چوری کرلیا گیا تھانہ کینٹ کی حدود سے دوموٹر سائیکل سواروں نے شہری اصغر کی بیوی سے سی ایم ایچ موڑ کے قریب پرس چھین لیا پرس میں 50 ہزار روپے تھے۔

بقیہ نمبر 57

کی پریشانی یا مشکل میں عوام موٹروے پولیس کی ہیلپ لائن 130 پر کال کریں یہ کاروائیاں آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس رفعت مختیار راجہ ڈی آئی جی سنٹرل زون سید فریدالدین وسیکٹر کمانڈر سنٹرل تھری رحیم یار خان رانا محمد اسماعیل کی ہدایات وویژن کے مطابق مسافر بردار گاڑیوں کے خلاف کی جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 58

کردار، جمہوری عمل کو مضبوط وتوانا کرتا ہے۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر محمد قیوم، چیئرمین پولیٹیکل سائنس ڈیپارٹمنٹ پروفیسر ڈاکٹر ڈاکٹر منصور حسین بخاری، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر سرفراز بتول، لیکچرار راو ولید، سماجی کارکنان محمد انصر کمبوہ، ڈاکٹر نوید محسن چوہان، چوہدری انیس کمبوہ، ثانیہ اقبال نے شرکت کی۔ ضلعی چیئرمین الیکشن کمیشنر محمد قیوم نے کہا کہ نوجوان نسل ہو یا بوڑھا ہر ایک کے ووٹ کے حقوق برابر ہیں۔ تمام نوجوانوں کو اپنا ووٹ کا اندراج کروا کر

بقیہ نمبر 59

پر کام کرتے ہیں۔ سپروائزری سٹاف کے معلوم کرنے پر اس شخص نے کہا کہ وہ ایجوکیشن بورڈ آفس سے امتحانی مرکز کی انسپکشن کی غرض سے آیا ہے۔ شک ہونے پر سپروائزری سٹاف نے سکول ہیڈ ماسٹر کو مطلع کیا، ہیڈ ماسٹر جو کہ ریذیڈنٹ انسپکٹر کے فرائض سرانجام دے رہا ہوتا ہے نے غیر متعلقہ شخص محمد یاسین سے امتحانی مرکز کی انسپکشن کے آرڈر طلب کیے۔

بقیہ نمبر 60

دیا گیا۔ متاثرہ 6 سالہ بچے محمد عبداللہ کے والد ریحان حنیف نے بتایا کہ نمازیوں نے اپنی مدد آپ کے تحت میرے بچے کی جان بچائی ہے۔ میونسپل کمیٹی چشتیاں کی غفلت کے باعث نواحی علاقوں میں کھلے مین ہولز عوام کی زندگیوں کیلئے خطرہ بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے دوران متعلقہ ٹھیکیدار نے کھلے مین ہولز کے اطراف حفاظتی حصار بنانے کی بجائے دیدہ دلیری سے مین ہولز کھلے چھوڑ دیئے ہیں جس وجہ سے راہ گیروں کیلئے کھلے مین ہولز موت کے کنویں بن چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 61

ریٹائرڈ، پرائیویٹ عملہ تعینات نہیں کیا گیا، امتحانی مراکز میں ڈیوائس، موبائل یا نقل کے مواد پر مکمل پابندی ہے۔

بقیہ نمبر 62

واقع تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چوکی میں آئے روز مسائل میں مسلسل اضافہ ہونے کو مل رہا ہے چیف آفیسر ہیلتھ قصور غلام مرتضی نے چوکی ہسپتال کے مسائل ٹھیک کرنے کی بجائے چوکی ہسپتال کے 12 ڈاکٹرز کو عارضی ڈیوٹی پر قصور بلھے شاہ ہسپتال قصور 89 دنوں کے لیے تعینات کرکے نوٹیفکیشن جاری کردیا ڈاکٹروں میں ڈاکٹر نصیر الحق، ڈاکٹر محمد عمران اشرف، ڈاکٹر محسن احمد، ڈاکٹر محمد اویس سعید، ڈاکٹر حارث غوث، ڈاکٹر عمر فاروق، ڈاکٹر بینش جاوید، ڈاکٹر رومہ اکرم، ڈاکٹر شیریں مشتاق، ڈاکٹر ثناء خالد، ڈاکٹر زینب مرتضی، ڈاکٹر زوبیہ نور شامل ہیں مزید 3 ماہ تک ڈاکٹرز کی کمی کا سامنا بھی چوکی کی عوام کو کرنا پڑے گا۔ امن سول سوسائٹی چوکی کی صدر محمد نوید بھٹی، و دیگر نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف، چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان، صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر سیکرٹری ہیلتھ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چوکی سے قصور تعیناتی کیلئے جاری ہونے والا ڈاکٹرز ڈیوٹی نوٹیفکیشن جاری کینسل کیا جائے۔

بقیہ نمبر 63

کی پہلی ایسی نمائش کی میزبانی کررہی ہے، جہاں ایک تعلیمی ادارے اور اس کی ادارہ جاتی لائبریری نے اپنے وسیع مخطوطات کے ذخیرے سے فنکارانہ کتاب بندی کی نمائش کی ہے۔ تقریب کا اہتمام پنجاب یونیورسٹی شعبہ آف فائن آرٹس اور مین لائبریری کے اشتراک سے کیا گیا۔ اس موقع پر شعبہ فائن آرٹس کی چیئرپرسن وکیوریٹر پروفیسر ڈاکٹر سمیرا جواد، چیف لائبریرین ڈاکٹر محمد ہارون عثمانی، کیوریٹر آمنہ چیمہ، فیکلٹی ممبران، فنکار اور طلباؤ طالبات نے شرکت کی۔

بعدالت جناب قیصر عباس صاحب
نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ
تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان

متوفی جاوید اقبال ولد غلام حسین (لاولد)
وارثان غلام حسین والد – کنیز فاطمہ والدہ – طاہرہ یاسمین ہمشیرہ متوفی پہلے فوت شدہ۔
زندہ رفعت یاسمین بیوہ – امجد محمود برادر – عزرا بلال – خالدہ پروین ہمشیرگان متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہوتو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع ٹھٹھی نور۔

متوفیہ نسیم اختر دختر گارہ خان زوجہ احمد شیر – وارثان گارہ خان والد پہلے فوت شدہ۔
زندہ امیر بیوی والدہ – احمد شیر خاوند – عدیل حسن – حمزہ ممتاز پسران متوفیہ ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہوتو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان

متوفی محمد عرفان ولد عبدالرزاق – وارثان عبدالرزاق والد زرینہ والدہ – اور دادا – دادی – محمد اقبال برادر پہلے فوت شدہ۔
زندہ منیر – محمد افضال – محمد اسلام – محمد اکرام – محمد عمران برادران – ارم شاہین بیوہ – ثریا خاتون – رقیہ بی بی – ام کلثوم ہمشیرگان – سیرت فاطمہ دختر متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہوتو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا

پنجاب حکومت بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرے، ضیاء الدین انصاری

بااختیار بلدیاتی نظام ہی شہر لاہور کے سلگتے مسائل کا واحد حل ہیں، عوامی مسائل کے حل کے بلدیاتی نمائندوں اور اداروں کو بااختیار بنانا ہے

حکومت نے بلدیاتی انتخابات اپنی مرضی کے مطابق نظام بنانے کیلئے مجوزہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ تشکیل دیا، سیاسی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرے۔ بااختیار بلدیاتی نظام ہی شہر لاہور کے سلگتے مسائل کا واحد حل ہیں۔ عوامی مسائل کے حل کے بلدیاتی نمائندوں اور اداروں کو بااختیار بنانا ہوگا۔ اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی اور موجودہ بلدیاتی ایکٹ میں آئینی ترمیم کی جائے تو ہی عوام کے بنیادی مسائل حل ہوسکیں گے۔ مضبوط اور بااختیار بلدیاتی نظام کی عدم موجودگی کے باعث عوامی مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ مسائل میں مسلسل اضافہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وسطی لاہور میں سیاسی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں نائب امیر جماعت اسلامی لاہور چوہدری محمد شوکت، صدر سیاسی کمیٹی جماعت اسلامی (بقیہ نمبر 1)

سرکاری ہسپتالوں میں آنیوالے مریضوں کو کوئی پریشانی نہیں آنی چاہیے، خواجہ سلمان رفیق

سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فہرستیں آویزاں کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، سرکاری ہسپتالوں میں شکایات کاؤنٹر فعال کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

لاہور میں ایشیاء کا سب سے بڑا نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ بنایا جا رہا ہے، صوبائی وزیر صحت کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن سے ایڈیشنل سیکرٹری اشفاق الرحمن اور ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر وحید اصغر نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ہاسپٹل مینجمنٹ، کیو مینجمنٹ اور پیشنٹ کیئر سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ نظام صحت میں بہتری کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صحت کے شعبہ میں تاریخی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سرکاری ہسپتالوں کے واجبات کی فوری ادائیگی (بقیہ نمبر 2)

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی بک بائنڈنگ پر پاکستان کی پہلی تین روزہ نمائش کا دورہ کررہے ہیں

فارم 47 والے پاکستان کو درپیش مشکلات میں اضافہ کر رہے ہیں: جاوید قصوری

پائیدار ترقی اور عوامی مشکلات کے خاتمے کے لئے سیاسی عدم استحکام کو ختم کرنا ہوگا

جماعت اسلامی پاکستان کو حقیقی معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پائیدار ترقی اور عوامی مشکلات کے خاتمے کے لئے سیاسی عدم استحکام کی فضاء کو ختم کرنا ہوگا۔ باہمی تعاون اور سیاسی بصیرت سے ہی مسائل کو حل کیا جاسکتا ہے۔ بدقسمتی سے موجودہ حکمرانوں نے ملک وقوم کو بند گلی کی طرف دھکیل دیا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ فارم 47 والے پاکستان کو درپیش (بقیہ نمبر 3)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز میں اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایف بی آر ایڈوانس ٹیکس کے ظلم پر مبنی نوٹسز بند کرے، لاہور ٹیکس بار

سیکشن 147 ایڈوانس ٹیکس کی غلط کیلکولیشن کر کے لاکھوں کی تعداد میں نوٹسز کر کے ٹیکس دہندگان کو ہراساں کیا جا رہا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر شہباز صدیق، نائب صدر انیب اختر انصاری، جنرل سیکرٹری میاں محمد زاہد، فنانس سیکرٹری محمد حسن یوسف اور جوائنٹ سیکرٹری احمد رضا نے کہا ہے کہ ایف بی آر ایڈوانس ٹیکس کے ظلم پر مبنی نوٹسز بند کرے، افسران سیکشن 147 ایڈوانس ٹیکس کی غلط کیلکولیشن کر کے لاکھوں کی تعداد میں نوٹسز کر کے موجودہ ٹیکس دہندگان کو ہراساں کر رہے ہیں، اس طرح کے اقدامات سے ٹیکس اہداف پورے نہیں ہونگے بلکہ عدالتی معاملات پہلے سے زیادہ بڑھیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ٹیکس محصولات کے اہداف ہیر پھیر یا غیر قانونی حربے آزمانے سے پورے نہیں ہوں گے۔

حکومت کا نیٹ میٹرنگ صارفین کے لیے کنٹریکٹ کی مدت کو پانچ سال تک محدود کرنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) حکومت نے نیٹ میٹرنگ صارفین کے لیے کنٹریکٹ کی مدت کو پانچ سال تک محدود کرنے کا فیصلہ کرلیا جبکہ بائی بیک ریٹس میں وقتاً فوقتاً نظرثانی کی جائے گی۔ میڈیا رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ پاور ڈویژن جسے نیٹ میٹرنگ صارفین کی جانب سے نیٹ میٹرنگ کے بائی بیک (بقیہ نمبر 8)

لاہور بلوکیاں الحمراء میں رمضان المبارک کی مناسبت سے جاری کیلی گرافی کی نمائش دیکھ رہی ہیں

کراچی، فوارہ چوک کے قریب احتجاج پر مظاہرین کیخلاف مقدمہ درج

کراچی (سٹاف رپورٹر) کراچی میں فوارہ چوک کے قریب احتجاج کے معاملے پر مظاہرین کے خلاف تھانہ آرٹلری میدان میں سرکار کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر درج کیا گیا ہے۔ مقدمے کے مطابق 35 سے 40 مظاہرین نے ریڈ زون میں داخل ہونے کی کوشش کی، سمی دین بلوچ سمیت 5 افراد گرفتار کیے گئے۔

لاہور پریس کلب میں معروف شاعرہ میناجی کے اعزاز میں شام

میناجی عہد حاضر کی خوبصورت اور دلوں کو چھونے والے کلام کی حامل شاعرہ ہیں

آرٹ، کلچر اینڈ ٹیکنالوجی کمیٹی کے زیر اہتمام
ایک شام

لاہور (خبر نگار) لاہور پریس کلب کی آرٹ کلچر اینڈ ٹیکنالوجی کمیٹی کے زیر اہتمام ناروے میں مقیم پاکستانی نژاد معروف شاعرہ، چار کتابوں کی مصنفہ میناجی کے اعزاز میں شام منائی گئی جس کی صدارت ممبر گورننگ باڈی وایکٹ کمیٹی رانا شہزاد نے کی۔ انہوں نے کہا کہ میناجی عہد حاضر کی خوبصورت اور دلوں کو چھونے والے کلام کی حامل شاعرہ ہیں۔ ان کے کلام (بقیہ نمبر 4)

پنجاب یونیورسٹی میں پہلی بار مخطوطات کی کتابوں کی منفرد بائنڈنگ کی تین روزہ نمائش کا افتتاح

لاہور (سٹاف رپورٹر) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے نایاب مخطوطات کی خصوصی فن پر مبنی بک بائنڈنگ پر پاکستان کی پہلی تین روزہ نمائش کا افتتاح کر دیا۔ ''تجدید نقوش: اسلامی فن اور کتابی ورثہ'' کے عنوان سے پنجاب یونیورسٹی پاکستان کی اپنی نوعیت کی پہلی ایسی نمائش کی میزبانی کررہی ہے، جہاں ایک تعلیمی ادارے اور اس کی ادارہ جاتی لائبریری نے اپنے وسیع مخطوطات کے ذخیرے سے فنکارانہ کتاب بندی کی نمائش کی ہے۔

ایڈیشنل آئی جی نے کمرشل لائسنس کے حصول میں بڑا ریلیف دیدیا

کمرشل ڈرائیونگ ٹیسٹ کے دنوں میں اضافہ شہریوں کی سہولت کیلئے کیا گیا ہے، مرزا فاران بیگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ نے کمرشل لائسنس کے حصول میں بڑا ریلیف دیدیا، کمرشل ڈرائیونگ ٹیسٹ کے دنوں میں اضافہ کر دیا گیا۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کی ہدایت پر ایس ایس پی ہیڈکوارٹرز سید غضنفر علی شاہ کی جانب سے مراسلہ جاری کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پہلے مرحلہ میں صرف صوبائی دارالحکومت کو اجازت دی گئی ہے، ہر ماہ ایل ٹی وی/پی ایس وی ڈرائیونگ ٹیسٹ کی تعداد کو 10 سے بڑھا کر 18 کر دیا گیا ہے۔ ہر سوار، منگل کو ایل ٹی وی/پی ایس وی کے ہونے والے کمرشل ڈرائیونگ ٹیسٹ جمعہ اور ہفتے کو بھی ہوا کریں گے۔ ترجمان کے مطابق ہر ماہ ایچ ٹی وی/پی ایس وی ڈرائیونگ ٹیسٹ کے انعقاد میں 100 گنا اضافہ کیا گیا ہے، ہر ماہ ایچ ٹی وی/پی ایس وی ڈرائیونگ ٹیسٹ کی تعداد کو 5 سے بڑھا کر 10 کر دیا گیا ہے

ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس

نارووال (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں الیکشن آفیسر محمد حسین کے علاوہ ڈاکٹر عابد محمود، خاتون ممبر نذیراں بی بی سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر محمد جمیل نیا جلاس میں ضلع بھر میں ووٹر ایجوکیشن مہم کو تیز کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹی کے لئے کو اپنا کلیدی کردار ادا کرنے کی ہدایت کی۔

لاہور سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال سرگودھا ڈویژن کی زیر تعمیر سپورٹ سکیموں کے حوالے سے پنجاب اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور پنجاب کا تعلیمی وظائف برائے غیر مسلم طلباء وطالبات کے لئے درخواستوں کا عمل شروع

لاہور (خبر نگار) محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور، حکومت پنجاب نے سال 2024-2025 کے تعلیمی وظائف کے اجراء کے لیے درخواستوں کا عمل شروع کر دیا ہے۔ یہ وظائف میٹرک سے لے کر پی ایچ ڈی تک کے غیر مسلم طلباء وطالبات کے لیے مختص ہیں۔ درخواست دہندگان کو پنجاب کے سرکاری تعلیمی اداروں میں باقاعدہ تعلیم حاصل کرنی ہوگی۔ اوپن یونیورسٹیز اور ورچوئل یونیورسٹیز کے تحت تعلیم حاصل کرنے والے طلباء درخواست دینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ ان کے علاوہ شرائط میں امیدوار کا کم از کم 40 فیصد نمبروں کے ساتھ تسلیم شدہ بورڈ یا (بقیہ نمبر 5)

صوبائی وزراء شافع حسین، سید عاشق حسین کرمانی کی ایرانی قونصل جنرل سے ملاقات

ملاقات میں زراعت، لائیوسٹاک، انڈسٹری، صحت، سولر مینوفیکچرنگ اور دیگر شعبوں میں تعاون کے فروغ پر بات چیت

ملاقاتوں کا یہ سلسلہ ایران اور پاکستان کے مابین تجارتی تعاون بڑھانے میں معاون ثابت ہوگا، ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر

پاکستان اور ایران برادر ہمسایہ ملک، تجارتی وفود کے تبادلوں سے دونوں ممالک کے تجارتی تعلقات بڑھائے جاسکتے ہیں، عاشق حسین کرمانی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین اور صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے ایرانی قونصلیٹ کا دورہ کیا۔ جہاں ایرانی قونصل جنرل مہران مواحد فر سے ملاقات کی۔ قونصل جنرل ترکیہ مسٹر ڈرمس باستک بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں زراعت، لائیو سٹاک، انڈسٹری، صحت، سولر پینلز مینوفیکچرنگ اور دیگر شعبوں میں تعاون کے فروغ پر بات چیت ہوئی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران حکومت کی دعوت پر پنجاب سے بڑا تجارتی وفد جلد ایران کا دورہ کرے گا۔ وقت آگیا ہے کہ پنجاب اور ایران کے مابین تجارتی تعاون بڑھانے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں۔

پاکستان میں ایک بڑی تعداد بینکنگ سہولت سے محروم ہے، رپورٹ

پاکستان کی 21 فیصد آبادی کا بینک اکاؤنٹ ہے، خواتین کی اکثریت کے اکاؤنٹ نہیں، ایشیائی ترقیاتی بینک

ملک میں 9 کروڑ بینک اکاؤنٹ ہیں، برانچوں کی تعداد علاقائی ممالک میں کم، ڈیجیٹل بینکنگ بارے ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ

لاہور (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا ہے کہ پاکستان کی 21 فیصد آبادی کا بینک اکاؤنٹ ہے، خواتین کی اکثریت کے پاس بینک اکاؤنٹ نہیں ہے۔ پاکستان میں ڈیجیٹل بینک کے بارے ایشیائی ترقیاتی بینک کی طرف سے جاری کردہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ موبائل بینکنگ سے آبادی کی اکثریت کو بینکنگ سہولت فراہم کی جاسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 1 لاکھ بالغ افراد کے لیے کمرشل بینکوں کی برانچیں 10.8 فیصد ہیں، یہ تعداد علاقائی ممالک کے مقابلے میں بھی کم ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ 5 سال میں پاکستان میں بینک اکاؤنٹس میں 127 فیصد اضافہ ہوا جبکہ ملک میں 9 کروڑ بینک اکاؤنٹ ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ آن لائن لین دین فروری 2020 میں 17 فیصد تھی۔

منشیات اسمگلنگ کیخلاف اے این ایف کا کریک ڈاؤن، 2 کروڑ سے زائد کی منشیات برآمد

گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا، ترجمان اے این ایف

لاہور (سٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس نے منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن میں 2 کروڑ روپے مالیت سے زائد کی منشیات برآمد کر کے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں کارروائیوں میں 2 کروڑ سے زائد مالیت کی 17.835 کلوگرام منشیات برآمد ہوئی۔ پشاور میں جمرود روڈ خیبر کے قریب گاڑی میں چھپائی گئی 10 کلوگرام ہیروئن برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ میانوالی میں ریلوے پھاٹک کے قریب ملزم کے قبضے سے 4.5 کلوگرام آئس برآمد ہوئی۔ ایم ون موٹر وے اسلام آباد کے قریب گرفتار ملزم سے 2.590 کلوگرام افیون برآمد کی گئی۔ ایم ون موٹروے اسلام آباد کے قریب ایک اور کارروائی میں ملزم سے 745 گرام چرس برآمد ہوئی۔

ایل جی ایف کی وہ بولتی ہے، وہ قیادت کرتی ہے، وہ تبدیلی لاتی ہے کے عنوان پر کانفرنس

یہ پلیٹ فارم مسیحی خواتین کی آوازوں کو بلند کرے گا، ان کی کامیابیوں کو سراہا جائے گا اور آنے والی نسلوں کو قیادت کے لیے متاثر کیا جائے

صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی بطور مہمان خصوصی، ممبران پنجاب اسمبلی اعجاز عالم آگسٹین سمیت دیگر کی بھی شرکت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے ایل جی ایف کی جانب سے منعقدہ کانفرنس "وہ بولتی ہے، وہ قیادت کرتی ہے، وہ تبدیلی لاتی ہے" میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ کانفرنس میں سابق صوبائی وزیر اعجاز عالم آگسٹین، ایم پی اے بابا فیلبوس، شکیل جاوید، ایموینجل اطہر اور دیگر بھی موجود تھے جبکہ کانفرنس میں پنجاب بھر سے 200 سے زائد مسیحی خواتین پیشہ ور افراد نے شرکت کی تاکہ قیادت، وکالت اور سماجی تبدیلی کو فروغ دیا جاسکے۔ کانفرنس میں اہم مذہبی، سیاسی اور سول سوسائٹی کے رہنماؤں نے بھی شرکت کی، جن میں بشپ ندیم کامران (رائٹ ریو. بشپ آف لاہور (بقیہ نمبر 7)

Leadership
Conference

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کو ایل جی ایف کی مسیحی خواتین کو بااختیار بنانے کے حوالے سے منعقدہ کانفرنس میں یادگاری شیلڈ پیش کی جارہی ہے

پنجاب بھر میں نویں جماعت کے سالانہ امتحانات کا آغاز

لاہور بورڈ کے تحت 921 امتحانی سنٹرز تشکیل، 921 امتحانی سنٹرز میں ایک لاکھ 29 ہزار نگران عملہ تعینات

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز کے تحت نویں جماعت کے سالانہ امتحانات کا منگل سے آغاز ہوگیا ہے۔ پہلے روز تمام تعلیمی بورڈز کے تحت نویں جماعت کا انگریزی کا پرچہ لیا جا رہا ہے۔ لاہور بورڈ کے تحت 921 امتحانی سنٹرز تشکیل دیئے گئے ہیں، 921 امتحانی سنٹرز میں ایک لاکھ 29 ہزار نگران عملہ تعینات کیا گیا، مجموعی طور پر 3 لاکھ 14 ہزار طلبا و طالبات نہم کا امتحان دیں گے۔ تمام امتحانی سنٹرز میں دفعہ 144 نافذ ہے، کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو امتحانی سنٹرز میں داخلے کی اجازت نہیں ہے۔ بورڈ حکام کا کہنا تھا کہ امتحانی مراکز میں بلیک لسٹ (بقیہ نمبر 11)

لاہور: خواتین عیدالفطر کی مناسبت سے انارکلی بازار سے جیولری خرید رہی ہیں۔

پتوکی، پھولنگر، چونیاں، قصور کے لیسکو نااہل افسران بجلی چوروں کے آگے بے بس

پتوکی (سٹاف رپورٹر) پتوکی، پھولنگر، چونیاں، قصور کے لیسکو نااہل افسران بجلی چوروں کے آگے بے بس ایک سال میں قصور میں 37 ارب 20 کروڑ 70 لاکھ روپے کی بجلی چوری لیسکو حکام قصور کے بجلی چوروں کے آگے بے بس ہو گئے شہریوں کا کرپٹ نااہل لیسکو افسران کو فوری طور پر نوکریوں سے برخاستگی کا مطالبہ۔ پاکستان کی سب سے بڑی پاور ڈسٹری بیوشن (بقیہ نمبر 6)

پتوکی سرکاری ہسپتال کے سامنے گر کر نوجوان بری طرح زخمی

پتوکی (سٹاف رپورٹر) پتوکی سرکاری ہسپتال کے سامنے گر کر نوجوان بری طرح زخمی ہسپتال منتقل۔ پتوکی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے سامنے بھائیکوٹ کا رہائشی موٹر سائیکل سوار علی حمزہ گر کر شدید زخمی ہوگیا جسے سیریس حالت میں ہسپتال پتوکی منتقل کر دیا گیا مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔

لاہور: یوای ٹی میں آرکیٹیکچر انڈرٹیم اور نیوٹیکنالوجی کا پائیدان پرار" کے موضوع پر ورکشاپ کے انتقام پر شرکاء کا وائس چانسلر ڈاکٹر شاہ منیر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

کراچی: ملیر ہالٹ پر واٹر ٹینکر کی ٹکر سے جاں بحق میاں بیوی اور نومولود کی نماز جنازہ ادا

نماز جنازہ کے موقع پر رقت آمیز مناظر، شہریوں کا ٹریفک حادثات پر شدید غم و غصے کا اظہار

کراچی (سٹاف رپورٹر) ملیر ہالٹ پر واٹر ٹینکر کی ٹکر سے جاں بحق ہونے والے میاں بیوی اور نومولود بچے کی نماز جنازہ ادا کی گئی بعد ازاں تینوں کو مقامی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ شاہ فیصل کالونی کے علاقے ناتھا گوٹھ کی مرکزی جامع مسجد میں ادا کی گئی، جس میں امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، رکن سندھ اسمبلی (بقیہ نمبر 9)

خیبر: باڑہ بازار میں ڈاکوؤں نے نجی بینک کو لوٹ لیا

واردات میں پانچ ڈاکو ملوث تھے، ایک کروڑ روپے لوٹ کر فرار ہوگئے، پولیس

خیبر (سٹاف رپورٹر) خیبر کے باڑہ بازار میں ڈاکوؤں نے نجی بینک کو لوٹ لیا اور ایک کروڑ روپے لے کر فرار ہوگئے۔ ڈی پی او رائے مظہر اقبال کے مطابق ڈکیتی کا یہ واقعہ منگل کی صبح 9 بجے پیش آیا، واردات میں پانچ ڈاکو ملوث تھے، جن میں سے ایک بینک کے باہر کھڑا رہا، جبکہ چار اندر داخل ہوئے اور بینک لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ڈکیتی کی تحقیقات جاری ہیں اور سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے ملزمان کی شناخت کی جارہی ہے۔ اب تک کسی قسم کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی، تاہم پولیس ملزمان کو جلد گرفتار کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔

پشاور زلمی اور ایم جی موٹر پاکستان کے درمیان پی ایس ایل سیزن 10 کے لیے شراکت داری کی تجدید

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان سپر لیگ کی مشہور فرنچائز پشاور زلمی نے پی ایس ایل سیزن 10 سے پہلے ایم جی موٹر پاکستان کے ساتھ اپنی شراکت داری کی تجدید کا اعلان کیا۔ اس شراکت داری کے تحت، ایم جی موٹر پاکستان کا لوگو پشاور زلمی کی کٹ پر نمایاں ہوگا۔ یہ تعاون دونوں تنظیموں کے مشترکہ وژن کو اجاگر کرتا ہے

سیکرٹری سپورٹس پنجاب کی زیر صدارت سرگودھا ڈویژن کی زیر تعمیر سپورٹس سکیموں کے حوالے سے اہم اجلاس

سرگودھا ڈویژن میں 15 سپورٹس سکیمیں تعمیر کی جارہی ہیں، سرگودھا کرکٹ سٹیڈیم کو اپ گریڈ کیا جارہا ہے، مظفر خان سیال

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب مظفر خان سیال کی زیر صدارت سرگودھا ڈویژن کی زیر تعمیر سپورٹس سکیموں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ منگل کے روز پنجاب سٹیڈیم میں ہونے والے اجلاس میں ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری، ایڈیشنل سیکرٹری میاں عثمان علی، ڈائریکٹر ایڈمن محمد کلیم، پی ڈی پی ایم یو قیصر رضا اور سیکشن آفیسر مرزا ندیم نے اجلاس میں شرکت کی۔ سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب مظفر خان سیال نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرگودھا ڈویژن میں 15 سپورٹس سکیمیں تعمیر کی جارہی ہیں، بھکر میں 4 میاں والی 2 خوشاب میں 2 ضلع سرگودھا میں 7 سپورٹس کمپلیکس اور گراؤنڈز تعمیر کیے جارہے ہیں، پنجاب کے پرانے سپورٹس کمپلیکس کی اپ گریڈیشن کی جارہی ہے

اب تک جو ہوا اسے چھوڑ دیں، ہمیں آگے چلنا چاہیے، زاہد خان

ایمل ولی کو سنجیدہ نہ لیں اگر سنجیدہ ہوتے تو ان کی پارٹی کا یہ حال نہ ہوتا، شوکت یوسفزئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) رہنما تحریک انصاف شوکت یوسفزئی کا کہنا ہے کہ ایمل ولی کو آپ اتنا سنجیدہ نہ لیں، اگر وہ سنجیدہ ہوتے تو ان کی پارٹی کا یہ حال نہ ہوتا، جہاں تک امن و امان کی صورت حال کا تعلق ہے اس وقت عوامی نیشنل پارٹی کے دور میں امن وامان کی جو صورتحال کا تعلق تھا، اس کے بعد تحریک انصاف کی گورنمنٹ آئی۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ایک ایسا افغانستان ہے کہ دہشت گردی کوئی بھی افورڈ نہیں کرسکتا اور نہ کوئی اپنے اوپر مسلط کر سکتا ہے۔ رہنما مسلم لیگ (ن) زاہد خان نے کہا کہ دیکھیں جی ایسا نہیں ہے جو کہہ رہے ہیں کہ مذاکرات ہوئے تھے اور مذاکرات میں ان کو فری ہینڈ ملا تھا یا ان کو آباد کرا دیا تھا،

یو ای ٹی لاہور میں ''مستقبل کی تعمیر کے تناظر میں آرکیٹیکچر انڈر سٹیم اور نیو ٹیکنالوجی کا پائیدار فن تعمیر پرار'' کے موضوع پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) وائس چانسلر یو ای ٹی لاہور ڈاکٹر شاہد منیر نے کہا ہے کہ بین الشعبہ جاتی تحقیق وقت کی اہم ضرورت ہے، آرکیٹیکچر میں نیو ٹیکنالوجی ایک ابھرتا ہوا میدان ہے

الہ آباد و گردونواح میں عیدالفطر سے پہلے ہی قصابوں کی لوٹ مار جاری

بڑا گوشت 1000 روپے اور 1200 روپے میں فروخت کرنے لگے

الہ آباد (نامہ نگار) الہ آباد و گردونواح میں عیدالفطر سے پہلے ہی قصابوں کی لوٹ مار جاری بڑا گوشت 1000 روپے اور 1200 روپے میں فروخت کرنے لگے پرائس کنٹرول مجسٹریٹ قصابوں کے آگے بے بس نظر آنے لگا تفصیل کے مطابق الہ آباد، تلونڈی، ارزانی پور، ذاکوٹ و دیگر گاؤں میں قصابوں نے عید سے پہلے ہی گوشت کے نرخوں میں بے پناہ اضافہ کر دیا 1200 روپے کلو تک گوشت فروخت کرنے لگے شہریوں سردار بھٹو تہاڑیہ چوہدری رشید سردار عمران قیصر احمد علی وغیرہ نے ڈپٹی کمشنر قصور اور اسسٹنٹ کمشنر چونیاں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 10)

رمضان اور قرآن، استحکام پاکستان کا ضامن اور آزادی کے محافظ ہیں، جے یو آئی

رمضان المبارک ہمیں اپنے احتساب کیساتھ ساتھ تحمل، صبر، رواداری، ایثار، قربانی کا درس دیتا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہتمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ رمضان اور قرآن، استحکام پاکستان کے ضامن اور آزادی کے محافظ ہیں، قرآن مجید کتاب ہدایت ہے جو رہتی دنیا تک اپنی نورانی کرنیں اقوام عالم میں بکھیرتی رہے گی، رمضان المبارک ہمیں اپنے احتساب کے ساتھ ساتھ تحمل، صبر، رواداری، ایثار، قربانی کا درس دیتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا کے گھر میں افطاری کا انتظام

نارووال (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا کے گھر میں افطاری کا انتظام کیا گیا جہاں ماڈل چلڈرن ہوم میں مقیم یتیم اور نادار بچے اور بچیاں، ڈی سی نارووال کے مہمان بنے۔ ڈی۔سی ہاس پہنچنے پر ڈی۔سی نارووال نے چلڈرن ہوم کے بچوں کا پرتپاک استقبال کیا

لاہور، دفاتر جانیوالوں کی ریکی کر کے وارداتیں کرنیوالے میاں بیوی گرفتار

گرفتار ملزم افتخار اور اس کی بیوی آمنہ ریکارڈ یافتہ ہیں، پولیس

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں چوری اور ڈکیتی کی 50 سے زائد وارداتیں کرنے والے میاں بیوی کو پولیس نے پکڑ لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم افتخار اور اس کی بیوی آمنہ ریکارڈ یافتہ ہیں، دونوں دفاتر جانے والے کی ریکی کر کے وارداتیں کرتے تھے جنہیں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ ملزمان ٹاؤن شپ اور گرین ٹاؤن سمیت مختلف علاقوں میں ڈکیتی اور چوری کی وارداتیں کیں۔ پولیس کے مطابق گرفتار کیے گئے جوڑے کو 6 سال قبل بھی پکڑا جا چکا ہے۔

لاہور: ڈپٹی کمشنر عمران علی شہر کے دورے کے دوران صفائی ستھرائی کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

رمضان ایثار، قربانی کا درس دیتا ہے، پروفیسر اسحاق میو

میو سٹوڈنٹس اتحاد کے ذمہ داران مبارکباد کے مستحق ہیں جنہوں نے گرینڈ افطاری کا اہتمام کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) میو سٹوڈنٹس اتحاد پنجاب یونیورسٹی کے چیئرمین شان میو، سی سی فہیم میو، ماحد میو، رضوان میو، طلحہ خان میو، عدنان میو و دیگر کی جانب سے گرینڈ افطاری کا اہتمام کیا گیا جس میں انجمن اتحاد ترقی میوات پاکستان کے سرپرست اعلی پروفیسر اسحاق میو، انجمن کے صدر چوہدری شہزاد جواہر، انجمن کے دیگر عہدیدار نے شرکت کی، پروفیسر اسحاق میو نے میو سٹوڈنٹس اتحاد پنجاب یونیورسٹی کے عہدیداروں کو گرینڈ افطاری کا اہتمام کرنے پر مبارکباد دی اور کہا کہ رمضان ایثار، قربانی کا درس دیتا ہے، رمضان المبارک ہمیں اپنے احتساب کیساتھ ساتھ تحمل، صبر، رواداری، ایثار، قربانی کا درس دیتا ہے، میو سٹوڈنٹس اتحاد کے ذمہ داران مبارکباد کے مستحق ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

Eid
MUBARAK
روزنامہ
قوت
لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

عید الفطر 2025 کے پر مسرت موقع پر روزنامہ ''قوت''، خصوصی اشاعت کا اہتمام کررہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 29 مارچ 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کردیں تاکہ اچھی کوریج دی جاسکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000 / 0300-4181870